اعظم، محمّد منوّر رقم : ۱۹۱۹ء کو لاہور میں پیدا ہوئے ۔ خطاطی کی تعلیم مولوی نورالدّین و عبدالمجید پروین رقم سے حاصل کی ۔ نسخ و نستعلیق کے استاد ہیں ۔ خط نسخ کی مشق سیّد محمّد اشرف علی صاحب سے کی ۔ ایوب خان مرحوم کے دورِ اقتدار میں سونے کے تاروں سے تیار شدہ قرآن کریم کی خطاطی آپ کے فن کا شاہکار ہے ۔ مختلف روزناموں سے منسلک رہے ہیں ۔ آج کل کتابت کرتے ہیں ۔ پتہ : ۲۰۵ ۔ ذوالقرنین چیمبر، گنپت روڈ، لاہور

اقبال محمّد : ۱۷ فروری ۱۹۶۰ء کو لاہور میں پیدا ہوئے ۔ مشہور خطاط محمّد شفیع انور سیالوی کے صاحبزادے ہیں ۔ خطاطی میں حافظ محمّد یوسف سدیدی کے تلمیذ ہیں اور ابھی تک مشق اصلاح میں ہیں ۔

پتہ : شعبہ کتابت، لاہور عجائب گھر

اکرام الحق، محمّد : ۱۹۴۱ء کو گکھڑ ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے ۔ صوفی خورشید عالم خورشید رقم سے خطاطی میں تعلیم حاصل کی ۔ خط نستعلیق جلی و خفی میں ماہر ہیں ۔ مختلف روزناموں میں کام کر چکے ہیں ۔ آج کل سعودی عرب میں ملازمت کے سلسلہ میں مقیم ہیں ۔ پتہ : پ ۔ م ۔ ن ۔ ھ سعودی عرب

امین خان کاشمیری، محمّد : مارچ ۱۹۲۶ء کو لاہور میں پیدا ہوئے ۔ خطاطی میں منشی فضل الٰہی المعروف بولا کاتب (تلمیذ عبدالمجید پروین رقم) سے تعلیم حاصل کی ۔ زیادہ تر خطِ نستعلیق و نسخ میں لکھتے ہیں ۔ پاکستان ویسٹرن ریلوے کے پہلے اردو ٹائم ٹیبل کی کتابت کی ۔ کچھ عرصہ ہفت روزہ لیل و نہار لاہور سے منسلک رہے ۔ عجائب گھر لاہور کی پاکستان گیلری میں آپ کے کئی ایک شاہکار کتابت کی صورت میں آویزاں ہیں ۔ خطاطی میں ڈیزائن اور نقش نگاری بھی کرتے ہیں ۔ آج کل کتابت کا کام کرتے ہیں ۔ پتہ : مکان نمبر اے/۱۳۱ ۔ بلاک نمبر ۲، کریم پارک راوی روڈ، لاہور

انور حسین : ۱۹۴۴ء میں موضع بھکرہ ضلع گورداسپور (بھارت) میں پیدا ہوئے ۔ خطاطی کی تعلیم سیّد انور حسین نفیس رقم سے حاصل کی ۔ خط نستعلیق میں مہارت رکھتے ہیں ۔ روزنامہ کوہستان و مساوات سے منسلک رہے ہیں ۔ اور دیگر مؤخر جریدوں کی سرخیاں لکھنے پر مامور رہے ہیں ۔ ۱۹۷۶ء میں پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام خط نستعلیق میں دوسرا انعام اور ۱۹۷۷ء میں اوّل انعام حاصل کیا ۔ پتہ : ۴۲۷ گ ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد

خطّاط و مصوّر خطّاط

ابن پروین رقم، محمد اقبال مرحوم: آپ عبدالمجید پروین رقم کے صاحبزادے ہیں۔ خطاطی میں تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ خطِ نستعلیق میں خصوصی مہارت کے حامل تھے۔ مزار علامہ اقبال۔ مینارِ پاکستان پر چند کتبات اور لاہور کے عجائب گھر میں خطِ معکوس میں "بسم اللہ" آپ کے فن کے شاہکار ہیں۔ آپ کا ۱۹۷۶ء میں انتقال ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

ابنِ کلیم: اصل نام محمد اقبال خان احسن نظامی ہے۔ ۱۹۴۶ء میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم کے ساتھ حافظِ قرآن بھی ہیں۔ خطاطی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم مخدوم محمد حسن خان کلیم رقم سے حاصل کی۔ آپ نے خطِ رعنا کے نام سے ایک نئے خط کی طرح بھی ڈالی ہے۔ مختلف طرزوں میں مہارت رکھتے ہیں۔ آپ نے ملتان میں ادارہ "دبستان فروغِ خطاطی" قائم کر رکھا ہے۔ پتہ: کلیم آرٹ پریس، ملتان

اسلم کمال: ۲۳ جنوری ۱۹۳۱ء کو پیدا ہوئے۔ بی اے تک تعلیم حاصل کی۔ بنیادی طور پر ٹائیٹل ڈیزائنر ہیں مصوّر خطاطی میں خاص مہارت رکھتے ہیں۔ کلامِ اقبال کی مصوّری میں مقبولیت حاصل ہوئی جس کی بناء پر مصوّرِ اقبال بھی کہلاتے ہیں۔ ملکی و غیر ملکی کئی نمائشوں میں حصّہ لیا اور انعامات حاصل کیے۔ آج کل علامہ اقبال میوزیم سے

نوٹ: ۱۔ جن صاحب کے حالاتِ زندگی میسّر نہیں ہیں وہاں پر (ح۔ز۔م۔ن۔ھ) کے مخفف الفاظ موجود ہیں۔

۲۔ جن صاحب کا پتہ معلوم نہیں ہوسکا وہاں پر (پ۔م۔ن۔ھ) کے مخفف الفاظ موجود ہیں۔

نمائش
میں
حصّہ لینے والے خطاط، مصوّر خطاط اور دستکاروں
کا
مختصر تعارف

بھی زیرِ غور ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ اساتذہ فنِ خطاطی اور مستحق محقق اس سہولت سے محروم رکھے جائیں۔

مجھے یہ جان کر بڑی مسرت ہوئی ہے کہ لاہور عجائب گھر کی انتظامیہ نے فن خطاطی کی ایک علیحدہ مستقل گیلری کے قیام کے لیے ایک علیحدہ ہال مختص کر کے اس میں کام شروع کر دیا ہے۔ میں میوزیم انتظامیہ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر اس سلسلے میں حکومتِ پاکستان ان کی کوئی مدد کر سکتی ہے تو ہمیں اس قومی کام میں حصّہ لے کر طمانیت و خوشی ہوگی۔

خواتین و حضرات! میں ایک دفعہ پھر آپ کو اور خطاط اور آرٹسٹ حضرات کو حکومتِ پاکستان کی طرف سے فنِ خطاطی کی ترقی و ترویج کے سلسلے میں ہر ممکنہ امداد کا یقین دلاتا ہوں۔ پندرھویں صدی ہجری کا آغاز ہو چکا ہے۔ ہمیں پچھلی صدی میں ہو گئی یا کی گئی کوتاہیوں پر متاسف ہونے کی بجائے نئی صدی کا آغاز ایک نئے ولولے اور نئے جذبہ سے کرنا چاہیے۔ لاہور عجائب گھر نے فنِ خطّاطی کی یہ بیش بہا قیمتی نمائش کا انتظام کر کے ایک نیک کام کا آغاز کر دیا ہے۔ میں ملک کے نامور خطاطین اور مشہور آرٹسٹوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے فنِ خطّاطی کے نادر نمونے لاہور عجائب گھر کو عطیہ کے طور پر دیں تاکہ یہ ادارہ صرف تاریخی خطّاطی کے نمونوں کا گہوارا نہ بنے بلکہ اس میں عصرِ حاضر کی خطّاطی کے بیش قیمت نمونے بھی محفوظ ہوں۔ ان گذارشات کے بعد میں آپ سب لوگوں کو دعوت دیتا ہوں کہ اس نمائش سے لطف اندوز ہوں اور ماضی و حال اور قدیم و جدید کو ایک جا دیکھیں۔ شکریہ۔

عیاں کرنا مقصود ہے۔ آج کی اس محفل میں اس فن کے بڑے بڑے اساتذہ کرام اور فن کی باریکیوں کو مجھ سے بہتر سمجھنے والے موجود ہیں۔ ان چند معروضات سے میرا مقصد صرف یہ بیان کرنا تھا کہ اسلامی فنِ خطّاطی میں اہل پاکستان کی دیرینہ اور بیش بہا خدمات ہیں۔ پاکستان کے فن کاروں نے اس فن کو صرف اپنے خیالات کے اظہار کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ اسے ایک مقدس فن سمجھ کر اپنے خُون دِل سے اسکی آبیاری کی ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد خطّاط حضرات اور فن کاروں نے بالخصوص اس فن کی ترقی و ترویج کی طرف خاص توجہ دی ہے۔ اس میدان میں اب تو صرف پیشہ ور خطّاط اور خوشنویس ہی نہیں بلکہ بہت سے ہمعصر مصوّر بھی مُسلم خطّاطی سے مسحور ہو کر اپنے شہ پاروں میں نئے رنگ و نور بھرنے کے لیے اس میدان میں آ کُودے ہیں۔ اگر میرے اس دعویٰ پر کسی کو شک ہو تو وہ لاہور عجائب گھر میں آج کی نمائش دیکھ لے جہاں جناب حافظ محمد یوسف سدیدی صاحب، صادقین، جناب سیّد انور حسین نفیس رقم اور اسلم کمال وغیرہ کے شہ پارے ایک ہی مقصدِ حیات کا اظہار کرنے کے لیے ایک دوسرے کے شانہ بشانہ نمائش میں موجود ہیں۔

یہ مقامِ افسوس ہے کہ پچھلی حکومتیں مُسلمانوں کے اس عظیم فن کی ترقی و ترویج کی طرف سے غافل رہی ہیں۔ اس غفلت میں سابقہ حکومتوں کے ساتھ اس ملک کی وہ بے شمار ادبی، ثقافتی اور فنّی مجالس بھی برابر کی شریک ہیں جو چند مخصوص فنون کی ترقی کے لیے تو پیسہ پانی کی طرح بہاتی رہیں لیکن مسلمانوں کے اس عظیم ورثہ کی طرف سے چشم پوشی برتتی رہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! آج کی حکومت کو اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کا پوری طرح احساس ہے۔ حکومت علم ثقافت کے اس عظیم فن کی احیاء اور بقاء، اس کی ترقی و ترویج اور اس کے نادر آثاثوں کو اگلی نسلوں تک بحفاظت پہنچانا اپنا خوشگوار فریضہ سمجھتی ہے۔ اس کے لائحہ عمل میں فن کاروں اور خطّاطوں کی بہبود اور اُن کے پیشہ کی حرمت اور حفاظت ثقافتی پروگراموں کی ایک اہم کڑی ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لیے خطّاطی کی اکیڈمی کے قیام کا فیصلہ ہو چکا ہے اور جلد ہی اس پر عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔ خطّاطی اکیڈمی کے پروگرام میں یہ بات بھی شامل ہوگی کہ فنِ خطّاطی کے نادر نمونوں پر مشتمل خطّاطی کا ایک عظیم الشان میوزیم بھی قائم ہو۔ مَیں ڈائریکٹر لاہور عجائب گھر کی اس تجویز سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ مُلک کے ہر بڑے عجائب گھر میں خطّاطی کا ایک علیحدہ سیکشن یا گیلری کا قیام ضروری ہے۔ پاکستان کے قومی عجائب گھر میں بھی اسلامی خطّاطی کی ایک علیحدہ گیلری کا قیام بھی از حد ضروری ہے۔ یہ گیلری وہاں بہت پہلے قائم ہو جانی چاہیئے تھی۔ اس سلسلے میں جلد ہی مناسب ہدایات متعلقہ محکمہ کو بھیج دی جائیں گی۔

حکومت کو خطّاطی کی برتری و بہبود کا پوری طرح احساس۔ جہاں تک مِلّی اعزازات کا تعلق ہے اس میں خطّاط حضرات یقیناً شامل ہیں۔ بہر حال آئندہ اس بات کا ضرور خیال رکھا جائے گا۔ خطّاطوں پر ملک سے باہر نمائشوں اور ٹریننگ کے لیے بھیجنے کی تجویز

اور اس کی پاکیزگی کی بُنیاد رکھ دی ہے ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ، مُسلمان آج تک اس سبق کو نہیں بھُولے ۔ دیگر مذاہب کے ماننے والے تو جب اپنے اصل مرکز سے دُور ہٹے وہ اپنے مذہب کی اصل زبان اور اس زبان کا رسم الخط قائم و دائم نہ رکھ سکے ۔ یہ طرۂ امتیاز صرف اور صرف مُسلمانوں کا ہے کہ وہ جہاں کہیں بھی گئے اپنی زبان اور اپنی تحریر یعنی فنِ خطاطی کو اپنے ساتھ لے کر گئے ۔ مبلّغینِ اسلام نے جہاں پر مقامی زبانوں کو تبلیغِ اسلام کا ذریعہ بنایا وہاں مسلمانانِ عالم کے درمیان ایک مرکزیّت ، ایک یگانگت اور ہم مذہب ہونے کا احساس دلانے کے لیے عربی تعلیم اور رسم الخط کا جاننا بھی ہر مُسلمان کے لیے لازمی قرار دیا ۔ یہی وجہ ہے کہ دُنیا کے ہر خطّہ میں جہاں جہاں بھی مقامی لوگ مُسلمان ہوئے اُنہوں نے اسلامی خط کو اپنے اپنے مخصوص ذوقِ جمال کے مطابق مخصوص دائروں اور خطوط کی اشکال میں ڈھالا ۔ چنانچہ آج اسلامی فنِ خطّاطی صرف مسلمانوں کے ذوقِ جمال کی ہی ترجمانی نہیں کرتا بلکہ اپنی ہئیت ، مواد اور ابلاغ کے لحاظ سے یہ ایک ایسا فن ہے ، جو رُوحِ اسلام سے ہی نہیں بلکہ رُوحِ انسانیت سے بھی پُوری طرح ہم آہنگ ہے اور اسے دُنیا کے ہر خطّہ ، ہر قوم اور ہر طبقۂ فکر کے لوگوں نے سراہا ہے ۔

یہ اسلامی فنِ خطاطی ہی ہے جس نے عرب اور عجم کی خلیج کو پاٹ رکھا ہے ۔ یہ تو ہم سب جانتے ہیں کہ اسلامی فنِ خطّاطی خط نبطی کی بنیادوں پر استوار ہو کر خطِ حمیری اور حیرہ کے مدارج سے گزر کر خطِ کوفی کی شکل میں باقاعدہ ایک فن بن کر اُبھرا ۔ ابوالاسود دوئلی ، ابنِ مقلہ ، ابن بواب اور یاقوت المستعصمی نے اس کی مزید نوک پلک درست کر کے اسے ایک عملی رسم الخط کے طور پر پروان چڑھایا جہاں یہ خط ، خطِ نسخ کہلایا اور جب یہ خط سرزمینِ عجم میں پہنچا تو ایرانیوں نے نسخ اور پہلوی خط سے پیدا شدہ خط تعلیق کے ملاپ سے خطِ نستعلیق جیسا متنوع اور خوبصورت خط پیدا کیا ۔ برصغیر پاک و ہند کے مُسلمان ان ہر سہ رسم الخطوط کے وارث بنے اور حق تو یہ ہے کہ اُنہوں نے اس کا خوب حق ادا کیا ۔

یوں تو سرزمینِ پاکستان و ہند میں اسلامی فنِ خطّاطی کی ابتدا اوائل زمانہ اسلام ہی سے ہو گئی تھی ۔ بھنبھور اور ٹوچی وادی کے سنگی کتبے اور منصورہ کی مسجد سے ملنے والے جلے ہوئے قرآنی اوراق اس بات کے واضح ثبوت ہیں ۔ مُغلوں کی آمد کے بعد اسلامی خطّاطی کا فیلڈ بہت وسیع اور متنوع ہو گیا ۔ کئی نئے خطوط ایجاد ہوئے اور فنِ خطّاطی کے کئی جلیل القدر اساتذہ فن نے فنِ خطّاطی کو جِلا بخشی اور اس ملک میں اس فن کی عمارات کی ایک مستقل بُنیاد رکھ دی ۔

خواتین وحضرات ! میرا مقصد فنِ خطّاطی کی تاریخ دہرانا نہیں اور نہ ہی اس فن کے حُسن کو آپ پر

خطبۂ صدارت ☆

میرے لیے یہ مقام انتہائی مسرت و عزت کا باعث ہے کہ مجھے آج ایک ایسی نمائش کا افتتاح کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ جسے ملک کے نامور اساتذہ اور مشہور خطاطوں، خوشنویسوں اور آرٹسٹوں کے شہ پاروں سے سجایا گیا ہے۔ فنِ خطاطی کی سرپرستی، اس کی حفاظت اور نمائش کے سلسلے میں لاہور عجائب گھر کی خدمات قابل ستائش ہیں بلکہ اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ ملک بھر میں صرف یہی ایک ثقافتی ادارہ ہے جو ایک مثبت پالیسی کے تحت فنِ خطاطی کی باقاعدہ خدمت کر رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب استقبال پندرھویں صدی ہجری کی تقریبات کی تیاریاں ہونے لگیں تو خطاطی کی نمائش کے انتظام و انصرام کے لیے ہمیں لاہور عجائب گھر سے بہتر کوئی اور متبادل جگہ نظر نہ آئی۔ مجھے خوشی ہے کہ لاہور عجائب گھر کی انتظامیہ نے اپنے ہی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک اتنی بڑی اور خوبصورت نمائش کا انتظام عین پروگرام کے مطابق کر کے ایک بار پھر فنِ خطاطی سے اپنی محبت اور خطاط اور فن کار حضرات سے عقیدت اور وابستگی کا عملی اظہار کر دکھایا ہے۔ اس کے لیے لاہور عجائب گھر کی انتظامیہ یقیناً مبارک باد کی مستحق ہے۔

قرآنِ کریم میں ارشادِ ربانی ہے:-

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝

یعنی "پڑھ اور تیرا پروردگار بہت کرم کرنے والا ہے جس نے سکھایا ساتھ قلم کے سکھایا آدمی کو جو کچھ نہیں جانتا تھا۔"

چنانچہ قرآنی تعلیمات کی بنیاد ہی پڑھنے اور لکھنے سے پڑی، اسی نسبت سے اسلامی فن خطاطی کو اسلام کا قدیم ترین فن کہا جاتا ہے۔ قرآنِ کریم نے علم اور قلم کا ایک جگہ ذکر کر کے علم کو ضبطِ تحریر میں لانے پر ہی زور نہیں دیا بلکہ اس فن کی اہمیت

☆ جناب عزت مآب میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد حامد صاحب نے یہ خطبہ صدارت فرمایا۔

ذاتی طور پر ان احباب کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس نمائش کو خوبصورت اور کامیاب بنانے میں مدد کی۔ میرے عملے کے ہر سٹاف ممبر نے بڑھ چڑھ کر اس کام میں حصّہ لیا ہے اور شبانہ روز محنت کی ہے۔ اس موقع پر ان کی خدمات کا اعتراف نہ کرنا سراسر زیادتی ہوگی۔ لیکن مَیں اپنے فرض میں کوتاہی برتوں گا۔ اگر اس موقع پر مَیں طارق مسعود (ریسرچ آفیسر) انچارج اسلامی گیلری کا شکریہ ادا نہ کروں۔ اس نمائش کی تمام تر پلاننگ، کولیکشن اور پھر نمائش (EXHIBITION) کی تمام تر ذمّہ داری انہی کے سر پر تھی۔ یہ کام اُن کے لیے نیا بھی تھا اور مشکل بھی لیکن جس حوصلے، لگن اور یکسوئی سے اُنہوں نے اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا، اس کے لیے مَیں ان کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔

لاہور عجائب گھر کی تمام تر اچھی سرگرمیوں کی ذمہ دار ایک ہستی ہے جو ہمیشہ پس پردہ رہتی ہے۔ اس نمائش کی کہانی بھی ان کے ذکر کے بغیر ممکن نہیں اور وہ ہیں جناب بی۔اے قریشی صاحب چیئرمین لاہور میوزیم۔ دیگر فنون کے ساتھ ساتھ اسلامی فنِ خطّاطی کے ساتھ آپ کی محبّت بہت پُرانی اور گہری ہے۔ آپ نے ہمیشہ خطّاطوں، خوشنویسوں اور مصوّر خطّاطوں کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا اور ہر آڑے وقت میں ان کے کام آئے۔ لاہور میوزیم میں خطّاطی کا ایک عظیم ذخیرہ جمع کرنے اور اس کے لیے ایک علیحدہ سیکشن اور ایک جدا گیلری کا قیام محض اور محض آپ کی ذاتی دِلچسپی اور رہنمائی کا نتیجہ ہیں۔ آپ ہی کی مہربانیوں کی وجہ سے ہمیں خطاطی کے ذخائر اکٹھے کرنے میں اور ان کی نمائشیں کروانے میں کبھی مالی دشواریوں کا احساس نہیں ہوا۔

اور آخر میں جناب عالی! مَیں اپنی اور اپنے رفقائے کار کی طرف سے ایک بار پھر تہ دِل سے آپ کی تشریف آوری اور عزّت افزائی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس نمائش کا افتتاح اپنے دستِ مُبارک سے فرمائیں۔ شکریہ

ذریعے ہم نے عوام کو اپنے ملک کے فن پاروں اور فن کاروں کو سمجھنے، پرکھنے اور اُن کی قدر کرنے کی تعلیم بھی دی ہے۔ یہ آپ لوگوں کی دِل چسپی اور سرپرستی ہی کا نتیجہ ہے کہ آج لاہور عجائب گھر میں چھوٹی تصویروں (MINIATURE PAINTINGS) کا ایک نایاب ذخیرہ ہے جو دُنیا بھر میں مشہور ہے اسی طرح لاہور عجائب گھر ہی وہ واحد ادارہ ہے جس کے پاس ماڈرن تصویروں کا ایک قابلِ قدر ذخیرہ اور اُن کی نمائش کی دو مستقل گیلریاں ہیں۔

جناب عالی! فنونِ لطیفہ میں ہماری دِل چسپی صرف فن تصویر کشی و منظر کشی یعنی (PAINTING) تک ہی محدود نہیں ہم اسلامی خطّاطی کو بھی ایک اہم فن سمجھتے ہوئے شروع سے ہی پاکستان میں فن خطّاطی کی ترقی اور ترویج میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے رہے ہیں اور اس ملک کے خطّاطین، کاتبوں اور خوشنویسوں کو اجتماعی اور جہاں جہاں ممکن ہُوا، انفرادی طور پر اپنے شہ پاروں کی نمائش کا ہر ممکن موقع فراہم کرتے رہے ہیں۔ اپنے وسائل کی کم مائیگی کے باوجود ہم نے خطّاطی کا ایک بیش بہا ذخیرہ اکٹھا کر کے محفوظ کر لیا ہے۔ ان میں دورِ مغلیہ کے خطّاطوں کے نمونہ جات کا ایک نادر البم، بے شمار قلمی کتب اور قدیم و جدید خطّاطی کے بیش بہا نمونے شامل ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ چھوٹی تصویروں اور ماڈرن آرٹ کے ذخائر کی طرح خطّاطی کے اس ذخیرے کو جمع کرنے کا فخر بھی ملک بھر میں صرف لاہور عجائب گھر کو ہی نصیب ہُوا ہے۔ عصرِ حاضر کی خطّاطیوں کے نمونے حاصل کرنے میں ہمیں ملک بھر کے خطّاطوں اور فن کاروں کا ہمیشہ بھرپور تعاون حاصل رہا ہے۔ ۱۹۷۹ء میں ایوانِ خطّاطانِ پاکستان اور اُن کے اراکین کے تعاون سے ہم اس عجائب گھر میں خطّاطی کا ایک چھوٹا سا سیکشن کھولنے میں کامیاب ہوئے تھے۔ اب اس سیکشن کو ایک باقاعدہ گیلری کا درجہ دیا جا رہا ہے۔ کام جاری ہے اور اِنشاءاللہ العزیز آپ جلد ہی اس عجائب گھر میں اسلامی خطّاطی اور قلمی کتاب کے نایاب نمونہ جات کو ایک نئی گیلری میں دیکھ سکیں گے۔ یہ نئی گیلری ہمارے شوق کا ایک امتحان اور آپ لوگوں کے تعاون کی ایک مثال ہوگی اور اِنشاءاللہ حسبِ سابق ہم آپ کو مایوس نہیں کریں گے۔

جناب عالی مرتبت! آج کی نمائش پاکستان میں منعقد ہونے والی خطّاطی کی نمائشوں میں سب سے بڑی نمائش ہے، اس میں ملک بھر کے ۱۰۲ فن کاروں (۷۵ خطاطوں اور خوشنویسوں اور ۲۷ آرٹسٹوں) نے کل ڈھائی سو کے قریب فن پارے ہمیں بھیجے دست کاریوں کے نمونے ان کے علاوہ ہیں۔ مَیں اِن تمام احباب کا شکریہ ادا کرنا اپنا خوشگوار فرض سمجھتا ہوں جنہوں نے اپنے بیش بہا قیمتی فن پارے ہمیں دے کر اس نمائش کو خوب سے خوب تر بنانے میں ہماری مدد کی، بالخصوص لاہور میں مقیم خطاطوں اور آرٹسٹوں کا ہمیں بھرپور تعاون حاصل رہا ہے۔ ان کا فن، ان کا علم اور ان کی علمی مدد ہمیشہ ہمارے شاملِ حال رہی ہے۔ ادارہ اور مَیں خود

تاریخی مقام پر پرکھنے کے لیے یہ قدم انتہائی اہم ہے اور اس کے لیے فن کاروں کو مزید ریاض کی ضرورت ہوگی۔

جنابِ عالی! تاریخ و ثقافت اور فن میں آپ کی گہری دلچسپی کسی سے پوشیدہ نہیں۔ خوش قسمتی سے وزارت ثقافت کا قلمدان بھی آپ کے ہاتھ میں ہے اور آپ ہی اس فن کے نوشتہ تقدیر بھی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ دیگر ثقافتی پہلوؤں کے ساتھ فنِ خطاطی کی ترقی و ترویج کیلئے ضرور بہ ضرور کوئی ٹھوس اقدام اُٹھائیں گے۔ کیونکہ حکومت نے اس معاملے میں خاص دِلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ میرے لیے یہ ایک مناسب موقع ہے کہ اس سلسلے میں کچھ معروضات آپ کی خدمت میں پیش کروں۔ مثلاً

- ملک میں خطاطی اکیڈمی کا قیام جلد سے جلد عمل میں لایا جائے جس میں دیگر شعبوں کے علاوہ ایک ریسرچ سیل بھی ہو۔
- اسلامی خطاطی کا ایک علیحدہ میوزیم قائم کیا جائے جس میں قدیم و جدید خطاطی کے نادر نمونے البم اور نادر قلمی کتب اکٹھی کی جائیں۔
- لاہور عجائب گھر کی طرز پر پاکستان کے نیشنل میوزیم میں اسلامی خطاطی کی گیلری کا قیام لازمی قرار دیا جائے اور دیگر عجائب گھروں کو بھی ترغیب دی جائے کہ وہ اپنے ہاں خطاطی کے سیکشن یا گیلریاں کھولیں۔
- خطاطوں کو فن کار یا آرٹسٹ کا درجہ دیا جائے اور دیگر آرٹسٹوں کی طرح حکومت کی سرپرستی میں مستند اور مستحق خطاطین کو دیگر بیرونی ممالک میں اپنے فن پاروں کی نمائش کے مواقع فراہم کیے جائیں۔
- نوجوانوں اور ہونہار خطاطوں کو خطاطی پر مزید تحقیق کے لیے بیرون ممالک وظائف دیئے جائیں۔
- دیگر فنون کے ساتھ ساتھ خطاطی کے میدان میں نمایاں کام کرنے والے فن کاروں کو بھی قومی و ملی اعزازات سے نوازا جائے۔
- ملک میں جہاں جہاں تعلیمی اداروں میں اسلامی تاریخ ثقافت و آرکیالوجی اور فنونِ لطیفہ کی تعلیم و تدریس کا انتظام ہے وہاں اسلامی خطاطی کو بھی کورس کے طور پر شامل کیا جائے۔
- حکومت عمارتی خطاطی (MONUMENTAL CALLIGRAPHY) کو بھی مروّج و مشہور کرنے میں ضروری اقدام اٹھائے۔

جنابِ عالی مقام! لاہور عجائب گھر اس ملک کا سب سے بڑا اور قدیم ترین ثقافتی ادارہ ہے اور اس ملک کے اندر فنونِ لطیفہ اور اس کی ترقی و ترویج کے سلسلہ میں اپنی ذمہ داریوں کا ہمیں بخوبی احساس ہے۔ لاہور عجائب گھر کو ہمیشہ یہ فخر حاصل رہا ہے کہ اس نے اس ملک میں فنونِ لطیفہ کی ترقی و ترویج میں اپنے قلیل وسائل کے باوجود بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا ہے۔ اس سلسلے میں ہماری دلچسپی صرف اچھے اور نادر فن پاروں کے حصول اور ان کی حفاظت تک ہی محدود نہیں بلکہ گاہے بگاہے تازہ بہ تازہ فن پاروں کی کئی نمائشیں منعقد کر کے نہ صرف فن کاروں کو اجتماعی اور انفرادی طور پر متعارف کرا دیا ہے بلکہ ان نمائشوں کے

(MINOR ARTS) میں ہوتا ہے لیکن اسلامی تاریخ اور روایات و اقدار میں بلاشبہ اسلامی فنون کی فہرست میں خطاطی سب سے قدیم، مقدّس اور بڑا فن متصوّر ہوتا ہے۔ بلکہ تمام فنونِ اسلامی میں خطاطی ہی کو ایک مقدّس فن کا درجہ دیا جا سکتا ہے۔ دُنیا بھر میں رسم الخطوط میں صرف اِسلامی خطاطی کو ہی تقدس کا ایک مقام حاصل ہے۔ جو جاذبیت اور تنوع اسلامی خطاطی اور اس کی بیشمار طرزوں میں ہے وہ دُنیا کے کسی اور خط کو حاصل نہیں۔ اس خط کو لکھنے والوں نے ہمیشہ خونِ دِل میں اُنگلیاں ڈبو کر اس فن کی آبیاری کی ہے۔ بڑے بڑے عظیم المرتبت شہنشاہوں، نوابوں، راجاؤں، مہاراجوں اور شہزادوں نے اس فن کو سیکھنا اپنے لیے باعثِ فخر سمجھا ہے۔ بعض شاہانِ وقت تو اپنے دَور کے نامور خطّاط کہلاتے تھے مثلاً سُلطان ناصر الدین محمود، اورنگزیب عالمگیر اور بہادر شاہ ظفر۔

جنابِ عالی! ہماری تاریخ گواہ ہے کہ ہمارے خطّاط حضرات نے خطاطی کی بطور فن خدمت کی ہے۔ ہر مسلم حکومتِ وقت نے خطاطین کی قدر و منزلت کی ہے۔ یہی وجہ تھی کہ خطّاط اور فن کار فکرِ معاش سے بے نیاز ہو کر اس فن کی خدمت میں جُٹے رہتے تھے لیکن آج کل کے مشینی دَور میں جب حکومتی سرپرستی ختم ہو گئی ہے خطّاط حضرات اس فن کو بطور پیشہ اپنانے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ لیکن داد دیجئے اُن کے حوصلوں اور جذبوں کی کہ پیشہ ور کاتب بن جانے کے باوجود اُنہوں نے اس فن کی تقدیس کو مجروح نہیں ہونے دیا۔ لیکن جس تیزی سے ہم مشینی دَور میں داخل ہو رہے ہیں اور جس برق رفتاری سے "ٹائپ" طباعت میں داخل ہو رہی ہے۔ اس سے خطاطوں اور خوشنویسوں کے ساتھ ساتھ خود خطاطی کا مستقبل بھی خطرے میں نظر آ رہا ہے۔ برصغیر میں خطاطی پر ایک بار پہلے بھی بھاری وقت آن پڑا تھا۔ جب فورٹ ولیم کالج والوں نے نسخ ٹائپ پرنٹنگ پریس کا اجراء کیا تھا اس وقت تو نستعلیق کی مقبولیت نے اس فن کو ایک کاری ضرب سے بچا لیا تھا لیکن اب جب کہ نستعلیق ٹائپ رائٹر بھی ایجاد ہو چکا ہے فنِ خطاطی کے متوالے اور اسے چاہنے والے ایک بار پھر متفکّر ہو گئے ہیں۔

جنابِ عالی! جہاں حکومتِ وقت کا یہ فرض ہے کہ مستقبل قریب میں خطاطوں کو پیش آنے والی مشکلات کے پیشِ نظر ابھی سے اُن کے لیے متبادل ذریعہ معاش ڈھونڈ رکھے وہاں خطاطوں خوشنویسوں اور اس فن کے پرستاروں اور وزارت ثقافت اور اس سے ملحقہ، متعلقہ اداروں کے اربابِ بست و کشاد کا بھی فرض ہے کہ وہ دیکھیں کہ اس عظیم اور مقدّس فن کی بقا اور مزید ترقی و ترویج کے لیے کیا کیا جانا چاہیئے۔ کمرشلزم اور ٹائپ پرنٹنگ کے اس دَور میں اب یہ انتہائی لازم ہو گیا ہے کہ خطّاط حضرات خطاطی کو محض کمرشل آرٹ کے طور پر نہ اپنائیں۔ اس خط کو اگر زندہ و جاوید رکھنا ہے تو اس کی صرف ایک ہی صورت ہے وہ یہ کہ خطاطی میں کمرشلزم کے ساتھ تخلیقی قوتیں بھی کارفرما ہوں اور اس کے نئے نئے راستے استوار کیے جائیں۔ اسلامی خطّاطی کو فن کے اپنے

مصوّرانہ خطاطی بھی کہا جاتا ہے) کا تنوع اور رنگارنگی بھی پیش کرتی ہے۔ اسلامی خطاطی کبھی بھی ایک جامد فن نہیں رہا، اس میں ہمیشہ تجربات ہوتے رہے ہیں۔ نئے نئے اسلوب دریافت ہوئے اور نئی نئی طرزیں ایجاد ہوئیں۔ نئے اُفق کی اسی جستجو نے اسلامی خطاطی کو وہ مقام دیا جو دُنیا کے کسی رسم الخط کو نصیب نہیں ہو سکا۔ خوش قسمتی سے پاکستان میں یہ تجربات اب بھی جاری ہیں۔ بلکہ جس شدّ و مد سے نئے تجربات اب ہو رہے ہیں وہ پہلے کبھی نہیں ہوئے۔ خوشی کی بات تو یہ ہے کہ جس فن کو پہلے پیشہ ور کاتبوں اور خوشنویسوں تک محدود سمجھا جاتا تھا، اب اس میدان میں باقاعدہ فنکار یا آرٹسٹ حضرات بھی اتر آئے ہیں۔ ان میں سے چند ایک نے خوبصورت اور کامیاب تجربات بھی کیے ہیں۔ بلاشبہ کامیابی انہی کے حصّے میں آئی ہے جنہوں نے مصوّر خطاطی کو موسمی پھل سمجھ کر اپنی جھولی میں نہیں سمیٹا اور نہ ہی اسے مالِ تجارت سمجھ کر منڈی میں سجایا ہے بلکہ فنِ کتابت اور پینٹنگ کی پیوند کاری سے پروان چڑھنے والے اس نوخیز پودے کی سالہا سال سے اپنے خونِ دِل سے آبیاری کی ہے۔ ہمیں ان کی ریاضت اور قربانیوں کی قدر کرنا ہو گی۔ مصوّر خطاطوں کا مقصد اُن عظیم خطّاطین سے جنہوں نے صدیوں سے اس فن کو سینے سے لگا رکھا ہے، ان کا جائز مقام چھیننا نہیں بلکہ ٹائپ پر نٹنگ کی وجہ سے خطاطی کے جو راستے مسدود و محدود ہوتے جا رہے ہیں ان سے متوقع پیش آمد نتائج کی روشنی میں خطّاطی کی بقا کے نئے راستے تلاش کرنا ہے۔ بدقسمتی سے آج تک خطاطی میں اِن دو متفرق رجحانات کو یکجا کر کے دیکھنے، پرکھنے اور سمجھنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ ہم نے آج کی نمائش کے ذریعے ان سب کو اکٹھا کر دیا ہے۔ اُمید ہے کہ ہماری اس کوشش کے نتیجے میں فن پاروں کے ساتھ ساتھ فن کار خطّاط اور آرٹسٹ حضرات بھی ایک دوسرے کے قریب آئیں گے اور ایک دوسرے کے مطمعِ نظر کو ہمدردی سے سمجھنے کی کوشش کریں گے۔ اگر ہم اس جذبے سے مِل بیٹھیں تو کوئی وجہ نہیں کہ پاکستان میں خطّاطی کا مستقبل روشن اور تابناک نہ ہو۔

آج کی نمائش سے ہمارا مقصد کاغذ اور قلم اور برش اور رنگ کا موازنہ کرنا نہیں بلکہ ہمارا مدعا صرف اسلامی خطاطی کو اپنی موجودہ شکل و صورت یا ہیئت میں پیش کرنا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس موقعہ پر ہم اُن لوگوں کو بھی نہیں بھولے جن کو عام طور پر دستکار یا (کرافٹس مین) کہہ کر فن کی دُنیا سے خارج کر دیا جاتا ہے۔ اس نمائش میں ایک چھوٹا سا حصّہ دستکاریوں کے ان نمونوں پر مشتمل ہے جن پر اسلامی خطّاطی کے بیش بہا نمونے رقم ہیں اور جن کے لکھنے والے اکثر بے نام رہ جاتے ہیں۔ ایسی اشیاء میں دھات کے برتن، لکڑی کی تختیاں، طلاکاری و کشیدہ کاری کے نمونے، روغنی ٹائلیں اور پیپر ماشی کی چیزیں شامل ہیں۔ اُمید ہے کہ آپ ان بے نام قلم کاروں اور دستکاروں کو داد دینا نہ بھولیں گے۔

عزّت مآب جنرل صاحب! مغربی لغات میں خطّاطی، خوشنویسی یا کیلیگرافی کا شمار چھوٹے فنون

خطبۂ استقبالیہ ☆

جناب عزت مآب میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد حامد صاحب (وفاقی وزیر ثقافت و سیاحت)

ہم آپ کے بے حد ممنون و احسان مند ہیں کہ آپ نے ہماری درخواست کو شرفِ قبولیت بخشا اور اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود یہاں تشریف لائے۔ یہ بات آپ کی علم، ہنر اور فن پروری کی روشن دلیل ہے۔ آج یہاں آپ کی تشریف آوری صرف اس ادارے کے لیے ہی فخر کا باعث نہیں بلکہ اُن بے شمار فن کاروں کی پذیرائی اور حوصلہ افزائی بھی ہے، جن کی کاوشوں اور محنتوں سے ترتیب پانے والے شہ پاروں سے ہم نے آج کی نمائش کو سجایا ہے۔

جنابِ عالی! اسلامی خطاطی کی آج کی یہ نمائش استقبال پندرھویں صدی ہجری کی تقریبات کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس نمائش کے انعقاد کی ذمہ داری مرکزی حکومت نے عجائب گھر کو سونپی تھی اور مجھے خوشی ہے کہ لاہور عجائب گھر اپنے مٹھی بھر لیکن بے لوث اور محنتی سٹاف کی شبانہ روز کاوشوں اور ملک بھر کے نامور خطاطوں اور فن کاروں کے بھرپور تعاون کے نتیجے میں اپنے اس وعدے کو پورا کر رہا ہے۔ ہم نے اس نمائش کو محض ایک سرکاری فرض یا بیگار نہیں بلکہ ایک ملّی اور مقدّس فریضہ سمجھ کر شروع کیا تھا اور ہمارا یہی جذبہ ہماری آج کی کامیابی کی وجہ ہے۔

جنابِ عالی! خطاطی کی نمائشیں ہم نے پہلے بھی بہت ترتیب دی ہیں اور پندرھویں صدی ہجری کی تقریبات کے سلسلے میں دیگر پروگراموں کے علاوہ یہ ہماری چوتھی نمائش ہے لیکن اسلامی خطاطی کی آج کی یہ نمائش اس لحاظ سے منفرد ہے کہ ہم نے بیسویں صدی کے دوران برصغیر کی خطاطی اور بالخصوص گذشتہ ۳۲ سالوں میں پاکستانی خطاطی میں ہونے والے تمام تجربات کا نچوڑ آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ آج کی نمائش صرف روایتی خطاطی کی سادگی اور جدید خطاطی کی تازگی ہی نہیں بلکہ ماڈرن خطاطی (جسے بعض اوقات

☆ جناب سیف الرحمٰن ڈار، ڈائرکٹر لاہور عجائب گھر نے جناب عزت مآب میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد حامد صاحب کی خدمت میں یہ خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔

نمائش

فنِّ اسلامی خطّاطی

بسلسلہ تقریبات پندرھویں صدی ہجری

منعقدہ لاہور عجائب گھر مورخہ ۲۸ ربیع الاوّل تا ۱۹ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ

۴ فروری تا ۲۵ فروری ۱۹۸۱ء

پر صفر نمبر برش سے خطاطی کر کے ایک اچھوتا اور نرالا طریقہ اپنایا ہے جو بغیر محدّب عدسہ کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اس طرح نئی نئی راہیں، نئے نئے راستے اور سمتیں متعین ہو رہی ہیں اور خطاطی کو ایک نئی جہت مل رہی ہے۔

پاکستان میں فنِ خطّاطی میں نئے رجحانات کا اضافہ ایک خوش آئند قدم ہے۔ جن کی بنا پر نئے اسلوب دریافت ہو رہے ہیں۔ پیشہ ور کاتبوں اور خطاطوں کو بھی نئی راہیں ملنا شروع ہو گئی ہیں۔ اس سے نئی منزلیں متعین ہوتی نظر آ رہی ہیں جدید تقاضوں کے ساتھ ساتھ اسلامی قدروں کو بھی پیش کیا جا رہا ہے۔ اس طرح ہمارے آرٹسٹ اپنے قومی اور مذہبی اثاثے کو بھلائے بغیر بہتر بنیادوں پر پیش کر کے سامنے لا رہے ہیں اور یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ اسلامی فنِ خطاطی کبھی جامد نہیں رہا۔ بلکہ ہمیشہ تجربات ہوتے رہے۔ نئی نئی طرزیں ایجاد ہوئیں۔ اسی جستجو نے اسلامی خطّاطی کو وہ مقام دیا جو دُنیا کے کسی اور رسم الخط کو نصیب نہیں ہُوا۔

ہیں۔ ابن کلیم۔ غلام فرید بھٹی ملتان میں اور اے۔ جی ثاقب جو بُنیادی طور پر مانسہرہ سے تعلق رکھتے ہیں اور قیامِ پاکستان کے بعد لاہور میں مقیم ہیں، قابلِ ذکر ہیں۔

ان میں جناب آفتاب احمد گوناگوں خوبیوں کے مالک ہیں۔ ان کو فنِ خطاطی وراثت میں ملا۔ علاوہ ازیں وہ عکاس و فوٹو گرافر بھی ہیں۔ آپ نے خطاطی کو احسن طریقے سے اپنانے کی کوشش کی ہے۔ اپنی مصوّرانہ خطّاطی کو کینوس، چپ بورڈ اور کاغذ کے علاوہ مٹی کے برتنوں اور دھات پر بھی آزمایا ہے۔ خطاطی کے مختلف اسلوب کو اپنایا جس میں خطِ طغریٰ سرِفہرست ہے۔ آپ کی مصوّرانہ خطّاطی میں مصوّری کم اور خطّاطی نمایاں ہوتی ہے۔

مصوّری کے بعد حال ہی میں باتیک پینٹنگ میں بھی خطّاطی کا آغاز ہُوا ہے۔ جس میں مسز زرینہ خورشید سرِفہرست ہیں بُنیادی طور پر باتیک فنکارہ ہیں اور اس حیثیت میں جانی پہچانی شخصیّت ہیں۔ اب پہلی دفعہ خوش رنگ باتیک پینٹنگ میں کلامِ الٰہی کی خطاطی کر کے فنِ خطاطی میں ایک نئی طرح ڈال رہی ہیں۔ اِن کی چند باتیک تصاویر نمائش میں بھی رکھی گئیں۔ یہ ایک بڑا خوب صورت تجربہ اور دِل کشی کا باعث ہے۔ اس رجحان میں کپڑے پر موم سے مختلف مناظر آشکارا کیے گئے اور درمیان میں خطاطی کو اپنایا اور یہ مناظر اسی قرآنی آیات کی تشریح میں ہیں۔ باتیک میں خطاطی کی پیوند کاری اُن کا ایک اچھوتا اور نرالا تجربہ ہے جو خاصا مقبول ہُوا۔

پاکستان میں فنِ خطّاطی کی اہمیّت اور شہرت کا یہ عالم ہے کہ پیشہ ور کاتبوں۔ خطاطوں اور مصوّروں کے علاوہ وہ ہنرمند بھی اس میدان میں آگئے ہیں۔ جن کو عام طور پر دستکار یا (CRAFTSMAN) کہا جاتا ہے۔ یہ لوگ عام طور پر گھریلو استعمال کی تزئینی اشیاء بناتے ہیں۔ لیکن انہوں نے بھی اپنی دستکاریوں پر خطاطی کو اُجاگر کیا ہے۔ ان میں بعض شاہکار تو دستکاری ہونے کے باوجود فن کے شاہکار سمجھے جا سکتے ہیں۔ جیسے آفتاب احمد کے سرامکس (CERAMIX) اور دھات (METAL) کے نمونوں پر خطاطی۔ لیکن اکثر و بیشتر یہ نمونے فن کی بلندیاں چھُونے سے قاصر رہتے ہیں۔ بہرحال ان کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ کیونکہ یہ ہنرمند اپنی اسی بساط کے ساتھ فنِ خطاطی کو زندہ جاوید رکھنے میں مصروف ہیں۔ ان میں چند لوگوں نے اُون کے تھرموپول پر قلم اور بُرش سے ذرا ہٹ کر خطاطی کو اپنایا۔ ان میں سید یاور حسین بابر ہیں جنہوں نے یہ طرح ڈالی۔ بعض نے زرّی یا تِلّے سے کپڑے پر خطاطی کی۔ ان میں محمد ادریس اور سلیم الدّین سرِفہرست ہیں۔ راجو بھائی نے لکڑی پر خطاطی کو جاذبِ نظر بنایا اور جناب محمد امین نے پلاسٹر آف پیرس میں خطاطی کو ڈھال کر ایک نیا انداز اپنایا۔ اشیر الرّحمٰن کُکرٹنے چنے کی دال کے دانہ اور چاول کے دانہ

کی مختلف طرزیں اور شکلوں کو بڑے اچھے طریقے سے استعمال کرتے ہیں جو آسانی سے پڑھی جاتی ہیں۔ ان کی مصوّری خطّاطی میں طغریٰ طرز کی یاد تازہ کرتی ہے۔ بعض جگہ خطِ کوفی اور خطِ تعلیق کو بھی اپنایا ہے اور قرآنی آیات کو اس طرح لکھتے ہیں کہ وہ علیحدہ علیحدہ بھی پڑھے جا سکیں۔ (عکس نمبر ۷۲) آپ نے اپنی خطّاطی کو کینوس، چپ بورڈ، لکڑی اور بٹر پیپر پر مختلف رنگوں سے مزیّن کیا۔ روغنی اور پانی کے رنگوں کے علاوہ مارکر کو بھی استعمال کیا۔ قرآنی آیات کی تشریح مختلف رنگوں سے کرتے ہیں۔ وہ خطّاطی سے پُر باقی خالی حصّے کو چاند کی شکل۔ آڑی ترچھی لائنوں، ستاروں اور کھجور کے درختوں کو بنا کر پُر کرتے ہیں۔ اس طرح وہ اس کے تصویری پہلو کو نمایاں کرتے ہیں لیکن ان کی مصوّرانہ خطّاطی کا بغور جائزہ لیا جائے تو مصوّری سے زیادہ خطّاطی کا عنصر نمایاں ملتا ہے۔ صادقین ہی پہلے شخص ہیں۔ جنہوں نے مصوّرانہ خطّاطی کی دِل کشی، خوبصورتی، حقیقت کا احساس اور اصل مقام دلوایا۔ صادقین کے کئی ایک نمونے لاہور عجائب گھر کی اسلامی گیلری اور تصویر گیلری کی زینت ہیں۔ (عکس نمبر ۷۱)

رشید احمد ارشد اور ظہور الاخلاق بھی اِسی میدان کے کھلاڑی ہیں۔ مگر اُنہوں نے چند ایک ہی شاہکار تخلیق کیے ہیں۔ یا پھر کبھی کبھار طبع آزمائی فرما لیتے ہیں۔

اسلم کمال کا شمار بھی جدید مصوّرانہ خطّاطی کو متعارف کروانے اور اُسے لائقِ تحسین خطوط پر فروغ دینے والے پہلے مصوّروں میں ہوتا ہے اور چند ہی سالوں میں ایک اہم مقام حاصل کر لیا۔ کلامِ اقبال کی مصوّری میں خاص مقبولیّت ملی، بلکہ اس کو اپنا کر اپنی انفرادیت کو پیش کیا۔ اپنا ایک نیا اور الگ انداز اختیار کیا۔ ثلث کو خطّاطی کی اکائی کے طور پر اپنایا۔ حقیقت کا روپ دینے اور اسلامی تشخص کے اظہار کے لیے اسلامی فنِ تعمیر کو اپنی خطّاطی میں اہم مقام دیا اور اسطرح اپنی خطّاطی کے چند اصول وضوابط بھی وضع کیے۔ مصوّری کی طرح اسلم کمال کی خطاطی بھی اپنے اندر ایک انفرادیت اور جاذبیت رکھتی ہے۔ (عکس نمبر ۷۳)

ان کے علاوہ اور بھی بہت سے لوگ اس کی طرف مائل بہ کرم ہیں۔ جن میں بعض تو مصوّر ہیں اور بعض خطّاط اور خوشنویس ہیں اور اسے اختیار کرنے کی کوشش میں ہیں اور اپنے رجحانات کو اس طرف ڈھال رہے ہیں۔ اس طرح یہ فن بلندیوں کی طرف گامزن ہے اور نئے نئے تجربات اور رجحانات دیکھنے میں آ رہے ہیں۔ چند فنکاروں کے نام حسبِ ذیل ہیں، جو اپنی شبانہ روز محنت سے اس فن کی خدمت میں مگن ہیں۔ ان میں جناب سردار محمّد، امین وامق اور انور انصاری کراچی میں۔ عبدالواحد نادر القلم، ظہور ناظم، شفیق فاروقی، سرور راہی لاہور میں۔ آفتاب احمد اور عبدالرشید بٹ راولپنڈی

یہ دونوں آرٹسٹ جدید مصورانہ خطاطی کے بانی تصور کیے جاتے ہیں۔ ان کے علاوہ آذر زوبی، گل جی، صادقین۔ رشید احمد ارشد اور اسلم کمال وغیرہ زیادہ مشہور ہوئے۔ جنہوں نے مصورانہ خطاطی کو روشناس کرانے میں نمایاں کردار ادا کیا۔

جناب شاکر علی (مرحوم) وہ پہلے مصور تھے۔ جنہوں نے قرآنی آیات کی خطاطی کو مصوری میں اپنایا۔ نئے اور اچھوتے تجربات کیے۔ جن کی بناء پر اُن کے مصورانہ خطاطی پر انمٹ اثرات مرتب ہوئے۔ آپ نے خطاطی کو ایک نئے ڈھنگ اور طریقے سے اپنایا۔ اگرچہ اُنھوں نے چند ہی تصاویر تیار کیں جن میں خطاطی کو اپنایا لیکن اس میں بھی مصوری کا عنصر غالب نظر آتا ہے۔ ان کے حروف اور الفاظ میں وہی صفت ہے۔ جیسی ان کی دوسری مصورانہ چیزوں میں ملتی ہے۔ پنجاب پبلک لائبریری لاہور کے شعبۂ بیت القرآن میں اُن کا ایک شاہکار موجود ہے۔ جس میں خطِ تعلیق کا عکس نمایاں ہے اور خوشنما رنگوں سے مزین کیا ہے۔

جناب حنیف رامے نے بھی اپنی تصاویر میں خطاطی کو اہم مقام دیا۔ قرآنی آیات کو جدید مصورانہ خطاطی کے رُوپ میں ڈھال کر اس فن کو جلا بخشی اور حسن پیدا کیا۔ آپ بُنیادی طور پر اپنی مصوری میں تجریدی اور ہندسی اشکال کو استعمال میں لاتے ہیں، آپ تخلیقی ذہن کے مالک ہیں۔ رنگوں کے امتزاج میں کمال رکھتے ہیں۔ آپ ابھی اس کوشش میں ہی تھے کہ مصوری میں خطاطی کو زیادہ سے زیادہ استعمال میں لایا جائے جو بُنیادی طور پر ان کے خیالات پر حاوی تھا۔ مگر ان کا رجحان ادب اور جرنلزم کی طرف زیادہ ہوا اور آخر میں سیاست کو اپنا لیا۔ جو اس کام کو جاری رکھنے میں رکاوٹ کا باعث ہوئی۔ حنیف رامے نے خطاطی کے اسلوب یعنی خطِ ثلث، نسخ اور کوفی کو اکٹھا کر کے اپنا ایک نیا سٹائل پیش کیا اور اُن کو خوب صورت رنگوں سے مزین کیا۔ (عکس نمبر ۶۹) شروع میں چند شاہکار ہی تخلیق کیے۔ اب دوبارہ اپنے شاہکار تخلیق کرنے میں مصروف ہیں۔

کراچی کے معروف آرٹسٹ جناب آذر زوبی کا شمار بھی مصورانہ خطاطی کے بانیوں میں ہوتا ہے۔ ایک مصور، سنگ تراش۔ ڈیکوریٹر، ڈیزائنر، فوٹو گرافر اور خطاط کی حیثیت سے اُنھوں نے لاتعداد لافانی شاہکار تخلیق کیے۔ آپ نے مصوری میں ماڈلز کو خطاطی کی شکل میں تخلیق کیا اور رنگوں سے مزین کر کے ایک خوبصورت انداز میں پیش کیا۔ اب بھی اپنی تخلیقات تیار کرنے میں مصروف ہیں۔ گل جی نے بھی اپنی مصوری میں خطاطی کو اپنا کر اہم کردار ادا کیا۔

جلد ہی جناب صادقین اس میدان میں نئی جہت قائم کرنے اور عوام و خواص کو روشناس کرانے کے لیے داخل ہوئے۔ آپ بُنیادی طور پر ایک مصور ہیں۔ خطاطی کا فن اُنہیں وراثت میں ملا۔ اُن کا اپنا ایک انداز ہے۔ صادقین اپنی تصاویر میں خطاطی

کر اپنے فن کے اندر انفرادیت پیدا کرنی شروع کی ۔ مغربی فن کو بھی اپنایا ۔ لیکن ساتھ ہی مشرقی فن کو بھی نمایاں کیا جس سے مصوّری میں ایک نیا ولولہ، جذبہ اور نئی جہت قائم ہونا شروع ہوئی ۔

چنانچہ قیامِ پاکستان کے بعد فنِ خطّاطی اور فنِ مصوّری نے ایک دوسرے کی تخلیقی توانائیوں سے استفادہ شروع کیا ۔ اس طرح دونوں کی آمیزش سے خطّاطی اور مصوّری کے نئے عہد کا آغاز شروع ہوا ۔ اسلامی خطّاطی قرآنِ پاک کی زبان بھی ہے اور مسلم ممالک میں مذہبی لحاظ سے ایک خاص مقام کی حامل ہے ۔ ہر مسلم ملک میں عربی زبان میں ہی قرآنِ پاک کو پڑھا اور لکھا جاتا ہے ۔ اسلامی خطاطی کا زندہ جاوید اور وسعت پذیر ہونا ہی ایک اہم نقطہ تھا جو ہمارے مصوّروں نے دیکھا اور اپنایا ۔

خطّاطی کو مسلم مصوّری کی ابتداء بھی کہا گیا ہے ۔ مسلم مصوری کا ڈھانچہ لکیر کے پیچ و خم اور قوسین سے تعمیر کیا جاتا ہے ۔ جو اصول خطّاطی سے براہِ راست ماخوذ تھے ۔ خطّاطی اور مصوّری کے باہمی ربط و تعلق سے ایک نیا امتزاج پیدا ہوا ۔ اس طرح خطّاطی کے فروغ اور ارتقاء کے لیے فنِ خطّاطی کے دوش بدوش تخلیق کاروں کی تخلیقی صلاحیتوں سے استفادہ کیا ۔ بعض مصوّر خطّاطی کی دل کشی سے مسحور ہو کر خطّاطی کی طرف آئے اور بعض خطّاط حضرات رنگ و نور کی تلاش میں نئی مصوّری کی طرف راغب ہوئے ۔ مصوّروں نے خطاطی کی قوسیں، دائرے اور نقطے کو اپنی مصوّری میں ڈھالا اس میں مختلف رنگوں اور برش کا استعمال کیا ۔ مگر روائتی خطاطی کے حامل خطّاطوں نے اس کو ابھی تک مکمل طور پر قبول نہیں کیا ۔ ان کے خیال میں قلم کا تقدس پامال ہوا ہے ۔ اس میں خطّاطی کی حقیقت اور اس کے اصول و قواعد کو نہیں اپنایا گیا ۔ بلکہ الفاظ کو جس طرح چاہا اور جیسے دل کیا لکھ دیا ۔ مگر مصوّرانہ خطّاطی نے اب اتنا مقبولِ عام حاصل کر لیا ہے کہ اس کو درخور اعتناء نہیں کیا جا سکتا بلکہ روائتی خطّاطی اور مصوری خطّاطی کا یہ ملاپ اب ناگزیر ہو گیا ہے ۔ ہمارے مصوّروں نے اسلامی خطّاطی کو اپنی مصوّرانہ خطّاطی میں ڈھال کر گو اصول و قواعد واضح طور پر نہیں اپنائے ۔ مگر قوم کی حقیقی بنیاد اسلامی کلچر اور مذہبی جذبے کی طرف لوٹ کر ایک نئی سمت ضرور وضع کی ہے ۔ جس سے اسلامی خطّاطی کی بلندی ۔ دل کشی، حسن، اہمیّت اور ضرورت مزید واضح ہوتی ہے ۔ مگر اس کے لیے مزید جد و جہد کی ضرورت ہے اور یہ لازم ہے کہ خطّاط اور فنکار دونوں مل کر اس کے ایسے اصول و قواعد اور بہتر لائحہ عمل اختیار کریں ۔

پاکستان میں مصوّری کو خطّاطی کے اعلیٰ فن سے مزیّن کرنے والوں میں شاکر علی مرحوم اور حنیف رامے پہلے مصوّر ہیں ۔

مُصوّرانہ خطّاطی

اِسلامی فنِ خطّاطی کبھی بھی ایک جامد فن نہیں رہا۔ اس میں ہمیشہ تجربات ہوتے رہے ہیں۔ نئے نئے اسلوب بنے۔ نئی نئی طرزیں ایجاد ہوئیں۔ نئے نئے قلم دریافت ہوئے۔ نئے اُفقوں کی اِسی جستجو نے اِسلامی خطاطی کو وہ اہم مقام دیا جو دُنیا کے کسی اور رسم الخط کو نصیب نہیں ہُوا۔ قیامِ پاکستان کے بعد بھی یہ تجربات جاری رہے بلکہ ابھی تک زور شور سے جاری و ساری ہیں۔ پاکستان میں فنِ خطاطی میں ایسے تجربات بھی ہوئے ہیں جو پہلے کبھی نہ ہوئے تھے۔ جس فن کو پہلے صرف پیشہ ور کاتبوں اور خوشنویسوں تک محدود سمجھا جاتا تھا۔ اَب اس میدان میں باقاعدہ مصوّر، آرٹسٹ اور دستکار بھی داخل ہو گئے ہیں خطاطی اور مصوّری کی اس پیوندکاری سے فن خطاطی کا ایک نیا اسلوب پروان چڑھ رہا ہے۔ جس کو مصوّر خطّاطی، جدید خطّاطی، یا تخلیقی خطاطی کا نام دیا گیا ہے۔

اگر ہم فن کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو یہ چیز سامنے آتی ہے کہ ہر فن کار اور اُس کا فن اپنے گرد و پیش کے ماحول اور معاشرے سے اثر پذیر ہوتا ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ ہر فن کار کی دِلی خواہش بھی ہوتی ہے کہ وہ اپنی انفرادی حیثیت قائم رکھے اور نئے نئے تجربات کر کے آزادروی کی ایسی نئی جہتیں قائم کرے جن سے اُس کی اہمیّت اور نمایاں ہو۔ بیسویں صدی میں یہ خواہش نمایاں ہو کر سامنے آتی ہے۔ اس صدی میں مغربی دُنیا کے فن کاروں، خاص کر مصوّروں نے پُرانی قدروں، روشوں اور رنگوں کی قید و بند سے ہٹ کر اپنی مصوّری میں نئے خیالات اور معنی پیدا کیے۔ اپنے آپ کو زمان و مکان کی قید و بند سے آزاد دیکھا اور فن کو رنگ و نسل کے تعصبات سے پاک کیا۔ تلاشِ حق کی اسی جستجو کے نتیجہ میں مغربی مصوّروں نے مشرق کے فنِ خطّاطی کو بھی اپنی مصوّری میں جگہ دی۔

مغربی سوچ میں تبدیلی نے مشرقی سوچ میں بھی تبدیلی پیدا کی۔ مشرقی فن کاروں نے بھی مغرب کی اندھی تقلید چھوڑ

رکھتی ہیں ۔ انوری صاحبہ دہلوی بھی اہم حیثیت کی مالک ہیں ۔ ان کے علاوہ سید امتیاز علی ۔ شفاعت احمد اور عبدالرشید رستم قلم ان کی طرز کے مشہور خطاط ہیں ۔ جو کراچی سکول کی نمائندگی کرتے ہیں ۔

قیام پاکستان پر ہندوستان کے دوسرے علاقوں سے بھی بعض خطاط ہجرت کر کے کراچی تشریف لائے ۔ ان میں جناب سید شاہ غلام محمود قادری المعروف مستجاب رقم دکن سے ہجرت کر کے کراچی مقیم ہوئے ۔ یہ مشہور خطاط محمد قدرت اللہ شاہی خطاط نظام الدین دکن کے شاگرد ہیں ۔ انہوں نے مختلف اسلوب میں مہارت حاصل کی ۔ انہوں نے اردو کا ٹائپ ایجاد کرنے میں بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے ۔

پشاوری سکول : ایم ایم شریف آرٹسٹ نے پشاور میں ایک نئے سکول یعنی " پشاوری سکول " کی بنیاد ڈالی ۔ یہ مولوی احمد علی منہاس مشہور خطاط کے بھتیجا تھے ۔ جن کا تعلق گوجرانوالہ شہر سے تھا ۔ مگر گوجرانوالہ سے نقل مکانی کر کے پشاور جا بسے ۔ آپ نے خطاطی میں نئی جدتیں اور طرزیں پیدا کیں ۔ الفاظوں کو خوبصورت شکل پہنائی ۔ خط ابری بھی ایجاد کیا ۔ آپ کے نمونے " یدِ بیضا " کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں ۔ آپ پشاور خوش نویس یونین کے سرپرست بھی تھے ۔

الغرض آپ گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے ۔ پشاور میں فن خطاطی کو جاری کرنے اور زندہ جاوید رکھنے میں اہم کردار انجام دیا ۔ آج کل آپ کے لڑکے جناب آفتاب احمد جو محکمہ پولیس میں ہیں اور بنیادی طور پر عکاس ہیں ۔ کسی حد تک خطاطی کی اہم ضرورت کو پورا کر رہے ہیں اور ساتھ ہی مصورانہ خطاطی میں بھی محنت کر رہے ہیں ۔

اس وقت کراچی اور پشاور کے علاوہ پاکستان بھر میں لاہوری نستعلیق کی چھاپ نمایاں ہے ۔ لاہوری نستعلیق میں ایک خاص بے ساختگی ۔ گداز اور روانی ہے ۔ حروف اُجلے اُجلے نکھرے نکھرے اجاگر ہوتے ہیں ۔

دورِ حاضر میں فن خطاطی اپنی پوری جولانیوں کے ساتھ ترقی پذیر ہے ۔ زمانہ ماضی قریب میں خطاطوں کی توجہ زیادہ تر نستعلیق و نسخ پر مرکوز رہی لیکن اب خطِ کوفی ۔ ثلث ۔ دیوانی اور طغرا کی طرف تیزی سے رجحان بڑھ رہا ہے ۔

یوسفی اور کئی دوسرے خطاط قابل ذکر ہیں۔

سیّد انور حسین نفیس رقم نے خطاطی کی تعلیم اپنے والد بزرگوار سیّد اشرف علی زیدی سیّد القلم سے حاصل کی۔ آپ نستعلیق نسخ اور ثلث میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ خط اور خطاطی کی تاریخ میں ان کا گھر اطالعہ گاہ بگاہ مضامین کی صورت میں قارئین کے استفادہ کا باعث بنتا رہتا ہے۔ آپ کے چند نمونے نفائس القلم کتاب میں چھپ چکے ہیں۔ آپ کے تلامذہ میں اصغر انیس (کامونکی) انور حسین۔ طالب حسین۔ عبدالرشید۔ محمد جمیل حسن۔ محمد الٰہی بخش مطیع ہری پور اور نفیس صاحب کے صاحبزادے انیس الحسن قابل ذکر ہیں۔

صوفی خورشید عالم خورشید رقم خطِ نستعلیق کے چوٹی کے اساتذہ میں سے ہیں۔ ان کے تلامذہ میں محمد اکرام الحق حال مقیم سعودی عرب۔ محمد صدیق گلزار۔ غلام رسول طاہر۔ محمد اقبال۔ منظور انور اور رضی محمد الدین سرفہرست ہیں۔

محمد صدیق الماس رقم کے تلامذہ میں ان کے صاحبزادے محمود احمد اور خواہرزادے جمیل احمد تنویر رقم۔ محمد صدیق۔ خواجہ محمد شفیع اور محمد اقبال عباسی وغیرہ معروف خطاط ہیں۔

علاوہ ازیں محمد شفیع انور سیالوی تلمیذ قاضی ظہور دین مرحوم۔ شریف گلزار تلمیذ خلیفہ احمد حسین سہیل رقم مرحوم۔ محمد بخش جمیل رقم۔ چودھری محمد صدیق۔ محمد خالد (فیصل آباد) محمد امین خان کاشمیری تلمیذ منشی فضل الٰہی (بولا) ملک علی محمد۔ بابا عبدالقدوس عبدالوحد نادر القلم اور محمد دین کلیمی بھی نستعلیق کے ماہر خوشنویس ہیں۔

۳۔ کراچی سکول : محمد یوسف دہلوی جنہوں نے تقسیم ہندوستان کے بعد کراچی سکول کی بنیاد ڈالی، کا تعلق گوجرانوالہ کے قریبی دیہات جنڈیالہ سے تھا۔ اپنے والد بزرگوار منشی محمد الدین کے ساتھ دہلی چلے گئے تھے۔ وہاں پر سینٹ پیٹرز کالج سے گریجوایشن کی ڈگری حاصل کی۔ آپ انگلش بڑی روانی سے بول سکتے تھے اور کئی ایک زبانوں پر عبور رکھتے تھے۔ ۱۹۷۷ء کراچی میں آپ کا انتقال ہوا۔ آپ کے والد کو غلافِ کعبہ پر خطاطی کا بھی شرف حاصل ہوا تھا۔ دہلی کی بہت سی عمارات پر آپ کی خطاطی کے نمونے کندہ ہیں۔ فن خطاطی آپ کو ورثہ میں ملا ہے۔ خطِ نستعلیق میں ایک خاص روش اختیار کی۔ انہوں نے حروف کے قدیم پیمانوں میں بہت سی لچک پیدا کر دی تھی۔ نستعلیق جلی میں خطِ ثلث کی بعض خوبیوں کو شامل کیا۔ دہلی میں یہ طرز بہت ہی مقبول ہوئی۔ کراچی آنے پر دہلی سکول کی چھاپ کراچی سکول پر لگی۔ کراچی میں آپ کی طرز کو کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔ محمد یوسف کے تلامذہ میں عبدالمجید دہلوی سرفہرست ہیں۔ جن کی خطاطی کے شہ پارے قائداعظم کے مزار پر زندہ جاوید ہیں۔ یوسف کی بہن فاطمۃ الکبریٰ خط نستعلیق و نسخ میں کافی مشہور ہیں، قرآن نویسی میں اہم مقام

تھا۔ جنہوں نے پشاوری سکول کی بنیاد رکھی۔ مشہور خطاط تھے۔ پاکستان کا مشہور عکاس، خطاط اور گلکار (CERAMIST) آفتاب احمد ایم ایم شریف کا برخوردار ہے۔

ان کے علاوہ مولوی محمّد حسین مولوی حکیم غلام حسین احمد۔ مولانا محمّد عالم۔ منشی فضل الٰہی مرغوب رقم۔ امام الدّین اگوچکیہ۔ پیر عبدالحمید۔ سید عبدالعزیز۔ بشیر احمد۔ رشید احمد۔ اکرام الحق۔ حفیظ الرحمٰن۔ قاضی ظہور دین رسول نگری اور محمّد حسین شاہ وغیرہ بھی گوجرانوالہ کے ضلع سے تعلق رکھتے ہیں۔

اس طرح ضلع گوجرانوالہ نے خطاطی کی خدمت میں سب سے نمایاں خدمت انجام دی ہے اور اب بھی اس فن کی خدمت میں مگن ہے۔ آج بھی ملکی پریس۔ اخبارات و رسائل میں کاتبوں کی زیادہ تر تعداد ضلع گوجرانوالہ سے ہی تعلق رکھتی ہے۔

سرزمین پنجاب میں لاہور اور گوجرانوالہ کے اضلاع کے علاوہ سیالکوٹ بھی خطاطی کا مرکز چلا آرہا ہے۔ اب راولپنڈی فیصل آباد۔ سرگودھا۔ ملتان اور بہاولپور میں بھی خطاطوں کی ایک کثیر تعداد موجود ہے۔

اس وقت خطاطی کے میدان میں خوشنویسوں کی ایک کثیر تعداد سرگرم عمل ہے۔ جن میں پروین رقم۔ زرّین رقم اور الماس رقم کے علاوہ دیگر اساتذہ فن کے تلامذہ بھی موجود ہیں۔ پروین رقم کے شاگردوں میں اقبال ابن پروین رقم مرحوم خط نستعلیق میں خصوصی مہارت رکھتے تھے۔ منشی خوشی محمّد ناصر قادری خوش رقم جو ۸ مارچ ۱۹۱۸ء کو کانگنہ تحصیل نکودر ضلع جالندھر میں پیدا ہوئے۔ روزنامہ انقلاب۔ دین محمّدی پریس اور روزنامہ جسارت میں کام کیا۔ ان دنوں خانہ نشین ہیں اور بالعموم کتب کی خطاطی کے ذریعہ فن کی خدمت کر رہے ہیں۔ حاجی محمّد اعظم نسخ و نستعلیق کے استاد ہیں۔ آپ کے والد کا نام الحاج میاں محمّد حسین مرحوم ہے۔ آپ لاہور میں ۱۹۱۹ء میں پیدا ہوئے۔ ایّوب خان مرحوم کے دورِ اقتدار میں سونے کے تاروں سے تیار شدہ قرآن کریم کی خطاطی آپ کے فن کا شاہکار ہے۔ ان کے علاوہ محمود اللہ صدیقی۔ احمد حسین سہیل رقم مرحوم اور فضل الٰہی (بولا) مرحوم خط نستعلیق کے مشہور خوشنویس ہیں۔

تاج الدّین زرین رقم کے تلامذہ میں خطاط ہفت قلم۔ حافظ محمّد یوسف سدیدی، صوفی خورشید عالم اور محمود سدیدی جیسے ماہر فن شامل ہیں۔ حافظ صاحب خط نستعلیق میں اس وقت سرفہرست ہیں۔ آپ کے تلامذہ میں عبدالرشید بٹ (راولپنڈی) محمّد سلیم ساغر (کراچی) محمّد یوسف چودھری فیصل آباد حال مقیم ابوظہبی۔ عبدالرحمٰن (لاہور) محمّد اقبال ابن محمّد شفیع انور سیالوی (لاہور) محمّد اقبال یوسفی (ملتان) ظہور ناظم (لاہور) علی احمد صابر (لاہور) خورشید عالم گوہر قلم (سرگودھا) اور محمّد خالد جاوید

ایمن آباد: یہاں کے نمائندہ خطاط سید احمد تھے جو امام ویروی کے ہمعصر تھے۔ بعد میں لاہور آگئے اور یہاں پر بیٹھک کاتبان میں خطاطی کا کام کیا۔ ان کے لڑکے خلیفہ غلام محمدؒ جو امام ویروی کے شاگرد تھے۔ خلیفہ حافظ نور احمد خلیفہ محمد حسن اور آپ کے لڑکے خلیفہ احمد حسن سہیل رقم۔ عبدالمجید پروین رقم۔ مولوی پیر بخش۔ منشی عبدالعزیز۔ محمد اقبال ابن پروین رقم مرحوم یہاں کے مشہور خطاط ہوئے ہیں۔ محمد اقبال کے نمونے "بسم اللہ شریف" خطِ معکوس میں لاہور عجائب گھر کی تصاویر گیلری میں علامہ اقبال کے مزار اور مینارِ پاکستان پر یادگاری حیثیت رکھتے ہیں۔

وارث کوٹ: یہاں پر عبدالرزاق۔ ان کا لڑکا شریف الدین جن کے نمونے عنایت اللہ وارثی کی کتاب "مرقع خوشخطی" میں شائع ہو چکے ہیں۔ میاں عطا محمد۔ مولانا فضل الٰہی (م ۱۹۰۷ء) مولانا محمد عبداللہ وارثی۔ عنایت اللہ وارثی۔ عبدالرحمٰن عبید۔ خان محمد۔ اعظم خان اور رشید احمد وارثی مشہور خطاطوں کا نام ملتا ہے جو ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ خاندان زیادہ تر اخبارات و رسائل میں مصروف عمل ہے۔

کیلیانوالہ: اس قصبہ میں خطاطی کی بنیاد ایک مذہبی خاندان نے ڈالی اور نسل در نسل یہ فن چلتا گیا۔ اس خاندان میں محمد بخش۔ محمد الدین۔ امام الدین۔ عبدالغفار۔ عبدالحئی۔ نور الٰہی۔ عبدالوحید۔ عبدالرحمٰن کیلانی جو مختلف اسلوب میں خطاطی کرتے ہیں اور خطاطی کی تعلیم کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ محمد یوسف۔ غلام مصطفےٰ (م ۱۹۲۴ء) محمد داؤد۔ محمود الحسن۔ مسعود احمد۔ محمد یعقوب۔ فاروق احمد۔ مولوی غلام حسین۔ عبدالستار اور محمد ادریس سرفہرست ہیں۔

جنڈیالہ: محمد یوسف دہلوی کا تعلق اسی قصبے سے تھا۔ جنہوں نے دہلی سکول کی بنیاد ڈالی اور بعد میں کراچی سکول قائم کیا۔ ان کے والد محمد الدین زیادہ تر مذہبی کتب کی کتابت کرتے تھے۔ محمد یوسف کی بہن فاطمۃ الکبریٰ نسخ و نستعلیق کی ماہر حال کراچی مقیم ہیں۔ قاضی عبدالحکیم اور اُن کے شاگرد منظور حسین کا تعلق یہیں سے تھا۔

عادل گڑھ: اس سکول کے نمائندہ مولانا عبدالرشید عادلی اور مولوی محمد حسین عادلی رہے۔ عبدالرشید عادلی محبوب رقم کے نام سے بھی موسوم ہیں۔ یہ دونوں نسخ و نستعلیق میں ماہر تھے۔ ان کا خاندان وارث کوٹ کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔

گوجرانوالہ شہر: یہاں پر مولوی احمد علی منہاس جو بنیادی طور پر وکیل تھے۔ نسخ۔ نستعلیق و طغرا میں مقام رکھتے تھے۔ ان کے چند نمونے فقیر خانہ و لاہور میوزیم میں موجود ہیں۔ آپ کا بھتیجا ایم ایم شریف خطاط و آرٹسٹ

کے مجموعہ کلام " زبورِ عجم " کی کتابت کی اور یہیں سے اُن کی شہرت ہوئی ۔ ۱۹۴۰ء میں فیروز سنز کے مطبوعہ عکسی قرآن مجید کی کتابت کی ۔ تاجور نجیب آبادی مرحوم کی " ادبی دُنیا " مولانا ظفر علی خان کے مجموعہ کلام اور علّامہ مشرقی کی ایک کتاب " ارشادات " اور ابوالاثر حفیظ جالندھری کے شاہنامہ اسلام کی کتابت کے علاوہ کئی معروف ادیبوں کی کاوشوں کو کتابی شکل دی ۔

امام ویردی مولوی سید احمد امین آبادی (عکس ۱۳) اور شیخ احمد جوہر کانی (عکس ۱۴) وغیرہ چونکہ خطِ نستعلیق ہی کے ماہر تھے۔ اس لیے ان کے تلامذہ میں بھی یہی رُجحان قائم رہا اور صرف خطِ نستعلیق میں ہی فنی کمالات حاصل کیے ۔ انہی اثرات کے تحت پروین رقم ۔ زرّین رقم اور الماس رقم کی تمام تر توجہ بھی اسی جانب رہی ۔ لیکن لاہور میں خطاطوں کا ایک طبقہ ایسا بھی تھا ۔ جنہوں نے قرآن نویسی کا پاکیزہ شغل اختیار کیا ۔ ان میں مولانا قاسم لدھیانوی اور مولانا محمد عبداللہ وارثی نے زیادہ شہرت پائی ۔ مولانا قاسم کا خاندان قیامِ پاکستان پر لاہور آگیا تھا ۔ وہ بہت ضعیف تھے ۔ آپ نے انجمن حمایت اسلام لاہور کے لیے قرآنِ کریم کی کتابت شروع کی ۔ ابھی تھوڑا حصّہ ہی مکمّل ہُوا تھا کہ انتقال ہوگیا ۔ آپ کے لڑکے منشی محمّد شفیع اور محمد شریف بھی اچھے خطاط تھے ۔ باقی کتابت منشی محمّد شفیع نے مکمّل کی ۔

مولانا عبداللہ وارثی کے تلامذہ میں ان کے فرزند مولانا محمّد عنایت اللہ اور پیر عبدالحمید مشہور ہیں ۔

خطاطی میں پورے پنجاب میں ضلع گوجرانوالہ بہت اہمیت کا حامل رہا ہے ۔ اور اب بھی ہے اور اس فن کو سہارا دیئے ہوئے ہے ۔ اس ضلع کے خصوصاً یہ علاقے مثلاً ایمن آباد ۔ عادل گڑھ ۔ کوٹ وارث ۔ جنڈیالہ ۔ کیلیانوالہ ۔ سودھرہ اور گھڑیالہ قابلِ ذکر ہیں ۔ لاہوری سکول ۔ دہلوی سکول بعد میں کراچی سکول اور پشاوری سکول کی بُنیاد رکھنے والے مشہور خطاط بھی یہیں سے تعلق رکھتے تھے ۔ یہ خطاط بالترتیب مشہور زمانہ عبدالمجید پروین رقم ، محمّد یوسف دہلوی اور ایم ایم شریف تھے ۔ پاکستان میں کسی اور شہر میں خطاطوں کی اتنی بڑی تعداد پیدا نہیں ہوئی ہے ۔ اس ضلع نے قرآنِ پاک کی اشاعت میں بھی خاص کردار ادا کیا اور اخبارات و جرائد میں کتابت کا اہم فریضہ ادا کرتے ہوئے ملک کی خدمت میں بھی مگن ہیں [1]

---

[1] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو :

Anjum Rehmani ; Gujranwala's contribution to Calligraphy, Daily Dawn, Karachi, December, 6, 1979.

میں آیا - اس کی صدارت آپ کو سونپی گئی - جس سے خوشنویسوں کی تاریخ میں نئے دَور کا آغاز ہُوا - آپ نے مُلک کے طول وعرض کا دَورہ کیا - بڑے بڑے شہروں میں خوشنویس یونین کی شاخیں قائم کیں - خوشنویس حضرات سے ملاقاتیں کیں - جلسے منعقد کیے - خوشنویس طبقہ جو پامالی کی زندگی بسر کر رہا تھا - اس میں زندگی کی نئی لہر دوڑ گئی اور خوشنویس طبقہ کی کایا پلٹ گئی - اخبار "پرتاپ" لاہور کے خلاف جس نے کاتبوں کی تنخواہ میں اضافہ کرنے سے انکار کر دیا تھا - بھوک ہڑتال کی - آخر کامیابی حاصل کی - اس کے بعد روزنامہ "پربھات" اور لاہور کے مسلم اخبارات نے آپ کے مطالبات تسلیم کیے - ۱۹۴۸ء میں بعض ناگزیر حالات کی بناء پر جناب زرّیں رقم نے یونین کی صدارت سے علیحدگی اختیار کر لی لیکن دوسرے ہی برس اراکین یونین کے اصرار پر پھر دوبارہ صدر منتخب ہوئے یونین کے قیام سے ۱۹۵۱ء تک وہی صدر منتخب ہوتے رہے - اس دوران میں صرف ۱۹۴۸ء میں محمّد صدیق الماس رقم صدر منتخب ہوئے - ۵۰-۱۹۴۹ء میں میاں محمد شفیع مدیر اقدام و سابق سیکرٹری جرنلسٹس ایسوسی ایشن نے خوشنویس یونین، جرنلسٹس ایسوسی ایشن اور اخبار فروش یونین کی ایک مشترکہ "فیڈرل کونسل" بنانے کی تحریک کی - اس تجویز پر اتفاق رائے ہُوا اور فیڈرل کونسل کا قیام عمل میں آیا - جناب تاج صاحب اس کے پہلے صدر منتخب کیے گئے -

تقسیم ملک کے بعد جو صورت حال پیش آئی - وہ ناگفتہ بہ تھی - اکثر کاتب فاقہ کشی کی زندگی بسر کر رہے تھے - آپ نے ان کی امداد کا طریقہ اختیار کیا - چنانچہ آپ نے کتابت کی اجرتوں میں نمایاں اضافہ کرایا - جو بالکل غیر متوقع تھا اور اس طرح یہ کاتب بہت سی تکالیف سے بچ گئے - ۱۹۵۱ء کے بعد یونین کے حالات دِگرگوں ہو گئے - اُنھوں نے جس چمن کو اپنے خون سے سینچا تھا - اپنی آنکھوں کے سامنے اُجڑتے دیکھا - خوشنویس یونین کا شیرازہ بکھر گیا اور اس طرح اجتماعی قوت روبہ انحطاط ہو گئی [1]

تاج صاحب کے ساتھ ساتھ محمد صدیق الماس رقم (۱۹۰۷ء - ۱۹۷۲ء) نے بھی نستعلیق نگاری میں نام پیدا کیا - آپ سیالکوٹ کے ایک گاؤں "جاملکے چیمہ" میں پیدا ہوئے - بچپن میں یتیم ہو گئے - الماس رقم کے بہنوئی مولوی محمّد اعظم جو ایک اچھے خوشنویس بھی تھے - حکیم محمّد عالم کے پاس گڈھیالہ لے گئے مگر آپ وہاں زیادہ عرصہ نہ ٹھہرے، لاہور چلے آئے اور مولوی محبوب عالم ہیڈ کاتب "روزنامہ زمیندار" کے ہاں قیام فرمایا - حاجی دین محمّد اور پروین رقم کی پیروی کی - آپ نے علامہ اقبال

---

[1] مُرقع زرّیں - کتبہ تاج الدّین زرّیں رقم - لاہور اگست ۱۹۷۰ء (چھٹا ایڈیشن)

(م ۱۹۴۹ء) نے ابتدائی مشق و اصلاح کے سلسلہ میں حافظ نور اللہ سے استفادہ کیا تھا۔ آپ ابتداء میں امام ویردی اور سید احمد ایمن آبادی کی تحریروں سے فیض یاب ہوئے۔ بعد میں انہوں نے جداگانہ روش نکالی۔ آپ نے امام ویردی کی روش خط میں نہایت اجتہادی اضافے کیے۔ آپ نے اپنے جدت پسند ذہن اور حکیم فقیر محمد چشتی کے صائب مشوروں سے حروف کی ساخت اور پیوندوں میں دل کش ترمیمیں کر کے خطِ نستعلیق کو نہایت ہی دلکش صورت عطا کی۔ انہوں نے مرصع قطعات اور کتابت نویسی میں امتیاز حاصل کیا۔ جلی اور خفی لکھنے میں پروین رقم کا کوئی ثانی نہ تھا۔ علامہ اقبال کی کتب کے اکثر اوّلین ایڈیشن آپ کی خطاطی سے مزیّن ہیں۔ جس کی وجہ سے پروین رقم کی شہرت کو چار چاند لگے (عکس ۱۱(ب)) آپ کے معاصرین میں حاجی دین محمد خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ آج کے خطاط زیادہ تر عبدالمجید پروین رقم کی روش پر لکھتے ہیں۔

اسی دوران ایک اور نوجوان اس میدان میں وارد ہوا۔ زبردست خوبیوں کا مالک لوہاری دروازہ لاہور کا یہ سجیلا، بانکا نوجوان تاج الدین (۱۹۰۶ء - ۱۹۵۵ء) تھا۔ جو خطاطی کی تاریخ میں منشی تاج الدین زرّیں رقم کے نام سے زندہ جاوید ہے۔ (عکس ۱۳) آپ نے صرف چھٹی جماعت تک تعلیم حاصل کی۔ شروع میں اپنے ماموں حاجی نور احمد صاحب خوشنویس سے خطاطی کی تعلیم حاصل کی۔ حاجی صاحب مشہور خطاط منشی فضل الٰہی مرغوب رقم لاہوری (م ۱۹۱۶ء) کے تلمیذ تھے۔ حاجی صاحب سے تقریباً سات آٹھ سال استفادہ کیا۔ رفتہ رفتہ مشق پختہ ہوتی چلی گئی۔ اس دوران عبدالمجید پروین رقم کا آفتاب شہرت نصف النہار پر تھا۔ آپ کی طرز "طرزِ پروینی" کے نام پر مشہور ہوئی۔ چنانچہ جناب تاج صاحب نے بھی اسی طرز کو اپنایا۔ کیونکہ خوشنویسانِ لاہور کی بہت بڑی تعداد نے اس اسلوب کو قبول عام کی سند دی تھی۔ شروع شروع میں چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھیں۔ بعد میں مشق پختہ ہوئی اور انہیں خفی و جلی دونوں میں کمال حاصل ہوا اور آپ کا شمار صفِ اوّل کے خوشنویسوں میں ہونے لگا۔ آپ نے لاتعداد وصلیاں اور قطعات مرصع لکھے۔ جلی لکھنے میں بے مثال مہارت رکھتے تھے مبتدیانِ خطاطی کے لیے "مرقع زرّیں" کے نام سے ایک شاہکار تصنیف کیا۔ جو اس فن پر راہنما کتاب ہے۔ خطِ نستعلیق میں آپ کا نام ہمیشہ زندہ جاوید رہے گا۔

خوشنویس یونین کا قیام

تاج صاحب نے خوشنویسوں کی تنظیم کا کام بھی کیا۔ چنانچہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۹ء کو "خوشنویس یونین" کا قیام عمل

صدی عیسوی کے نصف آخر میں کابل سے لاہور آیا - نواب شیخ امام الدین گورنر کشمیر اور نوابانِ قزلباش سے اُس کے گہرے تعلقات و روابط ہو گئے - امام ویردی سے خوشنویسانِ لاہور کی ایک بڑی تعداد مستفید ہوئی - مئی ۱۸۸۰ء میں وفات پائی اور لاہور میں مدفون ہوئے -

امام ویردی (عکس ۱۱ (ا)) نے گذشتہ صدی میں ایک عظیم انقلاب پیدا کیا - آپ کے لکھے ہوئے تین چار کتبے لاہور عجائب گھر کے خطاطی کے مجموعہ میں محفوظ ہیں - چند ایک خطاطی کی نمائش منعقدہ فروری ۱۹۸۱ء میں بھی رکھے گئے تھے - آپ کی بہت سی مشقیں ایک شاگرد سید احمد کے پاس محفوظ تھیں - جو ایک انگریز ماہر تعلیم کرنل ہلرائیڈ نے دیکھیں اور اکٹھی کر کے انگلستان بھجوا دیں - وہاں سے کتابچہ طبع ہو کر آیا اور نہایت سستی حیثیت پر ہندو پاکستان میں فروخت ہوا - جس سے ہزاروں نے مشقِ فن کی اور استفادہ کیا - خط جلی میں اِن کا طرز منفرد اور دل نشین تھا -

آپ کی خطاطی کے نمونے متعدد مقامات پر موجود ہیں - ان کی مکتوبہ "گلستانِ سعدی" قومی عجائب گھر کراچی میں ہے - آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا شیخ الاسلام عبداللہ ہروی کا ایک رسالہ شاہی قلعہ لاہور کے نوادرات میں شامل ہے - بعض کتبے حویلی نواب صاحب میں اخروٹ کی لکڑی پر جلی قلم سے مرثیوں کی شکل میں ہیں اور نواب صاحب کی مسجد واقع سوتر منڈی لاہور کی دیواروں پر مختلف رنگوں میں بھی کتبات موجود ہیں -

امام ویردی کے معاصرین میں سید احمد ایمن آبادی (عکس ۔) کا نام سرفہرست ہے - آپ کا حلقہ تلامذہ امام ویردی سے کم نہ تھا - ایمن آبادی کے تلامذہ میں منشی عبدالغنی عرف میاں نتھو اور مولوی محمد عبداللہ وارثی قابلِ ذکر ہیں - پنجاب میں مطبع منشی گلاب سنگھ لاہور میں جتنا بھی ابتداء میں خطِ نستعلیق کا کام ہوا اور سکولوں وغیرہ کے لیے سلیپ کاپیاں وغیرہ لاکھوں کی تعداد میں طبع ہوئیں - وہ سب "نتھو" کاتب کی لکھی ہوئی تھیں - ایمن آبادی کے فرزند حافظ نور احمد بھی اپنے وقت کے بلند پایہ خوشنویس تھے - اس صدی کے معروف خوش نویس حاجی دین محمد، میاں نتھو کے شاگرد تھے - انہوں نے اپنی تمام عمر کتابت کی خدمت میں گذاری - آپ کا انتقال لاہور میں نوّے سال کی عمر میں ۱۹ - اگست ۱۹۷۱ء کو ہوا - آپ کے نمونے عجائب گھر لاہور میں بھی موجود ہیں -

امام ویردی اور سید احمد ایمن آبادی کے فنّی کمالات کے نقوش ابھی ذہنوں میں تازہ ہی تھے - کہ خطاطی کے میدان میں ایمن آباد کا ایک اور شخص داخل ہوا اور بڑھتا ہی گیا - یہ منشی عبدالمجید پروین رقم (۱۹۰۱ء - ۱۹۴۹ء) تھا - منشی عبدالمجید پروین رقم

میں نعمت اللہ خلیفہ بخش اللہ اور میر نثار علی مشہور ہیں۔ خط شکستہ میں میرزا احمد طباطبائی۔ کتابت خان۔ میر سید علی خان۔ حاجی قاسم۔ حافظ محمد خورشید۔ محمد نصیر الدین اور محمد بہاء اللہ بھی لکھنؤ کے مشہور خطاط تھے۔

نواب غازی الدین حیدر (۱۲۲۹-۱۲۴۳ھ/۱۸۱۴-۱۸۲۷ء) نے لکھنؤ میں اعلیٰ پیمانہ پر مطبع جاری کیا۔ جس کا مینجر ارسل نامی یورپین تھا۔ اس مطبع میں مختلف نادر کتابیں ٹائپ میں طبع ہوئیں لیکن جمالیات کی حس رکھنے والوں نے ٹائپ کو ناپسند کیا اور یہ حروف کسی طرح مقبول نہ ہوئے۔ اسی بناء پر شاہی مطبع ترقی نہ کر سکا۔ لیکن اس شاہی مطبع کی تقلید میں تجارتی مطبع قائم ہونا شروع ہوئے۔ حاجی حرمین شریفین اور حاجی مصطفےٰ خان نے الگ الگ مطبع قائم کیے۔ مصطفائی مطبع نے طویل عمر پائی اور نادر کتابیں چھاپیں۔ ان کے بعد منشی نولکشور کا مطبع قائم ہوا۔ لیفٹیننٹ گورنر الہ آباد نے ترجمہ تعزیرات ہند چھاپنے کے لیے پیشگی رقم دے کر یہ مطبع قائم کرایا تھا۔ ان کا مطبع تجارتی حیثیت سے ہندوستان میں سب سے بڑا مطبع سمجھا گیا اور اس پریس نے بلاشبہ علوم عربی اور فارسی کو زندہ کر دیا۔ لہٰذا جو خوشنویس خانہ نشین ہو گئے تھے۔ ان کو بہ منت رضامند کیا گیا۔ اور اس طرح کاپی نویسی کا آغاز ہوا۔ مطابع میں تجارتی مقابلہ شروع ہوا۔ اس ترکیب سے خوشنویسی جو دم توڑ رہی تھی۔ پھر زندہ ہوئی اور جس مطبع کے خطاط زیادہ ذی علم۔ مستند اور نامور تھے۔ وہ مطبع زیادہ کامیاب ہوا۔ منشی نولکشور کے مطبع میں منشی اشرف علی اشرف۔ منشی امیر اللہ تسلیم۔ منشی کالکا پرشاد موجد، منشی گوبند پرشاد فضا اور منشی شمس الدین اعجاز رقم مشہور کاتب تھے۔ لکھنؤ کے بعد کان پور میں مطبع مسیحائی قائم ہوا۔ ۱۸۴۸ء میں لکھنؤ میں بارہ غیر سرکاری مطابع تھے۔ لکھنؤ اور کانپور کے علاوہ دہلی۔ آگرہ۔ لاہور اور دوسرے شہروں میں بہت سے پریس لگ گئے۔ اور کتابیں دھڑا دھڑ چھپنی شروع ہوئیں۔

اجرائے مطابع سے خوشنویسوں کی معاش کی صورت تو نکل آئی لیکن اب وہ خطاطی نہ تھی جو اس سے قبل تھی کیونکہ جو استاد تمام دن میں ایک وصلی بمشکل لکھ سکتے۔ اب ان کو مجبوراً کئی کئی صفحات روزانہ لکھنے پڑتے تھے۔

۲- لاہوری سکول: لاہور کی سرزمین پر بڑے بڑے خوشنویسوں نے فن خطاطی کی خدمت کی۔ جن میں آقائے ثانی محمد افضل قادری لاہوری۔ حافظ نور اللہ۔ قاضی نعمت اللہ لاہوری۔ ہدایت اللہ لاہوری، امام ویردی۔ مولوی سید احمد امین آبادی۔ منشی عبد الغنی شیریں رقم۔ مولوی محمد عبد اللہ وارثی اور شیخ احمد جوہر کافی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

لاہور میں خط نستعلیق کی نشاۃ ثانیہ کا آغاز میرزا امام ویردی سے ہوتا ہے۔ یہ عظیم المرتبت امام فن خطاط انیسویں

(م ۱۰۸۳ھ/۱۶۷۲ء) اور منشی بیج بھان تھے۔ یہ دونوں نستعلیق میں آقا عبدالرشید دیلمی اور خط شکستہ میں کفایت خان کے شاگرد تھے۔ دوسرے استاد میر محمد عطا حسین خان مرصّع رقم تھے۔ نسخ، نستعلیق اور شفیعہ میں کامل تھے۔

نواب آصف الدولہ (۱۱۸۸ھ-۱۲۱۲ھ/۱۷۷۴-۱۷۹۸ء) کے عہد میں خوشنویسی کو لکھنؤ میں بڑا عروج ہوا۔ اسی عہد میں حافظ نور اللہ اور قاضی نعمت اللہ لاہوری جو آقا عبدالرشید کے تلمیذ تھے۔ لکھنؤ تشریف لائے۔ نواب نے دونوں کی قدردانی کی۔ قاضی نعمت اللہ کو اتالیقی پر مقرر کیا اور حافظ نور اللہ دفتر انشاء میں افسر ہوئے۔ دونوں نے فن خطاطی میں بے حد ترقی کی۔

حافظ نور اللہ کے شاگردوں میں حافظ ابراہیم (یہ حافظ صاحب کے صاحبزادے تھے) منشی سرب سکھ دیوانہ میاں وجیہہ اللہ اور محمد عباس مشہور ہیں۔ حافظ ابراہیم نے دوائر حروف میں بجائے مدور کے خفیف سی بیضاویت کی جدّت پیدا کی۔ جس کو عام قبولیت ہوئی۔ ابراہیم کے شاگردوں میں اُن کے صاحبزادے حافظ سعید الدین اور دوسرے منشی عبدالمجید خریطہ نگار[1] تھے۔ حافظ ابراہیم کے پچھلے دَور میں دَو شاگرد بہت مشہور ہوئے۔ ایک منشی ہادی علی (ان کے بزرگ دہلوی تھے) دوسرے منشی پنڈت منسا رام کشمیری۔ ہادی علی علاوہ نستعلیق کے طغرا نگاری میں بھی ماہر تھے۔ ان کی لکھی ہوئی متعدد فارسی درسی کتابیں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہیں۔ منشی شمس الدین اعجاز رقم انہی کے شاگرد تھے۔ انہوں نے فن خوشنویسی پر کئی رسالے لکھے ہیں۔ لکھنؤ میں آج جس قدر خطاط ہیں۔ ان میں اکثر اعجاز رقم ہی کے شاگرد ہیں۔

نسخ نگاروں میں منشی حامد علی۔ مولوی محمد اشرف اور مولوی قل احمد تھے۔ ان اساتذہ کے بعد آقا عبدالرشید دیلمی کے مقلدین میں میرزا محمد علی بن میرزا خیر اللہ فرمان نویس کا درجہ ہے۔ یہ بھی آصف الدولہ کے عہد میں تھے۔ میرزا کے شاگردوں

---

[1] خریطہ نگار: یہ دفتر انشاء کی اصطلاح ہے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی جو ہندوستان میں دولت برطانیہ کی جانب سے حکمران تھی۔ اس کے وکلاء جو دربار اودھ اور قلعہ معلّٰی دہلی میں حاضر رہتے تھے وہ ریذیڈنٹ یا صاحب کلاں بہادر کہلاتے تھے۔ چنانچہ اُن سے جو سرکاری مراسلت فارسی میں ہوتی تھی۔ وہ مراسلے یا شقے خریطہ کہلاتے تھے۔ زرافشاں کاغذ پر جو نہایت سفید چکنا۔ گھٹا ہوا اور موٹا ہوتا تھا۔ یہ خریطے لکھے جاتے تھے۔

حکیم محمود علی خاں ماہر: تحقیقات ماہر۔ دہلی ۱۹۳۶ء۔ ص ۱۲۹

تھیں۔ جو دائیں سے بائیں لکھی جاتی تھیں۔ اس بناء پر انگریزی زبان کی خطاطی قدرے مشکل مرحلہ تھا۔

حکومت برطانیہ نے علوم مشرقیہ کی بھی سرپرستی کی۔ چنانچہ ۱۸۹۲ء میں جب دہلی میں اورنٹیل کالج قائم ہوا۔ تو مولوی مملوک علی پروفیسر عربی اور شیخ امام بخش صہبائی پروفیسر فارسی مقرر ہوئے اور سید محمد کا تقرر خوشنویسی کی معلمی پر ہوا۔ یہ اس عہد کے نامور خطاط تھے اور اس کالج کے اکثر طلبہ خوشنویس ہوتے تھے۔

انگریزی دور میں طباعت کو عام فروغ نصیب ہوا۔ جگہ جگہ مطبع کھولے گئے جس کی بناء پر یہ دور طباعت کا دور بھی کہلاتا ہے۔ مطبع خانے کھل جانے سے خطاط حضرات کے لیے مدد معاش کی راہیں تو کھل گئیں۔ مگر وہ ان کو دلی طور پر قبول نہ کر سکے اور اسلامی فن خطاطی کے ان شاہان اور ماہروں نے حکومتی سرپرستی سے کنارہ کشی اختیار کرنا شروع کر دی اور اپنے صحیح قدر دانوں کی راہ لی۔ یہ قدر دان مختلف ریاستوں اور صوبوں کے نواب اور امراء وغیرہ تھے۔ جن میں صوبہ داران اودھ سرفہرست تھے۔ نوابان اودھ علم و فن کے قدر دان اور علوم و فنون کی اشاعت کیلئے خصوصاً مشہور تھے۔ انہوں نے خطاطی کے فن کو سہارا دیا۔ لکھنؤ کے علاوہ دہلی اور لاہور بھی اس میدان میں برابر کے حصہ دار تھے۔ ان علاقوں کی قدر دانی کی بناء پر خطاطی کے چند سکول معرضِ وجود میں آگئے۔ گو ان کا منبع ایک ہی تھا لیکن علاقائی خصوصیات کی آمیزش سے ایک مخصوص رنگ میں ڈھلتے گئے۔ جس سے وہ بآسانی پہچانے جا سکتے تھے۔ اس سلسلہ میں اگر ہند و پاکستان کا جائزہ لیا جائے تو واضح طور پر تین دبستان کتابت نظر آتے ہیں۔

۱۔ لکھنؤ سکول ۲۔ دہلی سکول ۳۔ لاہور سکول

ان تینوں کے جملہ اساتذہ میر علی تبریزی کو نستعلیق کا آدم اور میر عماد کو آدم ثانی تسلیم کرتے ہیں۔ آج ہند و پاکستان میں جس قدر خطاط ہیں ان کی شاگردی کا سلسلہ میر عماد اور آقا عبدالرشید پر جا کر ختم ہوتا ہے۔

۱۔ لکھنؤ سکول

اگرچہ یہ مسلّم اصول ہے کہ خود وزراء اپنی گورنمنٹ میں باعثِ ترقیِ ملک و دولت ہوتے ہیں اور علوم و فنون کی اشاعت وزراء کی ذات سے ہوا کرتی ہے لیکن شاہانِ اودھ قدم قدم پر مغلیہ حکومت کے مقلد تھے۔ وہ اپنے دارالسلطنت لکھنؤ کو دہلی کا نمونہ بنانا چاہتے تھے۔ چنانچہ اسی ضرورت سے دہلی کے اہلِ کمال لکھنؤ میں جمع کیے گئے۔ دراصل لکھنؤ میں خطاطی کی تاریخ نواب شجاع الدولہ (۱۱۶۶ھ/۱۷۵۲ء - ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء) سے شروع ہوتی ہے۔ یہ اودھ کے تیسرے ناظم اور پہلے وزیر تھے۔ اس زمانہ میں خطاطی کے استاد منشی چندر بھان

خطّاطی کی نشاۃِ ثانیہ

عہدِ مغلیہ کے زوال پر جب ہند و پاکستان پر حکومت برطانیہ کا قبضہ ہُوا - تو قدرتی اسباب سے خطاطی میں کمی شروع ہوگئی - تو ان کا ذریعہ معاش معلّمی اور وصلی نگاری رہ گیا - یا شاذ و نادر اُمراء کی فرمائش سے کوئی مستقل کتاب اُجرت پر لکھ لیا کرتے تھے - اور یہ کتابیں بھی مخصوص تھیں - مثلاً گلستان - بوستان - مثنوی معنوی - شاہ نامہ اور دیوان حافظ وغیرہ آخیر زمانہ میں مثنویاں بھی لکھی گئیں - جن میں تصاویر کا بھی اہتمام ہوتا تھا - معمولی معاوضہ کے ساتھ بعض اُمراء انعام و خلعت بھی عنایت کرتے تھے -

لیکن جس قدر حکومت برطانیہ پھیلتی گئی اور اس میں ترقی ہوتی گئی - اسی تناسب سے مشرقی تمدّن میں ضعف پیدا ہوتا گیا - فوٹو گرافی کی وجہ سے محلّات میں وصلیوں کی جگہ تصاویر نصب ہونے لگیں - یہاں سے خطاطی کا زوال شروع ہوتا ہے چھاپہ خانہ کی ایجاد مزید اس پر اثر انداز ہوئی - ایسٹ انڈیا کمپنی نے فورٹ ولیم (کلکتہ) میں چھاپہ خانہ قائم کیا - یہ پہلا موقع تھا کہ نستعلیق ٹائپ بھی ایجاد ہوا - اس ٹائپ کے موجد جان گل کرسٹ (منیجر مطبع کمپنی)[1] تھے - یوروپین عہدہ داران اور فوجی سپاہیوں کے لیے اُردو و فارسی میں تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری ہُوا - انگریزوں کا اُردو زبان پر یہ ایک عظیم احسان تھا لیکن پریس کی ترقی نے حقیقی خوشنویسی کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا -

برصغیر پاکستان و ہند میں انگریزی دَور آزمائشی و ابتلا کا دَور تھا - فارسی عربی کی جگہ آہستہ آہستہ انگریزی نے لینی شروع کر دی - خطاطی کا رواج صرف عربی رسم الخط اختیار کرنے والی زبانوں میں ہی ملتا ہے یا وہی اس کی متحمل ہو سکتی

---

[1] حکیم محمود علی ماہر : تحقیقات ماہر : دہلی ، ۱۹۳۶ء ص

رفاعِ عامہ اور دوسری سرکاری ضرورتوں سے تمام ممالک محروسہ میں ہر روز جدید عمارتیں بنا کرتی تھیں ان عمارات پر عربی ۔ فارسی کے کتبات مختلف خطوط میں لکھے جاتے تھے ۔ بہر حال یہ اسباب تھے جن کی بناء پر خطاطی جزوِ تمدّن بن گئی تھی اور بادشاہ فن کتابت کو ترقی دینے پر ہر وقت پابہ رکاب رہتے تھے ۔ اس عہد میں خطِ نسخ ، ثلث ، تعلیق ، نستعلیق اور طغریٰ و شکستہ جاری تھے اور کہیں کہیں عمارات پر خط کوفی بھی نظر آتا ہے ۔

شاہان مغلیہ نے بلاشبہ فنِ خطاطی کی اعلیٰ درجہ پر قدر دانی اور حوصلہ افزائی فرمائی ۔ جس کی مثال دیگر ادوار میں نہیں ملتی اس عہد میں ایران و توران سے کئی باکمال لوگ آکر اس دربار سے منسلک ہوئے ۔ اُنہیں دربار مغلیہ میں اعلیٰ مناصب ملے اور شایانِ شان استقبال ہوا اور ان کے فن کی قدر دانی ہوتی ۔ بلا امتیاز مذہب سرپرستی کیجاتی ۔ چنانچہ کئی ایک غیر مسلم مشہور خطاط پیدا ہوئے ۔ یہی وجہ ہے کہ برِصغیر ہند و پاکستان میں یہ عہدِ خطاطی کا سنہری دَور کہلایا ۔ اور یہ فن اپنے عروج پر پہنچا ۔ خاندان مغلیہ کے زوال کے ساتھ ساتھ اس فن کو بھی زوال دیکھنا پڑا اور یہ فن اپنے مرکز کی کمزوری کے باعث صوبوں اور مختلف علاقوں میں منقسم ہو گیا ۔ جہاں پر اس فن کے دِلدادہ لوگوں نے اس کو سنبھالا دیا ۔

بے مثل خطاط تھے۔ ان کے شاگردوں میں میر گدائی۔ حافظ ابوالحسن۔ میر کرم علی۔ حافظ مسعود۔ فیض اللہ خان۔ عنایت اللہ بروص، اُردو کے مشہور شاعر میر سودا بہت اچھے خطاط تھے جو بعد میں لکھنوی دبستانِ خطاطی کے بانیوں میں شمار ہوئے مولائی صاحب، میر محمد حسین۔ حافظ ابراہیم۔ غلام علی خان۔ حافظ تقاء اللہ دہلوی۔ میر ابوالحسن المشہور بہ میر کلن۔ میر مہدی۔ خواجہ غلام نقشبند خان۔ شاہ وارث علی۔ مولانا غلام محمد ہفت قلمی دہلوی مؤلف "تذکرہ خوشنویساں" عماد الملک غازی الدین خان، فیروز جنگ خطاط ہفت قلم۔ بہادر شاہ ظفر خط نسخ اور طغرا میں بہت بڑا خطاط تھا۔ حافظ امیر الدین۔ مولانا ممتاز علی۔ سید محمد امیر رضوی میر پنجہ کش (م ۱۸۵۷ء)۔ آغا میرزا دہلوی۔ عباد اللہ بیگ۔ حافظ محمد حسین لاہوری۔ محمد روح اللہ لاہوری حاجی عبداللہ جو نسخ میں لکھتے تھے۔ احمد یار خان یکتا۔ محمد عارف یاقوت رقم۔ خط نسخ و ثلث کے یگانہ روزگار استاد تھے۔ سید احمد بلگرامی۔ سید عبدالواحد بلگرامی جیسے بلند پایہ خوشنویس تھے۔

مسلمان خطاطوں کے علاوہ غیر مسلم لوگوں نے بھی خطاطی میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ ان میں راجہ ٹوڈرمل۔ پنڈت جگن ناتھ۔ چندر بھان منشی۔ رائے منوہر داس۔ رائے پریم ناتھ۔ لچھمن سنگھ غیوری۔ راجہ اُمید سنگھ۔ راجہ شیر سنگھ۔ رائے پریم ناتھ و راجہ انند رام پنڈت منشی ماہر خط شکستہ۔ لالہ دُرگا پرشاد بن لالہ دِینا ناتھ جنہوں نے خط شکستہ و نستعلیق میں غلام محمد ہفت قلمی سے تعلیم حاصل کی، شنکر ناتھ وغیرہ مشہور خطاط ہو گذرے ہیں۔

عہدِ مغلیہ میں چھاپہ خانوں کا رواج بھی نہ تھا۔ تصنیفات کی کتابت کیلیے نامور خطاط تلاش کیے جاتے تھے۔ شاہی کتب خانہ میں کافی تعداد میں خوشنویسوں کا مجمع رہتا تھا۔ جن پر ایک نامور خوشنویس افسر ہوتا تھا۔ جس کی تقلید ارکانِ سلطنت بھی کرتے تھے۔ مزید یہ کہ دفتر انشاء میں کوئی صیغہ دار (کلرک) اس وقت تک مقرر نہ ہوتا تھا۔ جب تک کہ وہ خوشنویس نہ ہو۔ اس دفتر میں ایک فرماں نویس یا سند نگار بھی ہوتا تھا۔ جو اپنے زمانہ کا اُستاد ہوتا تھا اور اُسی کے قریب قریب وہ خطاط ہوتا تھا۔ جو ہم عصر بادشاہوں کے معاملات یا دوستانہ خطوط لکھتا تھا۔ اس کے علاوہ قصر و ایوان کی آرائش تھی۔ بیش قیمت ساز و سامان کے علاوہ دیوان عام وغیرہ کی آرائش قلمی تصاویر۔ مرقعوں اور وصلیوں سے کی جاتی تھی۔ جن میں زیادہ تر آیات قرآنی۔ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور اقوال ائمہ و حکماء ہوتے تھے۔ بعد میں قطعات، رُباعیات اور بہترین اشعار اور نثر کی وصلیاں بھی باعث زینت بنتیں۔ جس کی وجہ سے وصلیاں زور شور سے بنتی تھیں۔ جو سادہ منقش اور طلائی رو پہلی ہوتی تھیں۔ اور زمانہ دراز تک ان کے رنگوں اور نقش و نگار میں فرق نہ پڑتا تھا۔

اسی نے اکبر کے روضہ کے تمام کتبات لکھے اور آگرہ میں تاج محل پر بھی خط ثلث میں تمام کتبات لکھے۔ اسے امانت خان شیرازی کے نام سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ سلطان بایزید دوری کی (ابتدائی دور اکبر)۔ سلطان محمد سمرقندی۔ نور اللہ۔ شیخ میر محمد۔ شیخ عبدالوہاب (م ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء) میر معصوم بھکری جس نے سندھ اور فتح پور سیکری میں خط نستعلیق میں کتبے لکھے۔ یہ عہد اکبر کا امیر اعظم تھا۔ اور اکثر اوقات اس نے سفیر کبیر کی حیثیت سے غیر ممالک میں فرائض انجام دیئے۔ میر صفائی۔ میر بزرگ ابن میر معصوم بھکری۔ بیرم خان اتالیق اکبر اور منعم خان قابل ذکر خطاط تھے۔

عہد جہانگیری میں عبدالرحیم عنبرین قلم جو اکبر کے دور سے متعلق تھا (عکس ۹(ب)) اور اس عہد میں عبدالرحیم الہروی کہلاتا تھا۔ بعد میں جہانگیر کے عہد سے منسلک ہوا۔ اس عہد میں خواجہ محمد شریف کو امیر الامرا کا خطاب ملا۔ میر خلیل اللہ شاہ۔ شہزادہ خسرو بن جہانگیر۔ شہزادہ بن جہانگیر۔ محمود بن اسحاق شہابی الہروی۔ احمد علی راشد۔ عبدالکریم۔ عبداللہ الحسنی جو زیادہ تر لاہور ہی میں مقیم رہا اور محمد حسین (م ۱۰۲۶ھ/۱۶۱۷ء) خط شکستہ میں ید طولیٰ رکھتا تھا' بہترین خطاط تھے۔

شاہ جہان کے دور میں خطاطی کو مزید فروغ ہوا۔ اس دور میں حافظ ابو اسحاق۔ میر محمد صالح۔ میر محمد مومن۔ محمد مراد کشمیری۔ ابوالفتح۔ میر محمد شریف۔ عبدالباقی یاقوت رقم۔ ابوالبرکات منیر لاہوری (م ۱۰۵۵ھ/۱۶۴۵) اس کا والد عبدالجلیل امین۔ حکیم رکن کاشی وغیرہ سربرآوردہ خطاط تھے۔ اسی عہد میں میر عماد کا بھائی عبدالرشید دیلمی (م ۱۰۸۱ھ/۱۶۷۰ء) ایران سے آگرہ آیا اور شاہ جہانی دربار سے منسلک ہوا اور داراشکوہ کا استاد مقرر ہوا۔ مزید شہزادی جہاں آرا بیگم۔ اورنگ زیب النسا بھی اس کے شاگرد کہے جاتے ہیں۔ یہ مہتمم کتب خانہ بھی مقرر ہوا۔ یہ خط نستعلیق کا بہت بڑا ماہر تھا۔ میر سید علی تبریزی اور جعفر خان المخاطب کفایت خان جو خط شکستہ کا بہت بڑا ماہر تھا۔ قابل خطاط تھے۔

عہد اورنگ زیب میں ہدایت اللہ زرین رقم (م ۱۱۱۸ھ/۱۷۰۶ء) جو شہزادگان کی خط مشق کی تعلیم پر مقرر تھا۔ اور تمام طرزوں میں لکھتا تھا۔ سید علی جواہر رقم (عکس ۱(ب)) جسکے خط کو بعض زرین رقم پر ترجیح دیتے تھے۔ میر محمد باقر۔ مہدی محمد اشرف ماژندانی۔ مولانا شاکر' عبدالرحمٰن و عبدالرحیم فرمان نویس وغیرہ اچھے خطاط تھے۔ اس کے علاوہ مندرجہ ذیل خطاط بھی کافی مشہور تھے جو آخری مغل تاجدار بہادر شاہ ظفر تک تعلق رکھتے ہیں۔

محمد افضل لاہوری خط نستعلیق کے بہت بڑے خطاط تھے۔ لوگ انہیں "آقائے ثانی" کے نام سے بھی پکارتے ہیں۔ محمد مقیم۔ میر محمد موسیٰ سرہندی' نواب مرید خان۔ مولوی حیات علی۔ محمد حفیظ۔ قاضی عصمت اللہ خان قرآن پاک کے

میر بزرگ کے ہاتھ ـــــ کا ایک سنگی کتبہ لاہور کے عجائب گھر میں (نمبر ایم ۷۱۵) موجود ہے۔ یہ خطِ نستعلیق میں ہے۔

عہدِ مغلیہ میں فنی عظمت و شہرت کے حامل خطاطوں کی اتنی بڑی تعداد کسی اور زمانے میں نہیں گزری۔ اس دور کی خطاطی کا تجزیہ کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اس عہد کی خطاطی ایرانی طرز کی مقلد تھی۔ اس میں دوائر، مدات اور نقاط وغیرہ میں ایرانی طرزِ تحریر عام ہے۔ اس عہد کے خطاطوں نے بالخصوص خط نستعلیق میں حُسن اور رعنائی پیدا کی۔ بلاشبہ مغلیہ دور کا یہ زمانہ برصغیر ہند و پاکستان میں خطاطی کے ارتقاء میں اعلیٰ حیثیت کا حامل ہے۔

مغل دور میں بعہد بابر ملا زاہد جنہوں نے نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ پر خط نستعلیق میں بعض کتبات لکھے جو کہ یہاں پر خط نستعلیق کا باقاعدہ آغاز تھا۔ علی الکاتب جس نے (۹۲۷ھ/۱۵۲۰ء) میں توزک بابری کا فارسی میں بخطِ نستعلیق ترجمہ کیا۔ شہاب المعمائی الہروی۔ طاہر محمد سبزواری۔ عبدالنبی بن ایوب نیرہ۔ شیخ فرید الدین شکر گنج۔ یہ سب ابتدائی طرز نستعلیق میں لکھنے والے تھے۔ بابر ایک اچھا خطاط تھا۔ اس نے اپنے خط کو "خطِ بابری" کے نام سے موسوم کیا۔ جس کے ماہر عبدالحیٔ منشی مشہدی اور اس کا بھائی میر عبداللہ قانونی تھے۔ یہ طرز بابر اور اس کے ان دونوں ماہرین کے ساتھ ہی ختم ہو گئی۔

عہد ہمایوں میں خواجہ عبدالصمد شیریں قلم، میر سید علی تبریزی ہر دو کو ہمایوں ایران سے لایا تھا جس کی بناء پر یہاں پر ایرانی غلبہ نمایاں نظر آتا ہے۔ ملا فخر سلطان علی وغیرہ خطِ نستعلیق میں لکھنے میں مشہور تھے۔

عہدِ اکبر میں خطاطی کو بہت فروغ ہوا۔ اس عہد میں نستعلیق لکھنے والوں میں خواجہ شریف بن خواجہ عبدالصمد (عکس ۸ (ا)) دوری کاتب الملک۔ مولانا محمد حسین کشمیری (م ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء) (عکس ۹ (ب)) جو مولانا عبدالعزیز کا شاگرد تھا۔ جس نے ہرن مینار (شیخوپورہ) پر خط نستعلیق میں ایک کتبہ لکھا۔

ملا میر علی کا پسر مولانا محمد باقر۔ محمد امین مشہدی۔ میر حسین کلنگی۔ مولانا عبدالحیٔ۔ قاسم ارسلان۔ عنایت اللہ شیرازی استاد ہفت قلم، اشرف خان جو شاعر بھی تھا اور خاص کر دیوانی لکھنے میں ماہر تھا۔ اس کا اصل نام محمد اصغر (م ۹۷۳ھ/۱۵۶۵ء) تھا۔ علامہ میر فتح اللہ شیرازی (م ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء) مظفر علی خنجر بیگ چغتائی۔ میرزا عزیز کوکلتاش۔ ملا عبدالقادر اخوند، محمد یوسف کاہلی، خواجہ ابراہیم حسین۔ حسین بن احمد چشتی۔ ملا علی احمد مہرکن۔ پیر محمد ملا موزوں۔ میرزا عبدالرحیم خانخاناں، عبدالرحیم نام کے اور بھی کاتب ملتے ہیں جن میں عبدالرحیم ناگوری اور عبدالرحیم روشن قلم۔ عبداللہ مشکیں قلم جو خطاطی میں مولانا شاہ غیاث اور مولانا راقمی کے تلمیذ تھے۔ اکبر نے آپ کو "مشکیں قلم" کا خطاب دیا تھا۔ عبدالحق شیرازی ثلث لکھنے میں بہت ماہر تھا۔

لاہور کے علاوہ ملتان، سیالکوٹ، کشمیر اور ٹھٹھہ کے شہر نمایاں خصوصیت کے حامل ہیں۔ ملتان ابتدا سے ایک قدیم[1] سیاسی و ثقافتی شہر شمار ہوتا تھا۔ جہاں مسلمان اوّل صدی اسلام سے ہی آباد ہو گئے تھے۔ انہوں نے یہاں پر مساجد تعمیر کرائیں اور مدرسے قائم کیے۔ مزارات بھی بنے۔ بیشمار مخطوطے لکھے گئے۔ لکھنے والے زیادہ تر مقامی باشندے تھے اور ملتان زیادہ تر بزرگانِ دین اور صوفیائے کرام کا مسکن رہا۔ یہاں پر عربی لکھنے والے میسر تھے۔ یہ لوگ ابتدائی مکاتب مساجد سے وابستہ تھے۔

عہدِ مغلیہ میں سیالکوٹ کی علمی اور فنی اہمیّت کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔ سندھ میں سلطان حسین مرزا (م ۹۱۱ھ ۱۵۰۵ء) کے لڑکے مرزا بدیع الزمان جو امیر سندھ کا داماد تھا، کے ساتھ اکثر فن کار اور اعلیٰ کاتب آئے جو یہاں پر آباد ہوئے اور خطِ نستعلیق کا اجراء کیا۔ مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ مشہور خطاط مولانا اظہر کے تلامذہ میں سے شیخ بایزید پورانی ٹھٹھہ آ گئے۔ جیسا کہ مورخین نے لکھا ہے اور اس طرح یہاں پر خطِ نستعلیق کا آغاز ہوا۔ سندھ میں میر معصوم بھکری خطِ نستعلیق میں زیادہ مشہور ہوا۔ اس کا والد میر صفائی (م ۹۹۱ھ/ ۱۵۸۳ء) بھی خطاط تھا۔ میر معصوم بھکری کا تعلق عہدِ اکبر سے ہے۔ اس کا لڑکا میر بزرگ بھی خطاط تھا۔ اس کے لکھے ہوئے کتبات اکثر تاریخی عمارات پر موجود ہیں۔ یہ تمام کتبات عہدِ اکبر کے ہیں۔ اس کے علاوہ سندھ میں خطاطی کے بیشمار نمونے بصورتِ مخطوطات، کتبات عمارات، ٹھٹھہ، سیون اور سکھر میں میں قبور اور مساجد پر موجود ہیں۔ عہدِ شاہجہان کی مسجد (ٹھٹھہ) پر خطِ ثلث میں کتبے نمایاں حیثیت کے حامل ہیں۔[2]

---

[1] کرم الٰہی بدر : تاریخ ملتان، لاہور ۱۹۷۸ء — منشی حکم چند : تواریخ ضلع ملتان، لاہور ۱۸۸۴ء
شیخ محمد اکرام : رودِ کوثر - لاہور ۱۹۷۵ء
ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اسلامی خطاطی - لاہور ۱۹۷۶ء
مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی : آئینہ حقیقت نما - جلد اوّل و دوم - کراچی ۱۹۵۸ء

[2] مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی : آئینہ حقیقت نما - جلد اوّل و دوم - کراچی ۱۹۵۸ء
میر علی شیر قانع ٹھٹوی : تحفۃ الکرام، مترجم اختر رضوی - سندھ ادبی بورڈ، کراچی ۱۹۵۹ء
Masum Bhakari, Mir ; Tarikh-i-Sind, Poona, 1938.

لاہور آیا تھا۔ جو ایک اچھے خطاط تھے۔ بعض روایات کے مطابق آپ کا انتقال بھی لاہور میں ہُوا۔ شاہ جہانی عہد میں مشہور زمانہ عبدالرشید دیلمی ایران سے لاہور آیا اور چند روزہ قیام کیا۔ اسی عہد کی ایک اور مشہور ہستی مولانا منیر لاہوری ہے جو ابوالبرکات منیر لاہوری بھی کہلواتا تھا۔ اعلیٰ شعر و سخن میں یکتائے روزگار تھا اور خوشنویس تھا اور خطاطوں کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ لاہور میں ہی مدفون ہُوا۔ اس کا خاندان فن خوشنویسی میں ہند میں مشہور لاہور میں مقیم تھا۔[۱]

ان کے علاوہ اکبر، جہانگیر، شاہ جہان، اورنگ زیب اور دوسرے شہزادوں و شہزادیوں کی تعمیر کردہ تاریخی عمارات جو زیادہ تر قلعہ، مساجد، مقابر، باغات اور بارہ دری کی صورت میں ملتے ہیں۔ جن میں خطِ نسخ، ثلث، طغرا اور نستعلیق میں کتبات موجود ہیں۔ ان عمارات میں لاہور کا قلعہ، جہانگیر کا مقبرہ، بادشاہی مسجد، چوبُرجی باغ، مقبرہ انارکلی، مقبرہ دائی انگہ، مسجد وزیر خان وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ جو لاہور میں عہدِ مغلیہ کا بے مثل کارنامہ ہے۔[۲]

---

[۱] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی: سرگذشت خطِ نستعلیق۔ لاہور، ۱۹۷۰ء ص ۱۷۴

[۲]

Percy Brown ; Indian Architecture (Islamic period), 2nd edition, Bombay.

Carr Stephen ; Archaeology and Menumental Remains of Delhi, Delhi, 1876.

M. Abdullah Chaughtai ; What India owes to Cultural Asian in Islamic Architecture, Lahore, 1936.

Desai, Ziauddin ; Principal Mosques and Tembs of India, Indo Asian Culture, 1965.

Grube, E. ; The World of Islam ; New York, 1967.

Burckhardt, Titus ; Art of Islam ; Language and Meaning, London, 1976.

Hovel, E. B. ; Indian Architecture for the first Muhammadan Invasion to the present day, London, 1913.

کنہیا لال ہندی: تاریخ لاہور، مرتبہ کلب علی خان فائق۔ لاہور ۱۹۷۷ء

دہلی ، گوالیار ، لاہور ، کشمیر اور پاکستان و ہند کے طول و عرض میں پھیلی ہوئی ہیں ۔ جن میں شاہ جہان کی عمارات قابلِ دید ہیں ۔ یہ عمارات مساجد ، باغ ، بارہ دریاں ، مقابر اور قلعوں پر مشتمل ہیں[1] ۔ ان عمارات پر کندہ سنگ مرمر کے کتبے بھی ملتے ہیں ۔ جن پر خطاطی کے مختلف اسلوب کو کندہ کیا گیا ہے ۔ جو اس عہد کی خطاطی کو نمایاں کرتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں ۔ ان کتبات پر ہمیں خطِ ثلث ، نسخ ، بعض پر کوفی ، تعلیق ، طغرا اور خط نستعلیق میں قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور کاتبوں کے اسماء بھی ملتے ہیں ۔ اس عہد میں زیادہ تر کتبات کو سنگ مرمر پر کھود کر کالے پتھر اور سکّے سے پُر کیا جاتا تھا ۔ الغرض اس عہد میں یہ تمام خطوط یا اسلوب مروج تھے ۔

مغلیہ عہد میں شاہانِ مغلیہ کی خصوصی توجہ سے فنِ کتابت اور کتب خانہ کی ترویج میں بعض شہروں اور علاقوں کا بھی حصّہ ہے ۔ ان میں شہر لاہور سرِ فہرست تھا ۔ یہ شہر ابتدا سے ہی ایک اعلیٰ متمدن اور علمی مرکز رہا ہے ۔ اس میں بڑے بڑے علماء ، فضلاء ، ماہرین اور اہلِ قلم پیدا ہوئے ۔ بعض خطاط حضرات نے یہاں پر قیام فرمایا ۔ اکبر کے عہد میں لاہور کو دارالخلافہ کی حیثیت حاصل تھی ۔ جہانگیر اور شاہ جہان نے بھی یہاں پر قیام کیا اور اپنے اپنے عہد میں عمارات بنوائیں ۔ اورنگزیب اور دُوسرے مغل شہزادے اور شہزادیوں نے بھی اس شہر کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ۔ یہاں پر بے شمار علمی کارنامے اکبر کی سرپرستی میں وجود میں آئے ۔ جن کو شاہی کاتبوں نے انجام دیا ۔ ان میں ۹۹۸ھ / ۱۵۸۹ء میں لکھا گیا نسخہ یوسف زلیخا ۱۰۰۳ھ / ۱۵۹۴ء میں تیار ہونے والا ظفر نامہ کا مصوّر نسخہ خمسہ نظامی جسے عبدالرحیم کاتب نے لکھا ۔ اور آج پیرس میں موجود ہے اور ۱۰۰۴ھ / ۱۵۹۵ء میں لکھا گیا ۔ جامع التواریخ رشید الدین فضل اللہ کا نایاب نسخہ جو طہران کے کتب خانہ ملی میں محفوظ ہے ، قابلِ ذکر ہیں ۔ یہ تمام نسخے لاہور ہی میں لکھے گئے تھے[2] ۔

عہدِ جہانگیری کا نامور خطاط عبداللہ الحسنی تھا ۔ جو زیادہ تر لاہور میں ہی مقیم رہا ۔ اس کے لکھے ہوئے کتبے لوہاری منڈی چوک کی بڑی مسجد میں موجود ہیں ۔ میراں سید صدر جو اکبر کے عہد میں مفتی اعظم کے عہدہ پر فائز تھا ۔ آخر ایام عہدِ اکبر میں

---

[1] Percy Brown ; Indian Architecture (Islamic period), 2nd edition, Bombay.

Breggs, Martins ; Muslim Architecture in India.

[2] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی ؛ پاک و ہند میں اسلامی خطاطی ۔ لاہور ۱۹۷۶ء ص ۳۵

مندرجہ بالا مرقعات اسلامی خطاطی سے لگاؤ۔ اُن کی قدر و منزلت، اعلیٰ سرپرستی کے آئینہ دار ہیں۔ خطاطی کے ان نمونوں میں اعلیٰ خطاطوں نے اپنی مہارت اور فن سے دِلی لگاؤ کو اعلیٰ پیمانے پر اُجاگر کیا۔

ہندوپاکستان میں مفت تعلیم کا رواج تھا۔ طلبہ سے کسی قسم کی فیس یا اُجرت وصول نہ کی جاتی۔ طلبہ کو ابتدائی تعلیم خاصی اہتمام سے دی جاتی تھی۔ چنانچہ کوئی گاؤں ایسا نہ تھا جس میں مسجد نہ ہو اور ہر مسجد کے ساتھ ایک مکتب ضروری تھا۔ اس کے بعد چھوٹے قصبوں میں بھی مکتب و مدرسے تھے۔ بڑے شہروں میں اعلیٰ پیمانے پر مکتب قائم تھے جو ہزاروں طلبہ کو تعلیم سے بہرہ ور کرتے۔ مساجد اور صوفیائے کرام کی خانقاہیں ملک بھر میں پھیلی ہوئی تھیں۔ ان کو صرف عبادت و ریاضت کے لیے ہی مخصوص نہ رکھا جاتا تھا بلکہ طلبہ کی تعلیم (دُنیاوی و روحانی) مقصدِ اوّل تھی۔ بڑے مدارس میں ذریعہ تعلیم فارسی و عربی تھا۔ مشہور و نامور ماہرین کی لکھی ہوئی کتابیں داخلِ درس ہو جاتی تھیں۔ مکتبوں اور مدرسوں میں ضبط و نظم بدرجۂ اُتم ملحوظ رکھا جاتا تھا۔

ہندوستان بھر میں مفت تعلیم و تدریس کا جو بہترین نظام قائم تھا۔ اُن کے مصارف کے لیے ایک طرف تو بادشاہ ان کی حکومتیں، امراء اور اُن کی جاگیریں، بیشمار مکاتیب و مدارس کے مصارف کی کفیل تھیں اور دوسری طرف ملک بھر میں تعلیمی اوقاف موجود تھے۔ مُسلمانوں کی پُوری تاریخ شاہد ہے کہ ہر بادشاہ کے عہد میں سادات و مشائخ، علماء و طلبہ کے لیے وظائف و عطیات برابر جاری رہے۔[1]

ہندوپاکستان میں اسلامی فنِ تعمیر بھی مغلوں کے عہد میں کمال کو پہنچا۔ بابر تیموری نسل سے تھا جس کے عہد میں سمرقند اعلیٰ درجے کی عمارات کا ایک عجائب گھر بن گیا تھا۔ مغل ایرانی فنون کے وارث تھے۔ انہوں نے بے نظیر تعمیری شاہکار پیش کیئے جو اب تک اُن کی شان و شوکت کے قصیدہ خواں ہیں۔ مغل دَور کی عمارات فتح پور سیکری، آگرہ

---

[1] ابن حسن : دولتِ مغلیہ کی ہیئتِ مرکزی، مترجم عبدالغنی نیازی، لاہور ۱۹۵۸ء

Jaffer, S.M. ; Education in Muslim India, Peshawar, 1936.

Keay, F. E. ; Indian Education in Ancient anc Later Times, Oxford, 1938.

عبدالمجید سالک : مُسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور

ایک اور بیاض "مرقع داراشکوہ"[۱] بھی ملتی ہے جس میں زیادہ تر عبداللہ الحسنی کے نمونہ جات ہیں (عکس ۸ (ب))
تین مزید "مرقعات"[۲] جو بہرام مرزا - امیر غائب بیگ اور شاہ اسمٰعیل کے ہیں - توپ کاپی میوزیم استنبول (ترکی) میں موجود ہیں جن میں زیادہ تر سلطان علی مشہدی (۸۸۵ - ۹۰۳ھ / ۱۴۸۰ - ۱۴۹۷ء) کے خطِ نستعلیق کے نمونہ جات ہیں، بختاور خان متوفی ۱۰۹۶ھ / ۱۶۸۵ء کی ایک بیاض دہلی میوزیم میں بھی موجود ہے[۳] جس میں خط شکستہ اور خط نستعلیق کے نمونہ جات ہیں - بختاور خان اورنگ زیب عالمگیر کا درباری تھا - اس بیاض میں سید علی جواہر رقم (عکس ۹) محمد امین مشہدی (۱۰۸۲ھ / ۱۶۷۱ھ) محمد باقر، محمد اسمٰعیل عاقل (۱۰۸۳ھ / ۱۶۷۲ء) سید احمد، محمد نعیم اصفہانی، محمد صادق، میر حبیب اللہ، مُولراج (۱۰۹۰ھ / ۱۶۷۹ء)، ہدایت اللہ زرّیں رقم (۱۱۱۲ھ / ۱۷۰۰ء)، نواب اشرف خان (متوفی ۱۰۹۷ھ / ۱۶۸۵ء)، نورالدین محمد (۱۰۸۱ھ / ۱۶۷۰ء) اور مرزا معزالدین محمد فطرت وغیرہ کے نمونہ جات ہیں - یہ تمام خطاط مغلیہ عہد سے تعلق رکھتے تھے - اسی طرح کی ایک اور بیاض لاہور عجائب گھر کے خطاطی کے ذخیرہ میں بھی موجود ہے جس میں خطِ نستعلیق، خطِ تعلیق، خط شکستہ اور خط شکستہ تعلیق آمیز میں نمونے ہیں - ان کو لکھنے والے تمام خطاط کا تعلق بھی عہدِ مغلیہ سے ہے - خطاطی کے نمونوں کے حواشی کو خوب صورت رنگوں میں بیل بوٹوں سے مزیّن کیا گیا ہے اور مجلّد ہے[۴] حال ہی میں لاہور کے عجائب گھر نے ایک البم کا حصّہ خریدا ہے جس میں خطاطی کے ساتھ ساتھ تصاویر بھی ہیں -

---

۱ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی : سرگذشت خطِ نستعلیق - لاہور ۱۹۷۰ء، ص ۵۲

۲ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی : سرگذشت خطِ نستعلیق - لاہور ۱۹۷۰ء صفحات ۳۶-۳۷

۳ ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی : فنونِ لطیفہ بعہد اورنگ زیب - لاہور ۱۹۵۷ء صفحات ۸۰ - ۸۲

مزید ملاحظہ ہو :-

i Percy Brown ; Indian Paintings, Oxford, 1924.

ii Maulvi Zafar Hussain ; Specimens of Calligraphy in the Delhi Museum of Archaeology, Calcutta, 1926.

۴ Tariq Masud ; A Rare Album of Calligraphy in Lahore Museum, in Journal of Research Society of Pakistan. Punjab University, Lahore, Vol. XVII, No. 4, October, 1980.

تو کتاب خانہ کی اعلیٰ کتابیں بادشاہ کے حضور میں پیش کی جاتی تھیں اور وہ خود اُن پر اپنی قلم سے دستخط کرتا اور خاص قسم کی مُہر لگائی جاتی[1] یہ سب مہتمم کتب خانہ خود بادشاہ کے روبرو پیش کرتا اور یہ تمام کام مکمل کراتا۔

غرضیکہ اکبر اور اس کے امراء نے جس وسعتِ قلب اور دریا دِلی سے علم وفن اور اس کی تعلیم وتدریس کی خدمت کی فنکاروں، خطاطوں اور مصوّروں کی حوصلہ افزائی کی، اس کی مثالیں شاہانِ سابق میں نہیں پائی جاتیں اور نہ ہی آئندہ بادشاہ اس کی اس علم دوستی کا مقابلہ کر سکے۔ وہ علماء، شعراء، فضلاء، فن کار اور خطاط کی قدردانی اور شوق ترویج تعلیم میں عمر بھر مصروف رہا۔ اس عہد میں ایک کتاب کما حقہ، اعلیٰ کتابت ومصوّر وجلد سازی کا صحیح نمونہ بنانے کے لیے اس قدر اعلیٰ فن کار بحیثیت ایک منظم محکمہ کے کام کرتے اور ـــــ اعلیٰ مراعات ان فنکاروں کو دربارِ شاہی سے میسّر تھیں۔ یہی حوصلہ افزائی ہے کہ اس وقت فن کتابت کا اعلیٰ معیار پایا جاتا ہے اور بے شمار اعلیٰ مستند کتب، ادب، تاریخ، مذہب اور فلسفہ وغیرہ تیار ہو گئی تھیں جو اب بھی ہمارے لیے مشعلِ راہ ثابت ہو رہی ہیں۔

اسلامی دُنیا میں اچھے خط کو ہمیشہ اچھی نگاہ سے دیکھا گیا اور خصوصاً مغلیہ عہد میں تو اس کی اہمیّت اور قدر ومنزلت عروج پر پہنچ گئی۔ ۱۶ صدی عیسوی میں مشہور خطاطوں کے بہترین نمونوں کو بیاض، مرقع یا البم کی صورت میں جمع کرنے کا آغاز ہوا اور پھر ان کے حاشیوں کو آرٹسٹوں نے بہترین رنگوں اور خوبصورت پھول پتیوں سے مزیّن کیا۔ اس طرح کی کئی ایک بیاض آج کل ترکی، ایران اور ہندو پاکستان کے مختلف عجائب گھروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ ہندو پاکستان میں تقریباً ہر طبقے کے شائقین نے خطاطی کے خوب صورت نمونوں کو بیاض اور مرقعوں کی صورت میں اکٹھا کیا۔ اس طرح کی ایک بیاض جہانگیر نے بھی تیار کرائی جس کا پیش لفظ ابوالفضل نے لکھا۔ جہانگیر بذاتِ خود خطاطی کا دلدادہ تھا اور اعلیٰ خطاطی کی پہچان رکھتا تھا۔ اس بیاض کو مرقع جہانگیری کے نام سے موسوم کیا گیا۔ اس مرقع میں میر علی ہروی (متوفی ۹۵۱ھ/۱۵۴۴ء) کے لکھے ہوئے بے شمار نمونے جمع کئے گئے تھے اور اپنے دربار کے مصوّروں سے ان کے حواشی کو منقش بنوایا[2]

---

[1] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: پاک وہند میں اسلامی خطاطی۔ لاہور ۱۹۷۶ء، ص ۴۱

[2] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: سرگذشت خطِ نستعلیق۔ لاہور ۱۹۷۰ء، ص ۱۰۹

کر رہے تھے، ہندو اپنا وہی بھوج پتّر لیے بیٹھے تھے۔ پندرھویں صدی تک بھی ہندوستان میں کاغذ کا رواج کم تھا۔ صرف مغربی ساحل کے گجراتی تاجر سمندر پار کے تاجروں کے ساتھ کاروبار کرنے کی وجہ سے کاغذ استعمال کر رہے تھے[1] ظاہر ہے کہ کاغذ کے بغیر مصوّری اور خطاطی ترقی کے رستے پر قدم نہ بڑھا سکتی تھی۔ چھال اور کھال اور بھوج پتّر کاغذ کا کام نہ دے سکتے تھے۔

مغلوں کے عہد میں خصوصاً اورنگ زیب کے عہد میں سیالکوٹ علوم اسلامی کا ہی نہیں بلکہ کاغذ سازی کا بھی بہت بڑا مرکز تھا۔ سیالکوٹ کی خصوصیّت یہ تھی کہ یہاں پر بہت اچھا کاغذ بنتا تھا۔ مان سنگھی اور ریشمی کاغذ خاص طور پر مشہور تھا۔ اس کے نواح میں تین گاؤں تھے۔ یہ گاؤں نیکا پورہ، رنگ پورہ اور کیرانوالہ پورہ کاغذ سازی کے لیے عہد مغلیہ سے اب تک مشہور چلے آ رہے ہیں۔ شاہانِ دہلی کے دفاتر میں بھی زیادہ تر یہی کاغذ استعمال ہوتا تھا[2]

اکبر نے اپنے کارخانہ جات شاہی میں ایک خاص شعبے کا اضافہ کیا جس میں کتاب سازی کے تمام متعلقہ کام سکھائے جاتے تھے۔ اس کارخانہ میں سو سے زیادہ مصوّر تھے اور بے شمار نقاش جو خطاطوں کے ساتھ مل کر کام کرتے تھے[3] نتیجہ یہ ہُوا کہ ۱۶۴۱ء تک کتب خانہ شاہی میں ۲۴۰۰ قلمی نسخے فراہم ہوئے۔ جو انہی باکمالوں کی محنت اور فنکاری کے شاہکار تھے۔

عہدِ مغلیہ میں باقاعدہ ایک کتابدار مقرر کیا جاتا۔ اس کی الگ مُہر ہوتی اور ہر سال تبدیل ہو کر اس کے اندر نئے سال کا اندراج ہوتا۔ مغل دربار میں کسی قسم کی دستاویزات پر مختلف احکام کے تحت مختلف مہریں لگانی پڑتی تھیں اور یہ کام بھی کتابدار کے ذمہ ہی ہوتا۔ جو میر بخشی، میر سامان اور صدر کے اہلکاروں سے گذر کر کاغذ آتے اُن کو ترتیب دیا جاتا اور اسی نوعیت سے یہ مہریں فرمانوں، پروانوں اور رقعات پر ثبت کی جاتی تھیں۔ جب بادشاہ کی تاجپوشی یا تخت نشینی ہوتی

---

[1] عبدالمجید سالک: مسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور۔ ص ۳۸۸

[2] عبدالمجید سالک: مسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور۔ ص ۲۲۶ و

ابن حسن: دولتِ مغلیہ کی ہیئتِ مرکزی، مترجم عبدالغنی نیازی، لاہور ۱۹۵۸ء

Jadu Nath Sarkar ; History of Aurengzeb, Vol. I-IV, Calcutta, 1912-1919.

Percy Brown ; Indian Paintings, Oxford, 1924, p. 63.

تھیں ۔جن میں سے بعض خود مصنفوں کے ہاتھ کی لکھی ہوتیں اور بعض ان کے معاصرین کی لکھی ہوئی تھیں ۔ یہ تمام کتب شاہی کتبخانہ میں داخل کی گئیں[۱]

متذکرہ بالا کتب خانوں کے علاوہ بیگم نورجہان کا کتب خانہ ۔ دکن کے کُتب خانے ، محمّد طاہر پتنی اور شاہ وجیہ الدّین کا گجرات میں کُتب خانہ ، سُورت میں سیّد بغدادی اور شیخ فرید بخاری کے کُتب خانے قابل ذکر ہیں[۲]

ان کتب خانوں سے اس عہد کی ایک مکمّل تصویر سامنے آتی ہے ۔ جو سب فنِ کتابت کے باعث ظہور میں آئے ۔ جن میں خطاطوں نے اپنے کمالات دکھائے اور خطاطی کو ایک اعلیٰ فن کے طور پر اپنایا اور بلند درجہ دیا ۔ اکبر کی خاص توجہ سے فنِ کتابت اور کتاب خانہ کی ترویج کو خاص ترقی ہوئی ۔ اکبر کے ہی فرمان اور حوصلہ افزائی سے متذکرہ کتابیں محفوظ نظر آتی ہیں اس طرح شاہی کتب خانہ آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ اور علم کا خزانہ ثابت ہُوا ۔

مغل دبستان کی ایک خصوصیت یہ تھی ۔ کہ اس میں مصور اور خطاط دونوں پہلو بہ پہلو نظر آتے ہیں ۔ مغلوں کی تیار کرائی ہوئی کتابوں میں نظم و نثر خوش نویس لکھتا تھا اور تصاویر مصوّر بناتا ۔ یعنی فنِ تصویر کے ساتھ ہی ساتھ خوشنویسی ارتقائی منزلیں طے کرتا ہُوا بلندیوں تک پہنچا ۔ یہ دونوں فن صرف کاغذ کی وجہ سے ترقی پذیر ہوئے[۳] ہند و پاکستان میں کاغذ درآمد کرنے والے صرف مُسلمان تھے ۔ ہندوؤں کی قدامت پرستی کا یہ حال تھا کہ جس زمانے میں ایشیا کے اکثر ممالک کاغذ استعمال

۱۔ Col. G.B. Malleson ; Akbar and the Rise of the Mughal Empire, Oxford, 1915, p. 151.

۲۔ ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : پاک و ہند و اسلامی خطاطی ۔ لاہور ۱۹۷۶ء ص ۴۷

مزید تفصیل کے لیے یہ ملاحظہ ہوں :

I. Chopra, Pran Nath ; Social Life during the Mughal Age, Agra, 1963.

II. Dr. P. Saran ; The Provincial Governments of the Mughals, Allahbad, 1941.

III. R.R. Sethy, V.D. Mahajam ; India Since 1526, Delhi.

۳۔ Percy Brown ; India Paintings, Oxford, 1924.

اورنگ زیب عالم گیر (۱۰۶۹-۱۱۱۸ھ/۱۶۵۹-۱۷۰۷ء) علم سے بے حد شغف رکھتا تھا۔ اس نے بے شمار مکاتب و مدارس قائم کیے اور عربی، فارسی، ترکی اور ہندوستانی چار زبانیں بدرجہ احسن جانتا تھا۔ اس نے قرآن شریف حفظ کیا اور قرآن شریف کی کتابت کرتا تھا۔ زبان فارسی کا بے نظیر انشاء پرداز تھا۔ اس کو دینیات سے مخصوص دلچسپی تھی۔ جس کی وجہ سے کتب خانہ شاہی کے دینی حصے میں گرانقدر کتابوں کا اضافہ ہوا[1]

الغرض مغلیہ عہد میں ہر بادشاہ نے نادر قلمی کتابیں جمع کیں اور اپنے شاہی کتب خانوں کی زینت بنایا۔ بابر کے عہد میں محمد علی کتابدار، ہمایوں کے زمانہ میں شیخ محمد منجو اور ملا سرخ، اکبر کے عہد میں ملا بلال، عنایت اللہ اور خواجہ شریف، جہانگیر کے عہد میں مکتوب خان کتاب خانہ کا مہتمم تھا۔ شاہ جہان کے عہد میں ملا صالح بن عبداللہ مشکیں قلم اور اس کے بعد رشید دیلمی تھا۔ اورنگ زیب کے عہد میں سید علی جواہر رقم اور ابوالفتح کامل خان قابل ذکر کتاب دار تھے۔

امرائے مغلیہ میں بھی قریب قریب سب کو ذوق نظر اور علمی مشاغل سے تعلق تھا۔ مگر ان میں بعض امراء اپنی اس قابلیت کی وجہ سے منفرد تھے۔ مثلاً بیرم خان اور اس کا لڑکا عبدالرحیم خانخاناں۔ منعم خانخاناں اور فیضی وغیرہ جنہوں نے اس عہد میں گراں بہا علمی خدمات انجام دیں۔ عبدالرحیم نے توزک بابری کا ترجمہ فارسی میں بعہد اکبر کیا۔ اس نے اپنے لیے ایک اعلیٰ کتاب خانہ قائم کیا۔ جس میں نادر قلمی کتابیں تھیں۔ کتب خانہ میں اعلیٰ خطاط، نقاش اور جدول نویس ملازم تھے۔ اس عملہ میں ملا محمد امین جدول ساز، ملا محمد مومن، محمد حسین، کاشی بقائی اور غنی ہمدانی، میاں مولانا فہیم، میاں ندیم اور بہبود مرزا خوشنویس و مصور تھے۔ یہ زیادہ تر میر علی ہروی کی روش پر لکھتے تھے۔ ان کے ساتھ مشفق، مادھو، مولانا صوفی اور ملا محمد علی کشمیری (۱۰۲۰ھ/۱۶۱۱ء) اس لائبریری میں ایک کتاب کے عربی سے فارسی ترجمہ کے لیے متعین ہوئے۔ غرضیکہ عبدالرحیم کے پاس اپنا الگ ادارہ تھا جہاں اعلیٰ کاتب، مصور اور جدول نویس کام کرتے تھے[2]

جب فیضی کا انتقال ہوا (م ۹۹۶ھ/۱۵۸۷ء) تو اس کے ذاتی کتب خانہ میں (چار ہزار تین سو قلمی کتابیں موجود

---

[1] خافی خان: منتخب اللباب، مترجم محمود احمد فاروقی۔ حصہ سوم۔ کراچی ۱۹۷۶ء و
علامہ شبلی نعمانی: اورنگ زیب پر ایک نظر: از مولانا غلام رسول مہر۔ لاہور ۱۹۷۲ء

[2] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی: پاک و ہند میں اسلامی خطاطی، لاہور ۱۹۷۶ء ص ۴۴

کے موقع پر اعتماد خان گجراتی کا کتب خانہ بھی اکبر کے ہاتھ آیا۔ جس میں بہت سی نادر کتب تھیں۔ جو شاہی کتب خانہ میں داخل کی گئیں۔ عہد اکبر میں جن کتابوں کو تیار کیا گیا۔ ان کو کسی قدر آئین اکبری میں ابوالفضل نے بیان کیا ہے[1] ان کو اعلیٰ کاتبوں نے لکھا اور مشہور مصوّروں نے مصوّر کیا تھا۔ اکبر خود ان کتابوں کو روزانہ رات کو سنتا۔

جہانگیر (۱۰۱۴-۱۰۳۷ھ/۱۶۰۵-۱۶۲۸ء) فارسی کے علاوہ ترکی بھی جانتا تھا۔ اس نے محمد ہادی اور معتمد خان کی مدد سے اپنی سوانح عمری (تزک جہانگیری) مکمل کی۔ جہانگیر جب گجرات گیا تو ایک کتب خانہ ساتھ تھا اور اس نے اس کتب خانے سے چند کتابیں شیوخ گجرات کو عنایت کیں۔ خواجہ شریف بن عبدالصمد کو امیرالامراء کا خطاب دے کر ایک خطاط کی سرپرستی کی۔ اس کی نگرانی میں بے شمار مخطوطے کاتبوں نے تیار کیے۔ یہ مہتمم کتاب خانہ اعلیٰ کاتب اور مشہور کاتب کا بیٹا تھا۔

شاہ جہان (۱۰۳۷-۱۰۶۹ھ/۱۶۲۸-۱۶۵۹ء) کے چاروں بیٹے اعلیٰ خطاط تھے۔ شہزادہ داراشکوہ نے ملک بھر سے ذی علم آدمیوں کو اکٹھا کر کے ویدوں کا ترجمہ فارسی میں کرایا۔ وہ خود بھی متعدد کتابوں کا مترجم اور مصنف تھا۔ اس نے اپنشدوں کا ترجمہ سرالاسرار یا (سرّاکبر) کے نام سے کیا۔ بھگوت گیتا۔ یوگ وششٹ اور رامائن کا بھی ترجمہ کیا سفینۃ الاولیاء میں اولیائے اسلام کے حالات لکھے۔ سکینۃ الاولیاء بھی لکھی۔ اس کے علاوہ نادر النکات، حسنات العارفین اور رسالہ حق یہ تینوں رسالے تصوف پر تالیف کیے اور مجمع البحرین لکھی[2]

---

[1] علامہ ابوالفضل : آئین اکبری، مترجم مولوی محمد فدا علی طالب، لاہور۔ جلد اوّل۔ ص ۱۹۱

Abdul Fazl, Allami ; Akbar Nama, Calcutta, 1877.
Ain-i-Akbari, Calcutta, 1877.
; English Translation, Blochman & Jarret, Ain-i-Akbari, Calcutta, 1939.

[2] عبدالمجید سالک : مسلم ثقافت ہندوستان میں۔ لاہور، ص ۲۲۴

Percy Brown ; Indian Paintings, Oxford, 1924.

سلیم واحد سلیم : تزک جہانگیری (اردو ترجمہ)، لاہور ۱۹۶۰ء

بابر (۹۳۲ - ۹۳۷ھ/۱۵۲۶ - ۱۵۳۰ء) ایک باذوق بادشاہ تھا - اس کو عربی، فارسی اور ترکی نظم و نثر لکھنے کا بینظیر ملکہ حاصل تھا - اس نے توزک لکھی جو واقعات کی صحت کے علاوہ دیگر محاسنِ تحریر سے بھی مالا مال ہے - یہ نثر کا بہترین نمونہ سمجھی جاتی ہے - بابر نے "مفصل" کے نام سے عروض پر بھی ایک کتاب لکھی[1] بابر جب یہاں آیا تو اس کا کتب خانہ اُس کے ہمراہ تھا - اس کے علاوہ اس کے ہمراہ علماء و فضلاء اور خطاط بھی تھے - جو اہلِ علم سب سے پہلے بابر کی توجہ اور سرپرستی سے مستفیض ہوئے وہ تین تھے - اوّل میر خوند کا پوتا خوندامیر مصنف "حبیب السیر" بنگال کی مہم میں بابر کے ساتھ ہی تھا - بابر کے انتقال پر دربار ہمایوں سے منسلک ہُوا اور ہمایوں کے نام پر "قانون ہمایوں" لکھی - دوم مولانا شہاب الدّین معمائی اور سوم مرزا ابراہیم ہراتی -

ہمایوں (۹۳۷ - ۹۶۳ھ/۱۵۳۰ - ۱۵۵۶ء) کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اس کا کتب خانہ سفر و حضر میں ہر وقت اس کے ہمراہ رہتا تھا - ہمایوں علمِ ہیئت اور جغرافیہ کے مطالعہ کا بہت شوقین تھا - اس نے عناصر کی نوعیت پر مقالے بھی لکھے - ہمایوں نے اپنی قلمرو میں اپنے مقربوں کو تین حصّوں میں منقسم کیا تھا - علماء و مشائخ ادباء و شعراء اور فقہاء "اہلِ سعادت" کہلاتے تھے - بادشاہ کے اعزہ، امراء، وزراء اور سردارانِ فوج کو "اہلِ دولت" سے موسوم کیا جاتا تھا حسن و نشاط اور فنونِ لطیفہ کی قابلیّت رکھنے والے "اہلِ مراد" کہلاتے تھے - ہمایوں جب پناہگزین کی حیثیت سے بھاگا تو اس کا کتب خانہ اُس کے ہمراہ تھا اور جب دوبارہ تخت نشین ہُوا تو اُس نے شیر شاہ کی بنائی ہوئی ایک عمارت "شیر منڈل" کو کتب خانہ میں تبدیل کیا اور اسی کتب خانہ کی سیڑھیوں سے اُترتے وقت گرا اور مر گیا - اس عہد کا ایک نسخہ نیشنل میوزیم کراچی میں محفوظ ہے -

اکبر (۹۶۳ - ۱۰۱۴ھ/۱۵۵۶ - ۱۶۰۵ء) کو کتابیں جمع کرنے کا بے حد شوق تھا - اس کے عہد میں کتب خانہ شاہی کی کچھ کتابیں حرمِ سلطانی میں رہتی تھیں اور کچھ محل کے مردانہ حصّے میں رکھی جاتی تھیں - فتح گجرات (۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء)

---

[1] عبدالمجید سالک : مسلم ثقافت ہندوستان میں - لاہور و
شیخ محمد اکرام : رُودِ کوثر - لاہور ۱۹۷۵ء

Elliot, H. M. ; & Dowson ; History of India.

ہے[1] خط نستعلیق کو میر علی تبریزی کے شاگردوں نے بہت ترقی دی - ان میں مولانا جعفر تبریزی (متوفی ۸۶۰ھ/۱۴۵۵ء) اور مولانا اظہر (متوفی ۸۸۰ھ/۱۴۷۵ء) مشہور ہیں -

برصغیر ہند و پاکستان میں کتب خانہ کا وجود ابتداء قیام سلطنت اسلامیہ سے ہی معرض وجود میں آگیا تھا - تعلیمی ادارے عام طور پر مساجد اور خانقاہوں میں ہوتے تھے - یہی وجہ ہے کہ تمام علمی خزانے یا تو مساجد سے ملتے ہیں، یا پھر بزرگان دین کی خانقاہوں سے - خانقاہوں کے ساتھ باقاعدہ علمی ادارے ہوا کرتے تھے اور بعض ادارے باقاعدہ کتب خانوں سے مرصع ہوتے تھے - جن سے طالب علم باقاعدہ طور پر مستفیض ہوتے تھے - یعنی یہ ایک باقاعدہ درسگاہ کا صحیح تصور تھا[2] تغلق عہد (۷۲۰ - ۸۱۷ھ/۱۳۲۰ - ۱۴۱۴ء) میں کتب خانہ ایک مستقل حیثیت اختیار کر گیا - جب کہ فیروز شاہ تغلق (۷۵۲ - ۷۹۰ھ/ ۱۳۵۱ - ۱۳۸۸ء) نے اس کے لیے باقاعدہ عمارتیں بھی بنوائیں - اس کے عہد میں تاتار خان جو ایک بہت بڑا فاضل تھا - اس نے ایک کتاب خانہ بنا رکھا تھا - جس میں بہت سی کتب موجود تھیں - عہد لودھی (۸۵۵ - ۹۳۲ھ/۱۴۵۱ - ۱۵۲۶ء) میں غازیخان کا ذکر ملتا ہے - جو ابراہیم لودھی (۹۲۳ - ۹۳۲ھ/۱۵۱۷ - ۱۵۲۶ء) کا خاص درباری تھا - اس کا منظم صورت میں دہلی کے قلعہ میں ایک کتب خانہ تھا - جس پر بعد میں بابر نے قبضہ کر لیا تھا - قبل از مغلیہ عہد کتابوں کو لکھ کر تیار کرنے کے باقاعدہ ادارے معرض وجود میں تھے - کتابوں کو نقل کرنے اور نقل کرنے والوں کی اجرت کا باقاعدہ نظام تھا اور سامان کتب فراہم کیا جاتا تھا[3]

بہرحال کتب خانوں کے لیے علیحدہ عمارتوں (لائبریریوں) کا تصور ہمیں پہلی بار عہد مغلیہ میں ملتا ہے - کتب خانہ کا اصل اور صحیح تصور بھی عہد مغلیہ میں ہی ملتا ہے - اس کا ثبوت ان لاکھوں مخطوطوں سے ہوتا ہے - جو مغل دور کے شاہی کتب خانوں میں تھے اور آج دنیا کے مختلف عجائب خانوں، کتب خانوں اور ذاتی مجموعوں میں موجود ہیں - جس سے اس عہد کے علمی مذاق ذوق، اعلیٰ کتابت، مروج اسلوب اور تعلیمی ماحول کا اندازہ ہوتا ہے[4]

---

[1] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: پاک و ہند میں اسلامی خطاطی، لاہور ۱۹۷۶ء - ص ۲۲

[2] عبدالمجید سالک: مسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور - ص ۲۱۰

[3] عبدالمجید سالک: مسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور - ص ۲۱۰

[4] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: پاک و ہند میں اسلامی خطاطی - لاہور ۱۹۷۶ء

کی گئی ۔ بعض نہایت قابل خواتین پیدا ہوئیں، بعض شاعرہ، بعض مصنف اور بعض بہترین خطاط ۔ مثلاً بابر کی بیٹی گلبدن بیگم نہایت شستہ و شائستہ مذاق کی انشاء پرداز اور مؤرخہ تھی ۔ ماہم آنگہ پڑھی لکھی اور علم دوست خاتون تھی ۔ نورجہاں فارسی و عربی میں ماہر تھی اور ایک اچھی شاعرہ تھی ۔ ارجمند بانو بیگم (ممتاز محل) فارسی میں خاص مہارت رکھتی تھی اور شعر بھی کہتی ۔ اورنگ زیب کی لڑکی زیب النساء بہت عاقلہ و عالمہ تھی ۔ یہ عربی و فارسی میں پوری مہارت اور فن خطاطی میں کمال رکھتی تھی، یہ صرف ان خواتین کا مختصر تذکرہ ہے ۔ جن کے نام تاریخ میں نہایت ممتاز اور نمایاں ہیں[1] ورنہ حقیقت یہ ہے کہ ہند و پاکستان کا کوئی شاہی خاندان تعلیم یافتہ شہزادیوں سے خالی نہ تھا ۔ بلاشبہ مغلیہ دور کا یہ زمانہ ہند و پاکستان میں خطاطی کے ارتقاء کی نشاۃ اولیٰ ہے ۔

بابر ۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء میں جب ہندوستان آیا تو اس کے ہمراہ وسط ایشیا سے اکثر فضلاء، نقاش، خطاط و دیگر ماہرین بھی آئے[2] یہ دبستانِ ہرات کے اساتذہ تھے ۔ ان کی وجہ سے یہاں پر پہلی بار خطِ نستعلیق جاری ہوا ۔ خطاطوں میں ملا زاہد قابلِ ذکر تھے ۔ انہوں نے حضرت نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ پر بعض کتبات خط نستعلیق میں لکھے ۔ یہ ایک طرح کا یہاں پر طرزِ نستعلیق کا عملی آغاز تھا[3] میر علی تبریزی کو اس خط کا موجد قرار دیا جاتا ہے ۔ یہ امیر تیمور کا ہمعصر تھا ۔ جو بغداد میں سلطان احمد جلائر (۷۸۳-۸۱۳ھ/۱۳۸۱-۱۴۱۰ء) کے دربار سے منسلک تھا لیکن بقول ابوالفضل یہ یقینی نہیں کیونکہ یہ خط صاحبقران امیر تیمور سے پہلے بھی لکھا جاتا تھا[4] اس میں شک نہیں کہ میر علی کو نستعلیق کا اوّلین مصلح ضرور کہا جا سکتا ہے کیونکہ اسی کے کمال فن کی وجہ سے نستعلیق کو عروج حاصل ہوا ۔ یہ خط اپنی نوک پلک، دامنوں اور گولائیوں کی زیب و زینت کے لحاظ سے اب تک مستعمل ہے ۔ میر علی تبریزی نے بغداد میں خواجہ کرمانی کی فارسی کلیات کو (۷۹۸ھ/۱۳۹۵ء) میں اسی خط نستعلیق میں لکھا ۔ حالانکہ بغداد کی اپنی زبان عربی تھی ۔ کلیات کا یہ نسخہ برٹش میوزیم لندن میں (۱۱۳-۱۸-۸۸۸) محفوظ

---

[1] E. S. Barrt ; The Princess of India, 2nd edition, London, 1875.

[2] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : سرگذشت خطِ نستعلیق، لاہور ۱۹۷۵ء

Percy Brown ; Indian Paintings, Oxford, 1924.

[3] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اسلامی خطاطی ۔ لاہور ۱۹۷۶ء ۔ ص ۲۳

[4] علامہ ابوالفضل : آئین اکبری، مترجم مولوی محمد فدا علی طالب ۔ لاہور ۱۹۷۶ء ص ۲۲

خطاط تھے۔ یا پھر خطاطی کے دلدادہ تھے۔ مغل فرمانرواؤں کا یہ نصب العین تھا کہ وہ ولی عہد، شہزادے اور شہزادیوں کی تعلیم میں انتہائی سعی کرتے تھے۔ عام تعلیم اور فنونِ سپہ گری کے بعد اُن کو خطاطی خاص طور پر سکھائی جاتی تھی اور جو اتالیق مقرر کیا جاتا تھا۔ اس کے لیے خوشنویس ہونا لازمی تھا اور اگر اتفاق سے معلّم اس صفت سے خالی ہوتا تو تعلیم خط کیلئے کوئی نامور خطاط مقرر کیا جاتا تھا[1]۔ اعلیٰ خطاطوں کو باقاعدہ شاہی سرپرستی دی گئی اور اسی شاہی سرپرستی کی وجہ سے اکثر ماہرینِ خطاط ایران و افغانستان سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے۔ انہیں اعلیٰ منصب اور جاگیریں مہیا کی گئیں۔ اسی عہد میں پہلی بار خط نستعلیق کا ہندوستان میں ورود ہوا۔ خطاطی میں دلکشی اور رعنائی پیدا ہوئی۔ خط نستعلیق اپنی خوبیوں کی بناء پر بہت جلد خط نسخ سے کہیں زیادہ مقبول ہوا۔ اس عہد میں خطاطوں کی ایک کثیر تعداد اس فن کی خدمت میں سرگرم نظر آتی ہے۔ جو پہلے کبھی نہیں ملتی اور نہ ہی بعد میں ایسی مثال نظر آتی ہے۔ بہر حال تقریباً تمام مروج اسلوب یعنی خطِ کوفی۔ خطِ ثلث، خطِ نسخ، نستعلیق، تعلیق، بہار، شکستہ، دیوانی اور خط شفیعا بھی استعمال ہوتے رہے۔ الغرض برصغیر ہند و پاکستان میں خطاطی کا یہ سنہری دَور تھا اور اس دَور میں خطاطی کا فن خوب پھلا پھولا۔

بابر خود بڑا خطاط اور نقاد تھا اور خط بابری کا موجد تھا[2] (عکس ۸ (ا)) ہمایوں بہت بڑا علم دوست اور انشاء پرداز تھا۔ اکبر گو اَن پڑھ تھا۔ لیکن علماء و فضلاء اور اہل قلم کا قدر دان تھا۔ بلکہ حقیقت میں خطاطی کو سب سے زیادہ ترقی اسی دَور میں ہی ہوئی۔ خطاطوں کو شاہی سرپرستی میں لیا۔ اعلیٰ منصب اور جاگیریں دیں۔ جہانگیر ایک شاعر، مصوّر اور ایک اچھا انشاء پرداز تھا۔ شاہ جہان اور اس کے چاروں لڑکے بہترین خطاط تھے۔ داراشکوہ نے تو کئی ایک کتب لکھیں۔ اورنگ زیب خط نسخ کا زبردست ماہر تھا۔ وہ اپنے ہاتھ سے قرآنِ پاک لکھتا تھا۔ بہادر شاہ ظفر بھی خطِ نسخ کا ماہر اور خطِ طغریٰ میں بہترین ہاتھ رکھتا تھا (عکس ۱۰ (ا)[3])۔ اس دَور میں تعلیم نسواں پر بھی خصوصی توجہ صرف

---

[1] حکیم محمود علی خان ماہر: تحقیقاتِ ماہر۔ دہلی، ۱۹۳۶ء۔ ص

[2] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی: پاک و ہند میں خط نستعلیق، لاہور ۱۹۷۴ء۔ ص

اردو دائرہ معارف اسلامیہ۔ جلد ۱۵۔ پہلا ایڈیشن، پنجاب یونیورسٹی لاہور ۱۹۷۵ء

[3] S. Amjed Ali ; Calligraphy in Pakistan, Pakistan Quarterly, Karachi, 1962. p. 9.

اُس کے جانشینوں نے انہی مختصر ریاستوں میں علم و ثقافت کو فروغ دیا۔ تیمور کا بیٹا شاہرخ خود شاعر اور عالم تھا۔ اس کا ایک بیٹا الغ بیگ تھا۔ جس نے اپنے دارالحکومت استرآباد میں ایک رصدگاہ تعمیر کرائی دوسرے بیٹے بائسینقر نے کتابیں جمع کرنے پر ناموری حاصل کی۔ لیکن تیموری خاندان میں سے جس حکمران نے علم و فن کی سرپرستی کو کمال تک پہنچایا۔ وہ تیمور کے ایک اور بیٹے عمر شیخ کا پڑپوتا سلطان حسین مرزا تھا۔ جو ۸۷۳ھ - ۹۱۲ھ / ۱۴۶۸ - ۱۵۰۶ء) تک خراسان کا حکمران رہا۔ اس کے دارالحکومت ہرات میں بہزاد جیسا مصور، جامی جیسا شاعر، میر خواند اور خواند میر جیسے مؤرخ اور شیر علی نوائی جیسے ہر فن مولا درباری تھے۔ مغلیہ حکومت کا بانی بابر، حسین مرزا کا دوست اور مداح تھا لیکن وہ صرف ان عدیم النظیر ہستیوں کا ہی قدردان نہ تھا۔ جو حسین مرزا کے دربار میں جمع ہو گئی تھیں بلکہ اُسے وہ رُوح عزیز تھی جو ان مشاہیر کی سرگرمیوں میں کارفرما تھی۔

ان تہذیبی روایات کو بابر اور اُس کے جانشینوں نے اپنی اس نئی سلطنت میں منتقل کیا لیکن مغلیہ دَور میں تہذیب و تمدّن کی نشو و نما میں کچھ اور عوامل بھی شامل رہے ہیں۔ بابر اپنے ساتھ وسط ایشیائی فُضلاء اور فن کار لایا۔ ساتھ ہی بابر کے تعلقات صفوی خاندان کے بانی شاہ اسمٰعیل سے خوشگوار تھے اور ایرانی تہذیب کا اثر بھی موجود تھا۔

ہمایوں کو دوبارہ تاج و تخت طہماسپ صفوی کی بدولت ہی سے ملا۔ اُس نے جلاوطنی کا جو عرصہ ایران میں گذارا۔ اس دوران ایرانی تہذیب و تمدّن سے اُسے گہرا لگاؤ پیدا ہو گیا اور جب وہ ہندوستان کو واپس لوٹا تو متعدد ایرانی شعرا۔ مصوّر اور اہلِ قلم اس کے ساتھ تھے۔ جنہوں نے ایک نئے تہذیبی عمل کا آغاز کیا۔ جو آگے چل کر اور مستحکم ہُوا۔ اور جس چیز کو ہم مغلیہ تہذیب کہتے ہیں۔ وہ دراصل وسط ایشیائی اور ایرانی تہذیبوں کے مقامی تہذیب پر اثرات کا نتیجہ تھی۔ ان تہذیبی اثرات کے علاوہ ایک اہم حقیقت یہ ہے کہ اسلامی علوم کا بھی برصغیر میں فروغ پہلی مرتبہ عہد مغلیہ میں ہُوا۔ اس کی وجہ حکومت کا استحکام اور علوم کی سرپرستی تھا۔ غرض مغلوں نے فنونِ لطیفہ، انتظامی معاملات سیاست دان اور عام تہذیب و تمدّن میں ایک ایسا معیار قائم کیا۔ جو نہ صرف برصغیر ہندو پاکستان بلکہ بنی نوع انسان کی تاریخ میں ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

مغلیہ خاندان میں بڑے بڑے نامور بادشاہ پیدا ہوئے۔ جو گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے۔ ہر بادشاہ علوم و فنون کا دلدادہ، اہلِ فن کا قدردان اور علم و فن کی ترقی میں بحیثیت ماہر فن بہ نفسِ نفیس حصّہ لیتا۔ اکثر مغل حکمران یا تو خود

خطِ نستعلیق کا اجراء و ارتقاء

بابر نے ۱۵۲۶ء میں پانی پت کے میدان میں ابراہیم لودھی کو شکست فاش دے کر مغلیہ حکومت کی داغ بیل ڈالی۔ جو تقریباً ۳۲۵ سال تک برصغیر پاکستان و ہند میں قائم رہی۔ آخر کار انگریزی دَور کی آمد سے ۱۸۵۷ء میں اس عظیم مغل سلطنت کا خاتمہ ہُوا۔ برصغیر میں یہ دَور سب سے زیادہ شاندار اور پُر امن تھا۔ اس میں نہ صرف ملکی نظم و نسق اور رعایا کی خوشحالی کا اعلیٰ درجے پر انتظام ہُوا۔ بلکہ ہندوستانی تہذیب و تمدّن اور قومی علم و ادب کی تاریخ میں ایک درخشاں باب کا اضافہ ہوا۔ اس کی کئی ایک وجوہات تھیں۔ پہلی یہ کہ جو حکمران تاریخ میں شاہانِ مغلیہ کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کا مغلوں یا منگولوں سے فقط دُور کا تعلق تھا۔ وہ حقیقت میں چغتائی ترک تھے۔ امیر تیمور کی نسل سے ہونے کے ناطے سے ان میں منگولوں کی نہیں ترکوں کی خصوصیات تھیں اور وہ بھی اُن ترکوں کی جنہوں نے امیر تیمور کی عالم گیر فتوحات کے بعد مشرق و مغرب کے تہذیبی عناصر اخذ کرنے کی کوشش کی تھی۔ امیر تیمور کی بڑی آرزو تھی کہ وہ اپنے دار الحکومت سمرقند کو مشرق کا تہذیبی مرکز بنا دے۔ اس مقصد کے لیے جہاں کہیں وہ جاتا۔ اہلِ ہنر، اہلِ صنعت اور معماروں کو گرفتار کر کے اپنے ساتھ لے آتا۔ اُن کی مدد سے سمرقند میں عالی شان خوبصورت عمارتیں تعمیر ہوئیں اور شہر عروس البلاد بن گیا[1]

تیمور کے وارث فتوحاتِ ملکی میں تو اُس کے مرتبہ کو نہ پہنچے لیکن علم کی محبت اور تہذیب و ثقافت کی ترقی میں اس سے بہت بڑھ گئے۔ اس کی وفات کے جلد ہی بعد اس کی وسیع سلطنت محدود حکمرانیوں میں منقسم ہو گئی لیکن

---

[1] شیخ محمد اکرام: رُودِ کوثر، لاہور ۱۹۷۵ء ص ۱۸

اس دَور میں خطاطی کو یہ اعزاز حاصل تھا۔ کہ بادشاہ خصوصی طور پر شہزادوں کو خطاطی کی تعلیم سے بہرہ وَر فرماتے تھے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ نمبر)

V. Munshi, K. M. ; The Delhi Sultanat, Bombay, 1960.

VI. Qureshi, I. H. ; Administration of Delhi Sultanat, Lahore, 1942.

VII. Stephen, Carr ; Archaeology and Monumental Remains of Delhi, Calcutta, 1870.

VIII. Sh. Muhammad Ikram ; The Cultural History of Pakistan, Karachi, 1955.

IX یحییٰ بن احمد سرہندی : تاریخ مبارک شاہی، ڈاکٹر آفتاب احمد مترجم - اُردو - مرکزی اُردو بورڈ - لاہور ۱۹۷۶ء

X مترجم ولایت حسین : تاریخ فیروز شاہی، حیدر آباد

XI انجم رحمانی : برصغیر پاک وہند میں خطاطی، لاہور ۱۹۷۸ء

عہد سلطنت میں تقریباً ہر سلطان نے مساجد اور مدرسوں کی تعمیر کرائی ۔ لیکن تغلق عہد کے مدارس کافی اہمیت کے حامل تھے ۔ ضیا الدین برنی[1] کے مطابق تغلق عہد میں ہر شہر میں مساجد کے ساتھ کتب خانوں کا قیام لازمی حیثیت رکھتا تھا اور ان کتب خانوں میں کتب اکثر ماہر خطاطوں کی لکھی ہوتی تھیں ۔ ہندو پاکستان کے سلاطین جو مدرسے تعمیر کرتے تھے ۔ ایک مکمل عمارت کی صورت میں ہوتے ۔ مدرسہ کے ساتھ ایک مسجد کا قیام ہوتا ۔ طلبہ کے لیے باقاعدہ کتب خانہ ہوتا مکتبوں میں شاگرد آلتی پالتی مار کر بیٹھتے یا چٹائی پر بیٹھتے تھے ۔ سرکنڈے کے قلم یا واسطین[2] سے کاغذ پر لکھتے تھے ۔

---

[1] Ziauddin Barani ; Tarikh-i-Firuz Shahi, Calcutta, 1862.

[2] واسطین (Wasit) واسط عراق کا مشہور شہر ہے ۔ اس شہر میں بید مشک کی جو قلم استعمال ہوتی تھی ۔ اس کو واسطی یا واسطین کہتے ہیں ۔ واسطی قلم سے بہتر اس وقت خطاطی کے لیے دوسرا قلم نہیں ہے ۔ نجف اشرف میں بعض واسطی آج بھی ایک ایک اشرفی کے فروخت ہوتے ہیں اور اُن کی سختی کا یہ عالم ہے ۔ کہ ایک مرتبہ کا تراشہ برسوں چلتا ہے ۔ ایران میں واسطی قلم مروج ہے ۔ ماہرین فن نے لکھا ہے کہ بہتر قلم وہ ہے ۔ جس کا رنگ بدرجہ غایت نہ سرخ ہو نہ بالکل سفید ۔ سفیدی کے ساتھ زردی بھی نہ ہو اور سُرخی میں بھی سیاہی کی آمیزش نہ ہو ۔ نہ خام ہو اور نہ جلا ہو اور تراشنے کے بعد اندر سے بالکل سفید ہو اور رگیں قلم کی سیدھی ہوں ۔ ورنہ اس میں روانی نہ ہوگی ۔ بہرحال سختی قلم کی لازمی شرط ہے ۔ ہندو پاکستان میں نرسل اور سرکنڈا وغیرہ سے کام لیا جاتا ہے ۔

حکیم محمود علی ماہر : تحقیقات ماہر ۔ دہلی ، ۱۹۳۶ء ۔ صفحات ۱۶۴ - ۱۶۵

مزید تفصیل کے لیے مندرجہ ذیل کتابیں ملاحظہ ہوں ۔

I. Dey, U. N. ; Administrative System of Delhi Sultanat, Allahbad, 1959.

II. Hussain Agha Mehdi ; Rise and Fall of Muhammad Bin Tughliq, London, 1938.

III. Keay, F. E. ; Indian Education in Ancient and Later Times, Oxford, 1938.

IV. Lal, K. S. ; History of Khaljis, Allahbad, 1950.

سکندر شاہ تغلق کے دور کا ایک اور کتبہ جو کہ خط ثلث میں ہیں لاہور عجائب گھر میں ہی ایم ۴۰، نمبر کے تحت محفوظ ہے۔ سندھ کے دو مختلف مقامات ایک خانقاہ بوترابی[1] اور دوسرا لعل شہباز قلندر کے مزار[2] پر خطِ تعلیق میں کتبات موجود ہیں اور علی الترتیب (۷۸۲ھ/۱۳۸۰ء) اور (۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء) کے ہیں۔

سلاطین کے ضمن میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اُن میں اکثر قرآن کریم لکھا کرتے تھے۔ مثلاً سُلطان التمش، سُلطان ناصر الدین محمود اور محمد تغلق۔ یہ تینوں بہترین خطاط تھے۔ تاریخ فیروز شاہی[3] کے مطابق جو کاتب قرآن مجید لکھتا اور بادشاہ کے سامنے پیش کرتا۔ وہ اس کو ہدیہ دیتا۔ اس طرح اجرت پر خطاطی کا رواج بھی تھا جس کو بادشاہوں اور سربرآوردہ لوگوں کی حوصلہ افزائی سے خوب ترقی ہوئی۔

اس عہد میں کتابیں بھی نقل ہوتی تھیں اور باقاعدہ نقل کرنے والے موجود تھے۔ اس کے لیے قاضی فخرالدین کا نام سرفہرست ہے۔ جن کو یہ ذمہ داری سونپی گئی تھی[4] جامع الحکایات کے کاتب حمید نساخ کا بھی ذکر ملتا ہے۔ ملک قوام الدین ایک مشہور خطاط تھا۔ اس نے فتح نامہ لکھنوتی بھی لکھا۔ شہزادہ محمد سلطان ایک بہترین خوشنویس تھا جس نے بیس ہزار اشعار انتخاب کر کے اپنے ہاتھ سے لکھے۔ امیر خسرو نے بھی کئی مثنویاں لکھیں۔ ملک علاؤالدین اور شہاب الدین خلجی دور کے مشہور خطاط تھے۔ سلطان محمد تغلق بہت بڑا خطاط تھا۔ بڑے بڑے خطاط اس کی خطاطی کو دیکھ کر ششدر رہ جاتے تھے۔ اسی عہد میں عبداللہ ہروی متوفی (۸۸۰ھ/۱۴۷۵ء) ہندوستان میں آیا اور امراء کا مقرب ہوا۔ عبداللہ الہروی نے ۴۵ قرآن پاک اپنی یادگار چھوڑے۔ یحییٰ بن احمد بن عبداللہ سرہندی۔ مولانا جمالی کنبوہ جو سکندر لودھی کا اتالیق تھا اور مولانا کا لڑکا شیخ گدائی کنبوہ (متوفی ۹۷۶ھ/۱۵۶۸ء) جو ایک مشہور شاعر اور خطاط تھا۔ یہ ابراہیم لودھی کا صدر الصدور بھی تھا۔ بلکہ بابر کی فتح کے بعد مغل دربار سے بھی منسلک ہوا۔

---

[1] مولوی محمد شفیع : مناد ید سندھ، لاہور۔ ص ۹

[2] مولوی محمد شفیع : مناد ید سندھ، لاہور۔ ص ۱۸

[3] Ziauddin Barani ; Tarikh-i-Firuz Shahi, Calcutta, 1862.

[4] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اسلامی خطاطی۔ لاہور ۱۹۷۶ء۔ ص ۱۰

معرضِ وجود میں آئے ۔ مثلاً خطِ بہار[1] وغیرہ ۔ پانچویں، چھٹی اور ساتویں صدی ہجری میں برصغیر میں کوفی کا زوال شروع ہو چکا تھا ۔ کتبوں میں خطِ کوفی کا استعمال نسبتاً کم ہونے لگا اور قرآن نویسی میں خطِ نسخ کا عام استعمال ہونے لگا ۔

عہدِ سلطنت کی ابتدائی عمارات جو سلطان التمش کے عہد تک کی ہیں ۔ دہلی ۔ اجمیر ۔ بدایوں ۔ ہانسی اور کیتھل میں بنائی گئیں ۔ ان پر کتبات بھی کندہ ہیں جو اعلیٰ کتابت عربی و فارسی سے مزّین ہیں اور اس ابتدائی دور کی خطاطی کے بارے میں عکاسی کرتے ہیں ۔ دہلی میں مسجد قوۃ الاسلام کے مشرقی دروازے کا کتبہ (۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء) خطِ ثلث میں ہے ۔ دوسرا شمالی دروازہ پر (۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء) خطِ نسخ میں ہے ۔ پہلے سے واضح ہے کہ اس کی بُنیاد قطب الدّین ایبک نے رکھی اور دوسرے سے مسجد کے اختتام پر سلطان معزالدّین محمد بن سام نے اس کا افتتاح کیا اور تیسرا کتبہ بھی موجود ہے ۔ جو (۵۹۴ھ/۱۱۹۸ء) خطِ کوفی میں ہے[2] اڑھائی دن کے جھونپڑے کی مسجد (اجمیر) میں (۵۹۴ھ/۱۱۹۸ء) کا کتبہ[3] اور سُلطان التمش کے مقبرہ کا کتبہ مقام دہلی[4] (۶۳۳ھ/۱۲۳۵ء) خطِ کوفی کی اعلیٰ مثال ہیں ۔ اس عہد کے سِکّے بھی اعلیٰ خطاطی کے غماز ہیں ۔ جن میں سُلطان التمش کے ٹنکے جو معیاری سکّے ہوتے تھے ۔ کافی مشہور ہیں ۔ تغلق عہد کے سِکّے بھی بہت مشہور ہیں ۔ علائی سِکّے بھی قابلِ دید ہیں ۔ اِن پر خطِ نسخ و ثلث میں اعلیٰ خطاطی دستیاب ہے ۔ خلجی دَور کا ایک کتبہ بیانہ کے مقام پر جو کہ خطِ ثلث میں[5] ہے ۔ قاضی مغیث الدّین کے متعلق ہے ، اعلیٰ خطاطی کا حامل ہے ۔ فیروز شاہی دَور کا ایک کتبہ جس کو حسن جربینی نامی شخص نے کندہ کیا تھا ۔ لاہور عجائب گھر کی اسلامی گیلری میں ایم ۱۱۷ نمبر کے تحت محفوظ ہے ۔ یہ خطِ نسخ میں ہے ۔ لودھی خاندان کی عمارات جو زیادہ تر بیانہ میں ہیں خطِ نسخ کے کتبات ان پر موجود ہیں ۔

---

[1] تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو: ڈاکٹر وحید قریشی : مقالہ خطِ بہار ۔ مجلّہ تحقیق جلد ۱ ۔ شمارہ ۱ ، ۲ ۔ پنجاب یونیورسٹی ، لاہور
و ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اسلامی خطاطی ۔ لاہور ۱۹۷۶ء ۔ ص ۱۵ ۔ ۱۹

[2] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اِسلامی خطاطی ، لاہور ۱۹۷۶ء ۔ ص ۹

[3] عبدالمجید سالک : مُسلم ثقافت ہندوستان میں ، لاہور ۔ ص ۳۶

[4] انجم رحمانی : برصغیر پاک و ہند میں اِسلامی خطاطی ، لاہور ۱۹۷۸ء ۔ ص ۵

[5] ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اِسلامی خطاطی ، لاہور ۱۹۷۶ء ۔ ص ۱۳

۱۴۸۸ - ۱۵۱۷ء) ایک قابل عالم و فاضل تھا۔ غرضیکہ ہر سلطان مختلف خوبیوں کا مالک ہوتا۔ اگر وہ علم و فضل سے ناآشنا ہوتا تب بھی اُس کی قدر دانی ضرور کرتا۔

عہد سلطنت (۶۰۲ - ۹۳۲ھ/ ۱۲۰۶ - ۱۵۲۶ء) میں دیوان وزارت کے ساتھ ہی تین اور بڑے وزارتی محکمے ہوتے تھے۔ **دیوان رسالت، دیوان عرض** اور **دیوان انشاء**۔ "دیوان رسالت" کے تحت دین اور عدل وغیرہ کے شعبے ہوتے تھے۔ اس دیوان کا سب سے بڑا افسر صدر الصدور کہلاتا اور عموماً وہی قاضی الممالک بھی ہوتا علماء و آئمہ مساجد کے علاوہ محتسب اور محکمہ قضاء کے تمام قاضی اس کے ماتحت ہوتے۔ "دیوان عرض" کا اعلیٰ افسر عارض الممالک کہلاتا۔ افواج شاہی کی نگرانی، تقسیم تنخواہ اور فوجی باربرداری کے جانوروں کی دیکھ بھال سب اس کے ذمے ہوتے۔ "دیوان انشاء" کا حاکم اعلیٰ "دبیر خاص" گویا حکومت کا چیف سیکرٹری اور معتمد اعلیٰ ہوتا۔ اُونچے پیمانے پر خط و کتابت اور مراسلہ نگاری کا کام "دبیر خاص" کے سپرد ہوتا۔ خاص فرامین جن کو "فرامین طغرا" کہتے تھے اور عام حکمنامے جنہیں "احکام توقیع" کہا جاتا تھا اسی دیوان انشاء سے جاری ہوتے تھے اور "خریطہ دار" اُن کو مکتوب الیہم تک پہنچاتے تھے۔ کتب خانہ محل شاہی کے مہتمم کو "کتاب دار" اور لکھنے کا سامان مہیا کرنے والے کو "دوات دار" کہتے تھے[1]

عہد سلطنت میں ہند و پاکستان کی اکثر عمارات پر اسلامی خطاطی کی جملہ طرزوں یعنی کوفی، نسخ، ثلث اور طغرا میں کتبات ملتے ہیں اور بعض پر خط تعلیق میں بھی۔ جو زیادہ تر قرآنی آیات اور احادیث نبوی پر مشتمل ہیں۔ ان کتبات کو لکھنے والے نہایت ہی اعلیٰ خطاط ہوتے تھے اور یہ اعلیٰ فنِ خطاطی کا مظہر ہیں۔ یہ کتبے اس بات کے بھی غماز ہیں کہ خطاطی کے یہ اسلوب ہند و پاکستان میں کب معرض وجود میں آئے اور اُن کی تاریخ کیا ہے؛ خط کوفی تو شروع میں ہی یعنی محمد بن قاسم سے ہی رائج ہو گیا تھا۔ نسخ اور ثلث چوتھی ہجری میں رائج ہوئے اور خطِ تعلیق تغلق عہد میں رائج ہوا۔ مگر تا حال خط نستعلیق کا اجراء ممکن نہیں ہوا تھا۔ اس سے ظاہر ہے۔ کہ یہ خط یعنی خط نستعلیق مغلیہ دور کی نشانی ہے۔ وہی اپنے ساتھ لائے اور مروج ہوا۔ اور بعض نئے خطوط بھی

---

[1] عبدالمجید سالک: مسلم ثقافت ہندوستان میں۔ لاہور، ص ۱۵۴ - ۱۵۵

کے اعتبار سے مرکزی حیثیت حاصل تھی۔ ملک کی خوش حالی یا بدحالی کا تمام تر انحصار حکمران کی صفات پر تھا۔ علوم و فنون کی ترقی و ترویج کا بھی یہی حال تھا۔ اکثر سلاطین اپنے ثقافتی فرائض کا احساس رکھتے تھے۔ ان کے زمانے میں علوم و فنون اور درس و تدریس نے حیرت انگیز ترقی کی کیونکہ یہ سلاطین علم کی حوصلہ افزائی کے لیے اپنے اوقات بھی وقف کرتے تھے اور روپیہ بھی فراہم کرتے۔

سلاطین ہند گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے۔ یہ مسلمانوں کے شرعی امور کا انصرام فرماتے۔ علمائے کرام اور مشائخ طریقت کی صحبت سے استفادہ کرتے۔ شاعروں، ادیبوں، مؤرخوں، مصوروں، خطاطوں اور دوسرے باکمال لوگوں کی قدر دانی کرتے۔ ان کو روزینوں، وظیفوں اور عطیوں سے نوازتے رہتے۔ شاہی خاندان کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے مناسب اور موزوں اُستاد مقرر فرماتے اور اُن کو عام طور پر ابتداء میں خطاطی کی تعلیم بھی دی جاتی۔ ان سلاطین میں اکثر ذاتی اعتبار سے بھی تعلیم یافتہ اور انتہائی مہذب ہوتے۔ ان میں بعض شاعر ہوئے، بعض ادیب و مصنف، بعض علوم دینی میں کمال رکھتے۔ بعض نہایت ہی خوش قلم خطاط تھے اور بعض دوسرے علوم و فنون میں مہارت رکھتے تھے۔[1]

سُلطان قطب الدین ایبک (۶۰۲-۶۰۷ھ/۱۲۰۶-۱۲۱۰ء) نے نیشاپور میں فارسی اور عربی کے علوم و فنون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی تھی اور ملک میں بے شمار مساجد تعمیر کرائیں۔ سُلطان التمش (۶۰۷-۶۳۳ھ/۱۲۱۰-۱۲۳۶ء) علماء و فضلاء کا قدر دان تھا اور کاتب قرآن تھا۔ اس کا وزیرِ اعظم فخر الملک علم و دانش کے لیے مشہور و معروف تھا۔ سلطان التمش کا لڑکا محمود (متوفی ۶۶۴ھ/۱۲۶۵ء) بہت زبردست عالم اور فاضل تھا اور لڑکی رضیہ سُلطانہ (۶۳۴-۶۳۸ھ/۱۲۳۶-۱۲۴۰ء) قاریۂ قرآن اور علماء کی قدر دان تھی۔ ناصر الدین محمود (۶۴۴-۶۶۴ھ/۱۲۴۵-۱۲۶۵ء) اپنی معاش کتابتِ قرآن سے کرتا تھا۔ یہ ادبیاتِ فارسی کا بہت بڑا سرپرست تھا۔ سلطان محمد تغلق (۷۲۵-۷۵۲ھ/۱۳۲۴-۱۳۵۱ء) بہت بڑا خطاط، زبردست عالم اور ماہر معاشیات تھا۔ کئی زبانیں جانتا تھا۔ عربی، فارسی اور ترکی میں اعلیٰ پایہ کا ادیب و شاعر تھا۔ سلطان غیاث الدین بلبن (۶۶۴-۶۸۶ھ/۱۲۶۵-۱۲۸۷ء) ایک زبردست منتظم اور اس کا لڑکا شہزادہ محمد سلطان ایک بہترین خطاط تھا۔ علاؤ الدین خلجی (۶۹۵-۷۱۵ھ/۱۲۹۵-۱۳۱۵ء) گو اَن پڑھ تھا لیکن بہترین منتظم اعلیٰ اور عالموں کا قدر دان تھا۔ سکندر لودھی (۸۹۴-۹۲۳ھ

---

[1] عبد المجید سالک: مُسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور۔ ص ۱۸۵

والاسرار فی تاریخ الہجرۃ المتاز" ہے۔ اس کو ابوحامد کاتب نے تحریر کیا۔ یہ کتاب خطِ نسخ میں ہے۔ یہ نسخہ پنجاب لائبریری لاہور میں موجود ہے۔[1]

اس عہد میں خطِ کوفی اپنی ارتقائی صورت میں اور خط نسخ و ثلث ابتدائی صورت میں ۵۸۶ھ/۱۱۹۵ء تک کتابت کے لیے مستعمل تھے۔

سلطان قطب الدین ایبک نے غزنوی خاندان (۳۵۱-۵۸۲ھ/۹۶۲-۱۱۸۶ء) کے خاتمہ پر (۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء) میں باقاعدہ طور پر ہندو پاکستان میں ایک عظیم اور خودمختار مسلمان حکومت قائم کی اور خاندانِ غلاماں کی بنیاد ڈالی۔ خاندانِ غلاماں کے برسرِاقتدار آنے پر اسلامی سلطنت کی حدود وسیع ہوئیں۔ اس دور میں سب سے اہم تبدیلی جو واقع ہوئی وہ یہ کہ لاہور کی بجائے دہلی دارالخلافہ قرار پایا۔ اسلامی ثقافت کا آغاز ہوا۔ اس ماحول میں حکومتِ اسلامیہ کی زبان فارسی تھی، وہ تمام بادشاہ یا حکمران جو سلطان قطب الدین ایبک (۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء) سے لے کر اوّل مغل تاجدار ظہیرالدین بابر (۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء) کے برسرِاقتدار آنے تک دہلی کی حکومت پر جلوہ افروز ہوئے۔ برصغیر کی تاریخ میں "سلاطین دہلی" اور ان کا عہد "عہدِ سلطنت" یا "عہدِ سلاطین" کے نام سے مشہور ہوا۔ یہ عہد ۳۳۰ سال پر محیط ہے۔ کئی ایک خاندان برسرِاقتدار آئے جن کی تاریخی ترتیب حسب ذیل ہے:-

خاندانِ غلاماں (۶۰۲-۶۸۹ھ/۱۲۰۶-۱۲۹۰ء) خاندانِ خلجی (۶۸۹-۷۲۰ھ/۱۲۹۰-۱۳۲۰ء)۔ خاندانِ تغلق (۷۲۰-۸۱۷ھ/۱۳۲۰-۱۴۱۴ء) خاندان سادات (۸۱۷-۸۵۰ھ/۱۴۱۴-۱۴۴۶ء) اور خاندانِ لودھی (۸۵۵-۹۳۲ھ/۱۴۵۱-۱۵۲۶ء)

ہندو پاکستان کی مسلم حکومتوں میں حکمران کی ذات کو سیاست۔ معاشرت، جنگ، دفاع اور دوسری ملکی سرگرمیوں

---

[1] ڈاکٹر وحید قریشی: مقالہ خط بہار، مجلۂ تحقیق، جلد ۱۔ شمارہ ۱، ۲۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور
مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:-

I. C. E. Bosworth : The Later Ghaznavids, New York, 1973.

II. Khan Ghulam Mustafa : A History of Bahram Shah of Ghazni, XIII, 1949.

نیم مطلق العنان جغرافیائی وحدتوں کو فروغ ہوا۔ خلیفہ وقت کی گرفت کمزور ہوتی گئی۔ مقامی اجارہ داریاں آزادی کے خواب دیکھنے لگیں۔ منگولوں کے پے در پے حملوں نے بغداد کو زوال اور تباہی سے ہمکنار کیا۔ اور یہ فوجیں التمش کے عہد حکومت میں خوارزم شاہ کے تعاقب میں برصغیر کے دروازے پر آکر لوٹ گئیں۔ بالآخر برصغیر ہی مسلمانوں کے لیے امن و آشتی کا گہوارہ قرار پایا۔ اب سیاسی اور معاشرتی تعلقات بغداد کی بجائے مصر سے وابستہ ہونے شروع ہوئے۔ مگر ثقافتی سطح پر یہاں پر ماوراالنہر کے غلبہ کا اثر رہا۔

غزنوی عہد کے کتبے، سکے، عمارتیں اور مختلف کتب اس عہد کی خطاطی کے عکاس ہیں۔ سلطان محمود کا لاہور میں (۴۱۳ھ/۱۰۲۲ء) کا جاری کردہ سکہ ملا ہے۔ اس پر ہر دو طرف عربی اور سنسکرت کی عبارتیں الگ الگ تحریر ہیں۔ عربی خط کوفی میں ہے۔ اس کو سلطان نے لاہور میں جاری کیا اور آج کل لاہور عجائب گھر کے شعبہ مسکوکات میں محفوظ ہے[1] خطِ نسخ کا ایک کتبہ احمد آباد میں مسجد کاچ سے ملا ہے جس پر (۴۴۵ھ/۱۰۵۳ء) درج ہے[2] ایک اور قدیم کتبہ لاہور میں غیاث الدین پیر بلخی کے مزار کا ہے۔ جو (۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء) کا ہے۔ یہ آج کل لاہور کے عجائب گھر کی اسلامی گیلری کی زینت ہے۔

اس دور میں کتابت کا رواج عام ہوا۔ طرز مراسم کے اعتبار سے عام طور پر لوگوں میں ابن مقلہ اور ابن البواب ضرب المثل ہوئے۔ خطاطی زیادہ تر قرآنی کتابت تک محدود رہی۔ اس عہد میں محمود وراق اعلیٰ کاتب تھا۔ حمیدالدین مسعود ابراہیم (متوفی ۴۹۲ھ/۱۰۹۸ء) بن سلطان مسعود ایک اچھا خوشنویس تھا۔ مزید ازاں جمال الدین لاہوری اور نجیب الدین ابوبکر ترمذی بھی مشہور خطاط تھے۔ عربی کے ساتھ ساتھ فارسی زبان و ادبیات کو بھی فروغ ملا۔ اس عہد کی تجارت الامم و تعاقب الہمم تالیف ابوعلی مسکویہ (۴۲۱ھ/۱۰۳۰ء) تاریخ یمینی یا تاریخ عتبی تالیف ابونصر عتبی (۴۲۷ھ/۱۰۳۵ء) اور اخبار الملوک الفرس تالیف ابومنصور عبدالملک ثعالبی (۴۲۹ھ/۱۰۳۷ء) عربی زبان میں اعلیٰ کتابت کا نمونہ پیش کرتی ہیں اس علاقے میں ایک قدیم قلمی کتاب بھی دستیاب ہے۔ وہ (۴۳۶ھ/۱۰۴۴ء) کی لکھی ہوئی ہے۔ جس کا نام نہجۃ النفوس

---

[1] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: پاک و ہند میں اسلامی خطاطی۔ لاہور ۱۹۷۶ء ص ۶

[2] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی: پاک و ہند میں اسلامی خطاطی۔ لاہور ۱۹۷۶ء ص ۷

سُلطان کے عہد میں لاہور میں باقاعدہ دفتر دیوانی قائم کیا گیا اور یہاں پر باقاعدہ قلم دوات اور کاغذ میسر آنے لگا۔ اس سے قبل یہاں پر کاغذ کی کمی تھی۔ جو ایک اہم مسئلہ تھا۔ مزید یہ کہ دریائے اٹک سے حسن ابدال تک باقاعدہ اسلامی تعلیم کے مدرسے بھی قائم ہوئے اور ایک فوجی جرنیل ساروغ یہاں ان امور کے لیے بطور مہتمم مقرر ہوا۔[1]

سلطان محمود کا جانشین سُلطان مسعود (۴۲۱ - ۴۳۲ھ/ ۱۰۳۰ - ۱۰۴۰ء) بھی علماء و فضلاء کا قدردان تھا۔ اس سلطان نے اپنے عہد حکومت کے آغاز میں بہت سی مساجد بنوائیں اور اپنی قلمرو کے مختلف شہروں میں بے شمار مکاتب و مدارس قائم کر کے اُن کو عطیات سے مالا مال کیا۔ ابوریحان البیرونی جیسا نامور عالم بھی اسی دربار سے منسلک تھا۔ جس نے ہندوؤں کے علوم و فنون کا سنسکرت میں اور ہندوستانی حکایات وغیرہ کا ترجمہ عربی اور فارسی میں کیا۔ سلطان بہرام بن مسعود (۵۱۲ - ۵۴۷ھ/ ۱۱۱۸ - ۵۲ ۱۱ء) نے بہت سی غیر ملکی کتابوں کا ترجمہ فارسی میں کرایا۔ جن میں کلیلہ و دمنہ بھی شامل ہے۔

اوائل غزنوی دَور کے کتبوں میں کُوفی و ثلث۔ قرآنی کتابت میں کُوفی اور کتابوں میں تعلیق کی طرف رجحان پایا جاتا ہے[2] یہ وہ زمانہ ہے۔ جب ماوراالنہر سے ثقافتی لہریں برصغیر کے شمالی حصّوں کی جانب تیزی سے بڑھ رہی تھیں۔ سیاسی سرگرمیاں نئی نئی فتوحات کے جلو میں عالم اسلام میں نت نئے عزائم اور نئے ولولے پیدا کر رہی تھیں۔ ایران و ترکستان میں نظم و ضبط کا ایک نیا شعور پیدا ہو رہا تھا۔ ایسے میں خطاطی نے نسخی کتابت میں توازن کے اصولوں کی شیرازہ بندی کی۔ خط کا بنیادی جزو نقطہ قرار پایا۔ اس کی پیمائش میں حروف کی شکلوں کو متعیّن کیا اور جمالیاتی حُسن ریاضی کے اصولوں پر مبنی ہو گیا۔ اس زمانے میں مرکز سے علیحدگی نے بھی سر اُٹھایا۔ اسلام دنیا کے وسیع تر رقبے میں پھیل چکا تھا۔ انتظامی ضرورتوں نے بنو عباس کی سلطنت کے دُور دراز علاقوں میں نیم خود مختار اور

---

[1] Muhammad Nazim ; Sultan Mahmood of Ghazna ; Cambridge, 1931.
ڈاکٹر عبداللہ چغتائی : پاک و ہند میں اسلامی خطاطی - لاہور ۱۹۷۶ء، ص ۵
انجم رحمانی : برصغیر پاک و ہند میں خطاطی - لاہور ۱۹۷۸ء، ص ۴

[2] ڈاکٹر وحید قریشی : مقالہ خطِ بہار۔ مجلّہ تحقیق - جلد ۱، شمارہ ۱-۲، پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

اپنی مستقل حکومت قائم کرلی ۔ جو چوتھی صدی ہجری کے آخر تک باقی رہی ۔ جب سامانی حکومت کے دن پورے ہوئے تو یہ حکومت آل سامان کے غلام سبکتگین کے ہاتھ چلی آئی اور منتقل ہو کر غزنہ پہنچی ۔ جس میں عظیم فاتح و حکمران محمود غزنوی گذرا ہے ۔ ان کی حکومت چھٹی صدی ہجری تک قائم رہی اور اس کے زوال پر غوری برسر اقتدار آئے ۔ جس میں غیاث الدین اور شہاب الدین غوری جیسے فاتح و حکمران ہو گذرے ہیں[1]

پاکستان میں عربوں کی وجہ سے ان کی حکومتوں کو قیام و ثبات میں سہولت ہوئی ۔ جن کی وجہ سے اسلامی علوم و فنون اور اسلامی تہذیب و ثقافت کے لیے زمین ہموار ہوئی اور اس خطّے کو عالم اسلام کا ایک قابل قدر حصّہ بننا نصیب ہوا۔

ان دونوں اسلامی سلطنتوں کا برعظیم ہند و پاکستان کی تیرہ سو سالہ زندگی سے گہرا تعلق ہے مسلم فاتحین کا جو کاروان ۹۳ ہجری میں محمد بن قاسم کی مرکز خلافت میں بے وقت طلبی کے باعث ملتان تک پہنچ کر رک گیا تھا۔ تین صدیوں بعد وہ ایک بار پھر جادۂ دیبا ہوا۔

غوری خاندان کے خاتمہ پر خاندانِ غلاماں، خلجی، تغلق اور لودھیوں نے یکے بعد دیگرے سلطنتِ دہلی پر حکومت کی اور آخر کار لودھیوں کی حکومت کا تختہ الٹ کر مغلیہ خاندان برسر اقتدار آیا ۔ جنہوں نے برصغیر میں بڑے کرّ و فر اور شان سے حکومت کی ۔

سلطان محمود نے لاہور کو ۴۱۳ھ/۱۰۲۲ء میں فتح کیا اور یہاں پر کچھ عرصہ مقیم رہا ۔ تمام مؤرخین متفق ہیں کہ محمود غزنوی (۳۸۸-۴۲۱ھ/۹۹۸-۱۰۳۰ء) علم و فن کی قدر دانی میں اپنے تمام معاصر حکمرانوں سے بڑھا ہوا تھا، کہا جاتا ہے کہ یہ سلطان ہر سال علماء و شعراء اور کاتبوں کی امداد میں کثیر تعداد میں روپیہ صرف کرتا تھا۔ اس نے غزنی میں ایک دارالعلوم قائم کیا ۔ جس میں مختلف زبانوں کی بے شمار نادر کتب جمع تھیں ۔ اس کے ساتھ ایک عجائب گھر بھی قائم کیا ۔ اس وسیع ادارے کے انصرام کے لیے طلبہ اور اساتذہ کے لیے بیش قرار رقم وقف کی[2]

---

[1] Muhammad Nazim ; Sultan Mahmood of Ghazna, Cambridge, 1931.

[2] Habib Muhammad ; History of Mahmood Ghazni, Bombay, 1927.

[3] عبدالمجید سالک ؛ مسلم ثقافت ہندوستان میں، لاہور ۔ ص ۱۸۶

چوتھی صدی ہجری کے ہی آغاز میں ابنِ مقلہ نے (۳۱۰ھ/۹۲۲ء) کو خطِ نسخ ایجاد کیا[1] اس کے اصول و قواعد وضع کیے اور یہ خط بہت جلد ہی اپنی بلندیوں پر پہنچ گیا اور پورے عالمِ اسلام میں پھیل گیا - اسی صدی میں خط نسخ کا اجراء سندھ میں بھی ہوا - جس کا ثبوت ہمیں سکھر اور روہڑی کی مساجد سے دریافت شدہ کتبوں[2] جو (۳۴۱ھ/۹۵۲ء) اور (۴۸۳ھ/۱۰۹۰ء) کے زمانہ کے ہیں، سے ملتا ہے - مگر اس کے ساتھ ساتھ خط کوفی بھی استعمال میں رہا - جس نے آہستہ آہستہ آرائشی صورت اختیار کر لی اور عمومی استعمال میں کم نظر آنے لگا اور خط کوفی کی جگہ آہستہ آہستہ خطِ نسخ نے لینی شروع کر دی اور قرآنی کتابت میں استعمال ہونا شروع ہو گیا -

سندھ کے علاوہ پاکستان کے شمالی علاقے بھی وسط ایشیا کی تہذیب سے منسلک تھے محمود غزنوی کے بعد یہ خطہ عالمِ اسلام کے ثقافتی شعور سے پوری طرح ہم آہنگ ہوا - اس لیے یہاں پر ترکستان اور ماوراالنہر کے اثرات بھرپور صورت میں ملنے لگے - (۲۶۰ھ/۸۷۳ء) کے آخر میں خراسان کے بالائی علاقہ ماوراالنہر میں بنو سامان نے

---

[1] حکیم محمود علی خان ماہر: علم الحروف یا تحقیقاتِ ماہر - دہلی - ۱۹۳۶ء - ص ۷۰

[2] Dr. M.A. Ghafoor ; The Calligraphers of Thatta, Institute of Sindhology, University of Sind.

مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو

(i) پروفیسر مولوی محمد شفیع ، صنادید سندھ ، لاہور

(ii) سید سلیمان ندوی : عرب ہند کے تعلقات ، الہ آباد ، ۱۹۳۰ء

(iii) ابو ظفر ندوی - تاریخ سندھ - اعظم گڑھ - ۱۹۴۷ء

(iv) سیّد علی بلگرامی ، تمدّن ہند - آگرہ - ۱۹۱۳ء

V. Henry Cousens ; Antiquities of Sind, Calcutta, 1929.

VI. Mirza Kalich Beg ; Tarikh-i-Sind, Vol. I & II, Karachi.

VII. N. C. Majumdar ; Explorations in Sind, Memoirs of Archaeological Survey of India, Delhi, 1934.

دورِ سندھ میں ہباریوں کی حکومت کا تھا[1] بغداد و بصرہ کی طرح سندھ میں منصورہ و دیبل بھی اسلامی علوم و فنون کے مرکز تھے۔ جگہ جگہ دینی علوم و فنون کی بساطیں بچھی ہوئی تھیں۔ گھر گھر دارالعلوم بنا ہوا تھا۔ ہر بستی اور گاؤں میں کئی علماء و فضلاء رہتے تھے۔ اسلامی زندگی اپنے پورے شباب پر تھی۔ ہباری حکمران (۲۴۷-۴۱۶ھ/۸۶۱-۱۰۲۵ء) بڑے علم دوست اور اہلِ قلم کے قدر دان تھے۔ انہوں نے دینی علوم کی سرپرستی کی۔ علمی خاندانوں سے ان کے تعلقات تھے اور اہلِ علم و فضل ان کے دربار سے وابستہ تھے۔ بڑے بڑے شہروں کی زبان عربی اور سندھی دونوں تھیں۔ تہذیبی عمل کا ایک دستور یہ ہے کہ فاتح قوم مفتوح قوم پر ہر اعتبار سے اثر انداز ہوتی ہے۔ یہی احساسِ برتری عربوں کو عجمیوں پر تھا۔ اسی احساس کی بدولت سندھی نے عربی کو قبول کرنا شروع کر دیا۔ اور عربی کے بہت سے ابجد اپنے رسم الخط میں اختیار کر لیے۔ بلکہ سندھی کو عربی رسم الخط میں لکھنا شروع کر دیا اور رفتہ رفتہ اس کو جاذبِ نظر بنایا اور خطاطی کو عروج دیا۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ نمبر)

Continent, in Journal of the Asiatic Society of Pakistan, Vol. III, No. 1 June, 1963 and also Col. K.A. Rashid, same title, ibid, December 1963.

XII. M. A. Shakoor ; A Hand book to the Inscriptions Gallery in Peshawar Museum. Peshawar, 1946.

XIII. A Kufic Sarada Inscriptions from the Peshawar Museum in Epigraphica IndoMuslimica, 925-26.

XIV. M. A. Ghafoor ; The lost inscription to the Arab conquest of Kabul and the North West Region of West Pakistan, in Ancient Pakistan, Vol. II, 1965-66.

XV. Dr. Saifur Rahman Dar ; The Roots of Islamic Calligraphy, Lahore, 1981.

[1] مولانا قاضی اطہر مبارک پوری۔ ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں۔ کراچی

اگر مسلمانوں کے ابتدائی شہروں ملتان، اُوچ، سیہون، سکھر، روہڑی اور الور وغیرہ جیسے مرکزی شہروں کی باقاعدہ کھدائی کی جائے تو اس عہد کی خطاطی کے بارے میں مزید معلومات حاصل ہوسکتی ہیں اور ایک واضح تصویر پیش کی جاسکتی ہے۔

ان کتبوں پر خطاطی سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اس خطّے میں اسلامی خطاطی کا آغاز خطِ کوفی سے ہوا۔ جو ابتدائے زمانہ اسلام سے اس خطّہ میں رواج پا گیا تھا اور تیسری صدی کے اختتام تک ایک رسمی کیفیّت اختیار کر گیا۔ جو باقی اسلامی دنیا کے بالکل متوازی تھا۔

چوتھی صدی ہجری میں پورا عالم اسلام علمی و دینی نشاط سے معمور تھا۔ اسلامی ثقافت عروج پر تھی۔ یہی

(بقیہ حاشیہ صفحہ نمبر) ۱. مولانا اکبر شاہ نجیب آبادی۔ آئینہ حقیقت نما، جلد اوّل و دوم، کراچی۔ اکتوبر ۱۹۵۸ء

II. عبدالمجید سالک، مسلم ثقافت ہندوستان میں۔ لاہور

III. میر علی شیر قانع ٹھٹوی، تحفۃ الکرام۔ مترجم اختر رضوی۔ سندھ ادبی بورڈ۔ کراچی ۱۹۵۹ء

IV Mir Ma'sum ; Tarikh-i-Sind, Poona, 1938.

V. Briggs, J ; Rise of Muhammdan Power in India, Vol. I-IV, Calcutta, 1908.

VI. Habibullah, A.B M ; Foundation of Muslim Rule in India, Lahore, 1945.

VII. Hitti, Philip K ; History of Arabs, London, 1953.

VIII. M. Ishtiaq Khan ; The Grand Mesque of Banbhore, read in the International Symposium on Islamic Art, Calligraphy, Architecture and Archaeology, Peshawar, Ist-5th March, 1981.

IX. Dr. F.A. Khan ; Banbhore, The Site of Debul, Ibid, Peshawar, 1981.

X. M. A. Ghafoor ; Fourteen Inscriptions of Banbhore The Site of Deybul ; Pakistan Archaeology No. 3, 1966.

XI. S. Q. Fatimi ; First Muslim Invasion of the N W. Frontier of the Indo-Pakistan Sub-

محمد بن قاسم (۹۳-۹۶ھ/۷۱۲-۷۱۴ء) نے مفتوحہ علاقوں میں مسجدوں کو تعمیر کرایا اور خطِ عربی کو ان میں باقاعدہ رائج کیا - بعد میں آنے والے دوسرے عرب امراء نے بھی تقریباً ہر بڑے شہر اور گاؤں میں مساجد قائم کیں اور درس وتدریس کو ترقی دی -

ہند و پاکستان میں عرب دورِ حکومت کی خطاطی کے بارے میں وہی کتبات معلومات فراہم کرتے ہیں جو مختلف جگہوں سے دریافت ہوئے ہیں - ان میں سب سے پرانا کتبہ ریاست ٹریونڈرم میں مقام کلم کی ایک مسجد سے ملا جس کو اسمٰعیل بن مالک دینار (۱۰۹ھ/۷۲۷ء) نے خطِ کوفی میں تحریر کیا[1] بمبئی کے علاقہ نالاسوپارہ اور نوساری[2] سے بھی اسی قسم کے شواہد ملتے ہیں -

پاکستان میں بھنبھور (سندھ) کے قیام سے چند قدیم عربی زبان کے کوفی رسم الخط میں سنگی کتبے دریافت ہوئے ہیں - جن کا تعلق مسجد کی تعمیر سے ہے - ان کا زمانہ (۱۰۹-۲۹۴ھ/۷۲۷-۹۰۴ء) کے مابین قرار دیا جاتا ہے[3] (عکس ۱/ا) اس دور کے بعض کتبے (۲۴۳ھ/۸۴۷ء) شمالی علاقے میں ٹوچی وادی سے بھی ملے ہیں جو آج کل پشاور کے عجائب گھر میں موجود ہیں[4] (عکس ۱/ب) ان کے علاوہ منصورہ (سندھ) سے بھی جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ آٹھویں صدی عیسوی میں عربوں نے اس شہر کو بسایا - چند جلے ہوئے اوراق اور دو سنگی کتبے ملے ہیں جو آجکل محکمہ آثارِ قدیمہ کے شعبۂ کھدائی کے دفتر میں موجود ہیں اور ان پر تحقیق جاری ہے - اُمید ہے کہ ان سے اسلامی خطاطی کی ابتدائی صورت مزید واضح ہوگی[5]

---

[1] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی، پاک و ہند میں اسلامی خطاطی - لاہور - ۱۹۷۶ء، ص ۳

[2] ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی، پاک و ہند میں اسلامی خطاطی - لاہور - ۱۹۷۶ء، ص ۳

[3] Dr. F.A. Khan; Banbhore, Karachi, 4th edition, 1976. p. 28.

[4] Prof. A.H Dani, Prof. H. Hambach and Prof. R. Gobl. Tochi Valley inscriptions in Peshawar Museum; Ancient Pakistan, Vol. 1, University of Peshawar, 1964.

[5] طارق مسعود: اسلامی خطاطی: مسافتیں و منزلیں - لاہور ۱۹۸۱ء ص ۱۲ -
مزید تفصیل کے لیے مندرجہ ذیل کتابیں ملاحظہ ہوں -

سرگذشت خطِ کوفی و نسخ

برِصغیر ہند و پاکستان میں مسلمانوں کی آمد اور اسلامی خطاطی کی تاریخ یکساں پرانی ہے۔ لیکن اس کا باقاعدہ آغاز محمدؐ بن قاسم کی فتح سندھ (۹۳ھ/۷۱۲ء) سے ہوا۔ عرب سلطنت کے حصّہ کے طور پر یہ تعلق (۲۹۰ھ/۹۰۲ء) تک بحال رہا[1] جو آخیر یعقوب لیث صفار پر ختم ہوا۔ چنانچہ برصغیر میں عربوں کی یہ پہلی باقاعدہ اسلامی سلطنت معرضِ وجود میں آئی۔

محمدؐ بن قاسم نے (۹۳ھ/۷۱۲ء) میں سندھ کو فتح کیا اور صرف تین برس کی مدت میں ملتان سے کچھ تک اور دوسری طرف مالوہ کی سرحد تک قبضہ کر کے نہایت عدل و انصاف کی حکومت قائم کی۔ ۱۳۲ھ/۷۵۰ء تک سندھ میں بنو اُمیّہ کی حکومت رہی۔ اس کے بعد عباسی آگئے اور سندھ کی حکومت کے اقتدار اعلیٰ کا مرکز دمشق سے بغداد منتقل ہو گیا۔ ۲۲۸ھ/۸۴۲ء تک عباسی خلافت کو استحکام حاصل رہا۔ اس کے بعد آہستہ آہستہ تعلق سندھ سے منقطع ہوتا گیا۔ بعد میں کچھ مدت تک یہاں عرب سردار خود مختار رہے۔ پھر ہندو راجاؤں نے دوبارہ اقتدار حاصل کر لیا اور سندھ میں صرف دو عرب ریاستیں باقی رہ گئیں۔ ایک کا مرکز ملتان اور دوسری کا منصورہ میں تھا[2]

---

[1] مولانا قاضی اطہر مبارک پوری، ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں۔ کراچی

و ڈاکٹر وحید قریشی، مقالہ خطِ بہار، مجلۂ تحقیق۔ شمارہ ۱، ۲۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور۔ یہ مقالہ لاہور عجائب گھر میں فروری ۱۹۷۹ء کو پڑھا گیا تھا۔ ص ۲

[2] Mumtaz Hussain Pathan ; Arab Kingdom of Al-Mansurah, Institute of Sindhology, University of Sind, 1974.

پاک و ہند

میں

خطِ اسلامی

یہ تمام خطاط عباسی دور سے (۱۳۲ - ۶۵۶ھ/ ۷۵۰ - ۱۲۵۸ء) تعلق رکھتے ہیں - ان میں بعض نے بڑا نام پیدا کیا - اور اُونچا مقام حاصل کیا - ان کو شاہی سرپرستی حاصل تھی - آٹھویں صدی ہجری میں اسلامی فن خطاطی میں بہت بڑا انقلاب آیا - سقوط بغداد تک عموماً اور خطِ نسخ کو خصوصاً جو عروج و ارتقاء نصیب ہُوا - وہ بلادِ اسلامیہ کے اَن گنت ماہرین فن کی کوششوں کا مرہونِ منّت تھا - مگر عام طور پر مضبوط مرکز ہی تہذیب و ثقافت کا گہوارہ بنتا ہے - بغداد کو صدیوں تک یہ مقام حاصل رہا - مگر زوال بنو عباس کے بعد اب سیاست کا مرکزِ ثقل مختلف ممالک یعنی ایران اور ترکی وغیرہ میں منقسم ہوگیا - دوسرے ثقافتی اور تہذیبی اشعار کی طرح اسلامی خط خصوصاً خطِ نسخ نے بھی مختلف ملکوں کی راہ لی اور ان ممالک میں نہ صرف قائم رہا بلکہ بعض علاقائی خصوصیات کے ساتھ ترقی پذیر بھی رہا -

اور آرائشی رہ گئی ۔ رفتہ رفتہ قرآن نویسی میں کوفی کی جگہ نسخ نے لے لی اور اس طرح قرآن شریف اور دیگر کتب کی لکھائی کے لیے کوفی کا استعمال متروک ہوتا گیا ۔ چنانچہ چھٹی صدی ہجری میں کوفی رسم الخط بالکل متروک ہو گیا ۔ اگرچہ بعض خال خال علاقوں میں مستعمل رہا ۔

عہدِ عباسی کے مشہور خطاط: خشنام البصری ، مہدی کوفی (عہد ہارون الرشید) ۔ ابو حدی کوفی عہد معتصم باللہ ، ابن اُم شیبان ، المسحور ، ابو حمیرہ ، ابن حمیرہ ، ابو الفرح ، یہ معتصم باللہ کے بعد ہوئے ہیں ۔ ابو الحنین اسحاق بن ابراہیم تمیمی المقتدر باللہ کے عہد کا نامور کاتب ہے ۔ یہ ابن معدان اور اس کے غلام ابو اسحٰق ابراہیم کا شاگرد ہے ۔ رسم الخط پر اس کا ایک رسالہ تحفۃ الموافق یادگار ہے ۔

خلیفہ المقتدر اور اسکے بیٹے اسحاق کے شاگرد ۔ اسکا خاندان "خاندانِ خوشنویساں" تھا خصوصاً اسکا بھائی نامور خطاط تھا اور اسحاق کا بیٹا ابو القاسم اسمٰعیل اپنے باپ کی روش پر لکھتا تھا ۔ اسحاق کے علاوہ اس عہد کے نامور خطاط وجیہہ النجم کے بیٹے اور ابن منیر زنفلطی اور روایدی ہیں ۔ عہد مامون الرشید میں احمد بن ابی خالد ، احمد الکلبی ، عبداللہ بن شداد ، عثمان بن زیاد ۔ محمد بن عبداللہ مدنی ، ابو الفضل صالح بن عبدالملک مشہور کاتب ہوئے ہیں ۔ دوسرے مشہور خطاط ابراہیم ملقب الشجری ۔ اس کا بھائی یوسف ۔ احمد بن محمد بن حفص ، ابن الزیات ۔ یہ ابن طولون (وزیر المعتصم) کے دربار سے متعلق تھا ۔

ابن بواب کے شاگردوں میں شیخ زادہ احمد سہروردی ۔ مولٰنا یوسف شاہ مشہدی ، مولٰنا مبارک شاہ زریں رقم ، ارغون کابلی ، میر یحییٰ ، میر حیدر ، محمد بن عبدالملک ۔ اس کی شاگرد زینب نے استفادہ کیا ۔ زینب کا شاگرد امین الدین یاقوت تھا ۔ اور یاقوت کا شاگرد ولی عجمی مشہور ہوا پھر عجمی سے عفیف نے فیض حاصل کیا اور عفیف نے اپنے بیٹے شیخ عماد الدین کو تعلیم دی ۔ شیخ عماد الدین اپنے زمانے کے دوسرے ابن بواب تھے ۔ شیخ عماد کے شاگردوں میں شمس الدین بن ابی رقیبہ تھا ۔ یہ فسطاط (قاہرہ) میں محتسب کی خدمت پر مامور تھا ۔ اس کا شاگرد شیخ شمس الدین محمد بن علی زفتاوی تھا ۔ مصری خوشنویسوں میں اس سلسلہ کا آخیر شاگرد شیخ زین الدین شعبان بن محمد بن داؤد بھی محتسب تھا ۔ شیخ صاحب نے مصر سے مکہ معظمہ اور یمن تک سفر کیا ۔ پھر یمن سے ہندوستان آئے اور کچھ مدت قیام کر کے مکہ معظمہ لوٹ گئے ۔ ممکن ہے کہ ہندوستان کے قیام میں شیخ صاحب سے ہندوستانیوں نے فائدہ اُٹھایا ہو ۔

نوابزادہ سعید الظفر خان بہادر بھوپال کے کتب خانے میں موجود ہے[۱]۔ ایک اور قرآن مجید جس کو اُسی کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے لاہور عجائب گھر میں موجود ہے۔ یاقوت مستعصمی کے ہاتھ کا لکھا ہُوا ایک مکمّل قرآنِ کریم بہاول پور کے ایک صاحب مُسمّی قاضی بلال احمد ۱۸۷ - بی ماڈل ٹاؤن بہاول پور کے پاس بھی ہے۔ اس نے ابن بواب کے کام کو نقطہ کمال پر پہنچایا۔ اس نے قرآن پاک کی خطاطی میں حیرت انگیز جدّتیں پیدا کیں اور ایک نیا طریقہ اختیار کیا۔ وہ قرآن پاک کی کتابت ۱۱ سطر فی صفحہ کے حساب سے کرتا تھا۔ ان سطروں میں سے پہلی، چھٹی اور گیارہویں سطر کو فدا جلی قلم سے خطِ ثلث میں لکھتا تھا اور سطور ۲ تا ۵ اور ۷ تا ۱۰ کو خط نسخ میں لکھتا[۲]۔ آج بھی اُن کا طرز ضرب المثل ہے۔ (عکس ۵ (ب)) المستعصمی کی وفات کے بعد اُن کا فیض اُن کے چھ باکمال شاگردوں کے ذریعہ جو "اُستادانِ شش گانہ"[۳] کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔ پورے عالمِ اسلام میں جاری و ساری ہے۔

عباسی دَور میں خطِ کوفی اپنی سادہ روش اور واضح ہونے کی وجہ سے لوگوں میں مقبول ہُوا اور تقریباً چھٹی صدی ہجری تک مستعمل رہا۔ اس دوران اس میں کئی تبدیلیاں بھی ہوئیں اور بعض نئی طرزیں ایجاد ہوئیں۔ رفتہ رفتہ خطِ کوفی کو آرائشی مقاصد کے لیے استعمال کیا جانے لگا۔ جب خطِ کوفی کو تفریحِ طبع اور نمود و نمائش کیلئے استعمال کیا جانے لگا تو عوام سے اس کا رابطہ ٹوٹنے لگا۔ اس طرح یہ آرائشی صورت پاکر عمومی سے نکل گیا اور نسخ نے اس کی جگہ لینی شروع کر دی۔ کوفی رسم الخط قرآنی رسم الخط کے طور پر بحال رہا لیکن کتاب نویسی میں نسخ نے جگہ لے لی۔ چونکہ نسخ کوفی کے مقابلہ میں زیادہ سہل اور کارآمد ثابت ہُوا۔ اس طرح کاروبارِ سلطنت میں نسخ کا چرچا ہُوا۔ کوفی کا استعمال محدود ہُوا۔ اس کے جمالیاتی حُسن نے اُسے جاذب تو بنا دیا لیکن اس جاذبیت کے باوجود اس کی حیثیت تزئینی

---

[۱] حکیم محمود علی خان ماہر، علم الحروف یا تحقیقات ماہر۔ دہلی: ۱۹۳۴ء کے مطابق یہ قرآن شریف پیرزادگان مارہرہ شریف کے کتب خانہ میں تھا۔ وہاں سے بھوپال کے کتب خانہ میں داخل ہُوا۔

[۲] طارق مسعود: اسلامی خطاطی۔ مسافتیں و منزلیں۔ لاہور۔ ۱۹۸۱ء۔ ص ۷

[۳] استادانِ شش گانہ: ۱۔ ارغون بن عبداللہ کاملی، ۲۔ یوسف مشہدی، ۳۔ نصر اللہ طبیب، ۴۔ شیخ زادہ احمد السہروردی، ۵۔ مبارک شاہ زرّیں قلم ابن قطب شاہ اور سیّد حیدر حلبی نویس۔

توپ کپی میوزیم استنبول میں بھی پائے جاتے ہیں[1] (عکس ۴(ب))

ابن بواب نے اپنے تلامذہ کی ایک کثیر تعداد میں تربیت کی۔ جو اس کی طرزِ کتابت کے پیرو تھے۔ ان میں ابوالفضل خازن از دینور (خراسان)۔ عبدالمومن بن صفی الدین اصفہانی اور محمد بن عبدالملک مشہور کاتب ہو گزرے ہیں۔ محمد بن عبدالملک کے تلامذہ میں ایک نامور خاتون خطاط زینب احمد الابریہ الدینوریہ تھی۔ اس کے بے شمار شاگردوں میں یاقوت بن عبداللہ ملکی موصلی تھا۔ جو ملک شاہ سلجوقی کا درباری خطاط تھا۔ یاقوت ملکی کے معاصر یاقوت بن عبداللہ الحموی الرومی کے تلامذہ میں سے عہدِ عباسی کا آخری اور عالمِ اسلام کا سب سے مشہور خطاط یاقوت بن عبداللہ الرومی المستعصمی ہوا ہے۔ یاقوت لقب کے نام کے کئی کاتب ہوئے ہیں جو اپنے حسنِ خط کی وجہ سے مشہور ہوئے۔ اگرچہ عام طور پر لوگ ان سب کو یاقوت المستعصمی ہی تصور کرتے ہیں لیکن یہ صحیح نہیں۔ مستقیم زادہ نے[2] یاقوت نام کے نو خطاطوں کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سے دو یاقوت قرآن مجید کی خطاطی میں زیادہ مشہور ہوئے۔ جن میں سے ایک "یاقوت الموصلی" اور دوسرا "یاقوت المستعصمی"۔

یاقوت المستعصمی (Yaqut-al Musta'simi) (م ۶۹۸ھ/۱۲۹۸ء) کہا جاتا ہے کہ خلیفہ مستعصم باللہ (۶۴۰-۶۵۶ھ/۱۲۴۲-۱۲۵۸ء) جو اخیر عباسی خلیفہ تھا نے یاقوت کو غلامی سے آزاد کر کے اس کی تربیت کی اسی نسبت سے اُسے المستعصمی کہا جاتا ہے۔ اس نے ابتداء میں عبدالمومن بن صفی الدین اموی اور شیخ ابن حسین سے مشق کی۔ اس کے معاصرین میں نصیر الدین طوسی اور شمس الدین صاحبِ دیوان تھے۔ المستعصمی عہدِ عباسیہ میں بغداد کا سب سے بڑا کاتب تھا اور خطِ نسخ کا اخیر امام بھی۔ جس پر اس فن کا خاتمہ ہوا۔ اس کا لکھا ہوا قرآنِ کریم

---

[1] اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور، جلد ۱۵، ص ۹۹۵

[2] مستقیم زادہ تحفۃ الخطاطین۔ استنبول، ۱۹۲۸ء ص ۵۷۵-۵۷۸، یاقوت نام کے نو خطاط حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ یاقوت ابوسعید (م ۴۵۴ھ/۱۰۶۲ء)، ۲۔ یاقوت الزر (م ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء)، ۳۔ یاقوت الجمالی (م ۵۶۳ھ/۱۱۶۷ء)، ۴۔ یاقوت الجشی المسعودی (م ۶۵۴ھ/۱۲۵۶ء)، ۵۔ یاقوت الموصلی (م ۶۱۸ھ/۱۲۲۱ء)، ۶۔ یاقوت بن عبداللہ المستعصمی (م ۶۹۸ھ/۱۲۹۸ء)، ۷۔ یاقوت مہذب الدین (۷۲۲ھ/۱۳۲۲ء)، ۸۔ یاقوت افتخار الدین (م ۷۷۷ھ/۱۳۷۵ء)، اور ۹۔ یاقوت المصری (۸۳۰ھ/۱۴۲۶ء)۔

جس کا مطلب "آنکھ کی پُتلی" ہے۔ خطاطی ان کے بعد ان کی اولاد میں بھی جاری رہی۔ یہ اصحاب حسبِ ذیل تھے:۔
ابو محمد عبداللہ، ابوالحسن بن ابی علی۔ ابواحمد سلیمان بن ابی الحسن۔ ابوالحسین بن علی وغیرہ۔ مگر ابن مقلہ کی شان ہی کچھ اَور تھی جو اُن میں کوئی نہ پیدا کر سکا۔

ابن مقلہ کا خطاطی پر یہ ایک احسانِ عظیم ہے اور جس کی وجہ سے اس کی شہرت کو عظمت ملی کہ اُس نے عربی خط کے اصول و قواعد مقرر کیے اور حروف تحریر میں قلم کے قط کو ناپ کی اکائی قرار دیا اور اس جدت سے خط میں ایک طرح کا تناسب پیدا ہُوا۔ (عکس ۴(د))

ابن البواب (Ibn-al Bawwab) (۳۵۰-۴۱۳ھ/ ۹۶۱-۱۰۲۲ء) ابن مقلہ کے بعد ابوالحسن علی بن ہلال نادرِ روزگار (۳۵۰ھ/ ۹۶۱ء)[1] خوشنویس پیدا ہُوا۔ اس کا باپ ہلال امیر بویہ (۳۲۰-۴۴۷ھ/ ۹۳۲-۱۰۵۵ء) کے دروازہ پر چوکیدار (بواب) تھا۔ چنانچہ اس نسبت سے ابن بواب مشہور ہُوا۔ یہ آلِ بویہ کے امیر بہاؤالدولہ بن بویہ (۳۷۹-۴۰۳ھ/ ۹۸۹-۱۰۱۲ء) کے ہاں منتظم کتاب خانہ ہُوا۔ جس طرح ابن مقلہ نے قطبہ کے کام کی تکمیل کی تھی۔ اسی طرح ابن البواب نے ابن مقلہ کے کام یعنی خطِ نسخ کو جمالیاتی نقطہ نظر سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ خطِ کوفی سے ابن مقلہ نے اگرچہ خطِ نسخ ایجاد کیا تھا۔ لیکن اس کی تہذیب اور حُسن و جمال کا سہرا ابن البواب کے سر ہے۔ (عکس) آج دُنیا میں جہاں سے جہاں تک خطِ نسخ جاری ہے۔ جملہ خطاط ابن مقلہ اور ابن البواب کے مرہونِ منّت ہیں۔

کہتے ہیں کہ ابن بواب نے امیر بہاؤالدولہ کی فرمائش پر ابن مقلہ کے ایک رقم کردہ ۲۹ سیپاروں کے بعد تیسواں پارہ اس طرح رقم کیا کہ امیر بہاؤالدولہ اصل اور نقل میں تمیز نہ کر سکا۔ اس نے اپنی زندگی میں چونسٹھ قرآن شریف کے نسخے لکھے اور عام طور پر ہر تین ماہ میں قرآنِ پاک کا ایک نسخہ لکھ لیا کرتا تھا۔ ابن بواب کا لکھا ہُوا ایک نسخہ چیسٹر بیٹی لائبریری ڈبلن میں موجود ہے۔ جو نہایت ہی خوبصورت نسخہ ہے[2] ابن البواب کی خطاطی کے بعض نمونے

---

[1] ابن بواب نے ۲ جمادی الاوّل ۴۱۳ھ کو بغداد میں وفات پائی۔ ابن الجوزی (م ۵۴۰ھ/ ۱۱۴۵ء) کے مطابق وفات کے وقت ان کی عمر ۸۰ سال تھی۔ اس حساب سے ابن بواب کی تاریخ پیدائش ۳۳۳ھ ہونی چاہیئے۔ مگر اکثر لوگ سن پیدائش (۳۵۰ھ/ ۹۶۱ء) بتلاتے ہیں۔

[2] Dr. Saifur Rahman Dar, The Roots of Muslim Calligraphy, Lahore, 1981, p. 11.

خطوط ختم ہوگئے۔ ان کے علاوہ خطِ مدیح، خطِ مُرصّع، خطِ رباش، خطِ رخش، خطِ بیاض اور خطِ حواشی بھی جاری تھے۔ جو خوشنویسی اور کتابت قرآن کریم سے مخصوص تھے۔ مامون کے عہد میں ان جملہ خطوں کے لکھنے والے موجود تھے۔ جن کا تعلق شاہی دفاتر سے تھا۔

ابن مقلہ (Ibn-e-Muqlah) (۲۷۲-۳۲۸ھ/ ۸۸۴-۹۴۰ء) اس فخرِ روزگار کاتب کا نام ابو علی محمدؐ بن علی بن حسن بن عبداللہ ملقب بہ ابن مقلہ تھا۔ عالمِ شباب میں ہی تکمیل علوم وفنون کے بعد اقبال بلند ہُوا۔ یہ تین عباسی خلفاء المقتدر باللہ، القاہر باللہ اور الراضی باللہ (۲۹۵-۳۲۲ھ/ ۹۰۸-۹۳۴ء) کا وزیر بنا اور جب زوال آیا تو قید ہُوا۔ ہاتھ کے ساتھ زبان قطع ہوئی اور قید ہی میں فوت ہُوا۔

ابوالاسود کے زمانہ سے احول محرر تک اگرچہ خطِ کوفی میں غیر معمولی ترقی ہوئی۔ مگر اس میں نمایاں شان اور دلفریب حُسن پیدا نہیں ہُوا تھا۔ آخر کار یہ حصّہ ابن مقلہ کے ہاتھ آیا۔ چنانچہ اس نے خطِ کوفی اور اس کی اقلام سے (۳۱۰ھ/۹۲۲ء) میں خطِ نسخ ایجاد کیا[1] (عکس) اس کے علاوہ پانچ مزید خط خطِ محقق، خطِ ریحان، خطِ ثلث، خطِ توقیع اور خطِ رقاع وضع کیے۔ ایک گروہ خطِ غبار کو ان خطوط میں اضافہ کرکے ابن مقلہ کو سات خطوط کا موجد قرار دیتا ہے[2]

اس کے بعد ابن البواب کا زمانہ آیا۔ اس نے ان میں ایک نئی رُوح پھُونکی اور ترقی دی۔ ابن مقلہ نے کہائی نحوی احول المحرر اور دوسرے خطاطوں کی وصلیوں سے استفادہ کیا تھا۔ اور اب تک اس میں جو خامیاں رہ گئی تھیں اس کی اصلاح کرکے خطِ نسخ ایجاد کیا تھا۔

موجودہ خوبصورت اعراب ثلاثہ۔ جزم۔ تشدید اور تنوین ابن مقلہ کی اختراع ہے۔ ابن مقلہ نے ایک خاص لوشنائی بھی ایجاد کی جس نے اُس کے خط کو اور روشن کیا۔ ابن مقلہ کے شاگردوں میں محمد بن الیسمانی اور محمد بن اسد نامور خطّاط ہوئے۔ ابن مقلہ کا بھائی ابوعبداللہ حسن ابن علی بھی کاتب تھا۔ ان دونوں بھائیوں کا باپ علی بن حسن بھی خوشنویس تھا۔ ان کا دادا مقلہ بھی کاتب تھا۔ گویا یہ پورا خاندان کتابت سے لگاؤ رکھتا تھا۔ "مقلہ" دراصل ابن مقلہ کے دادا کا لقب تھا۔

---

[1] ابوالفضل: آئین اکبری: مولوی محمد فدا علی طالب۔ اُردو ترجمہ، جلد اوّل، لاہور، ص ۱۸۷

[2] ابوالفضل: آئین اکبری: مولوی محمد فدا علی طالب۔ اُردو ترجمہ، جلد اوّل، لاہور، ص ۱۸۷

ہونہار اور قابل شاگرد ابوعلی محمد بن حسن بن عبداللہ (ملقب بہ ابن مقلہ) تھا۔ جسے بجا طور پر خطِ نسخ کا باقی قرار دیا جاتا ہے۔

عہدِ مامون (۱۹۸-۲۱۸ھ/۸۱۳-۸۳۳ء) تک خطِ کوفی سے بارہ قلم ایجاد ہو چکے تھے جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے[1]

۱۔ قلم الجلیل — دفتر انشاء کا مخصوص قلم تھا۔ سلاطین کو خطوط اور کتبات اسی قلم میں ہوتے تھے۔ یہ جلی خط تھا۔

۲۔ قلم السجلات و ۳۔ قلم الدیباج — سجل بمعنی قبالہ و دستاویز ہے۔ دیباج معرب دیبا کا ہے۔ جو ایک ریشمین کپڑا ہے۔ دستاویزات کے قلم کا نام سجلات ہے۔ یہ دونوں قلم نمبر ایک سے ماخوذ ہیں۔

۴۔ قلم اسطوما رالکبیر — نمبر ۲، ۳ کی خاص ترکیب سے قلم طومار پیدا ہوا۔ لفظ کبیر سے ظاہر ہے کہ چھوٹے پیمانہ پر اس کی ایک شاخ اور بھی ہوگی۔

۵۔ قلم الثلثین — یہ اور نمبر ۱۲ طومار کی شاخیں ہیں۔ دربارِ خلافت سے عمال کے نام اس خط میں مراسلت ہوتی تھی۔

۶۔ قلم الزنبور — یہ طومار اور الثلثین سے پیدا ہوا ہے۔

۷۔ قلم المفتح — یہ ثلثین اور سطر نجیلی سے ماخوذ ہوا ہے۔ اس کو خطِ ثقیل بھی کہتے تھے۔ یہ خوبصورت قلم تھا۔

۸۔ قلم الحرم — تعلیم نسواں کی ترقی اس درجہ تک ہو چکی تھی کہ خواتین حرم کے نام جو خطوط لکھے جاتے تھے اس کا قلم بھی خاص تھا۔

۹۔ قلم المواصرات — امرائے دولت میں جب باہمی مناقشات ہوتے تھے اور صلاح و مشورہ کی ضرورت ہوتی تھی تو یہ خط استعمال کیا جاتا تھا۔

۱۰۔ قلم العہود — سلاطین کے معاہدات اور دیگر دستاویزات کے لیے مختص تھا۔

۱۱۔ قلم القصص — قصص اور افسانے اس خط میں لکھے جاتے تھے۔

۱۲۔ قلم الخرفاج — نمبر ۸، ۱۲۔ یہ سب ثلثین کی شاخیں ہیں۔

یہ سب عربی قلم ہیں۔ تیسری صدی ہجری تک یہ سب رائج تھے لیکن جب ابن مقلہ نے چھ خط ایجاد کیے تو یہ

---

[1] حکیم محمود علی خان ماہر: علم الحروف یا تحقیقات ماہر۔ دہلی: ۱۹۳۴ء صفحات ۶۶-۶۷

علوم وفنون کی ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا اور سرپرستی کی۔ علوم وفنون میں خطاطی کو بھی اہم مقام حاصل رہا۔ اسمیں خوبصورتی پائداری اور جامعیت پیدا ہوئی۔ نئے خطوط وضع ہوئے اور پرانے اسلوب کو اچھے پیرائے میں پہچانا گیا۔

ابوالعباس السفاح (۱۳۲-۱۳۶ھ/۷۵۰-۷۵۴ء) کے عہد میں ضحاک بن عجلان شامی (م ۱۵۴ھ/۷۷۰ء) ایک نامور خوشنویس تھا۔ اُس نے قطبہ کے قلموں کی اصلاح کی۔ لیکن کیا اصلاح تھی؟ تاریخوں میں اس کی کوئی تفصیل نہیں ملتی۔ یہ کاتبِ قرآن بھی تھا۔ منصور عباسی (۱۳۶-۱۵۸ھ/۷۵۴-۷۷۵ء) کے عہد میں ایک مشہور و معروف کاتب اسحاق بن حماد کا ذکر آتا ہے۔ یہ مہدی کے عہد (۱۵۸-۱۶۹ھ/۷۷۵-۷۸۵ء) تک موجود تھا۔ اس نے ضحاک پر فوقیت حاصل کی اور اس کے قلموں کی اصلاح کی۔ اس کے شاگردوں میں یوسف کاتب (ملقب بہ لقوہ شاعر)۔ ابراہیم بن الحسن شیفر۔ عبدالجبار رومی۔ شعرانی۔ الابرش۔ سلیم خادم۔ جعفر برمکی۔ عمرو بن مسعدہ مشہور کاتب تھے۔ اسحاق کے بعد عبداللہ بن ابی اسحاق حضرمی اور ابوعمر بن علاء (م ۱۵۴ھ/۷۷۰ء) نامور ہوئے۔ جنہوں نے خط میں اصلاح کی اور حروف میں حُسن پیدا کیا۔[1]

مہدی عہد (۱۵۹-۱۶۹ھ/۷۷۵-۷۸۵) میں خلیل بن احمد نحوی (م ۱۷۰ھ/۷۸۶ء) ایک نامور فاضل اور کاتب تھا۔ اس نے خطِ کوفی کی اصلاح پر سب سے زیادہ توجہ دی۔ اس نے ہی موجودہ واضح اعراب ایجاد کیے۔ اس کے بعد علی بن حمزہ کسائی نحوی (م ۱۸۳ھ/۷۹۹ء) نے اس کو پرکھا۔ یہ مامون الرشید کا اُستاد بھی تھا۔ اس نے مامون کو نحو، ادب، قرأت اور علم خط کی تعلیم دی۔ اس نے قدیم تقاط کی اصلاح بھی کی۔ مامون الرشید کے عہد میں (۱۹۸-۲۱۸ھ ۸۱۳-۸۳۳ء) علم خط کی بڑی ترقی ہوئی۔ اس کو قدیم وصلیاں جمع کرنے کا بہت شوق تھا۔ اس کے خزانہ میں عہد قدیم کے جملہ خطوں کے نمونے موجود تھے۔[2] اسی زمانہ میں بعض عورتوں نے بھی خوشنویسی کو اپنایا۔ جس میں ابن فیوما کی کنیز شناء کا نام بھی ہے۔

مامون الرشید کے عہد میں اس کا اپنا کاتب جس کا نام احول محرر تھا، اپنے زمانے کا امام فن شمار ہوتا تھا۔ اس نے خطاطی کی کئی قلمیں اور طرزیں ایجاد کیں۔ خاندان برامکہ اس کا سرپرست تھا۔ اسی کے شاگردوں میں ایک

---

[1] حکیم محمود علی خان ماہر: علم الحروف یا تحقیقات ماہر، دہلی ۱۹۳۴ء: ص ۶۳

[2] M. Ziauddin, Muslim Calligraphy, Calcutta, November, 1936 p. 19

بنو اُمیّہ (۴۱ - ۱۳۲ھ/ ۶۶۱ - ۷۵۰ء) کے عہد میں مزید کاتبوں کا بھی ذکر ملتا ہے - ان میں عبدالحمید بن یحییٰ اور عبداللہ بن المقفع تھے - اوّل الذکر مروان بن محمّد (۱۲۷ - ۱۳۲ھ/ ۷۴۴ - ۷۵۰ء) کا کاتب تھا - عبداللہ بن المقفع اس کا ہمعصر تھا - یہ فارس (ایران) کا باشندہ تھا - اور داؤد بن عمر بن ہبیرہ کا منشی اور کاتب تھا - وہ ان لوگوں میں سے تھا جو فارسی سے عربی میں ترجمہ کرتے تھے - اس کا ذکر "کلیلہ ودمنہ" کے ضمن میں بالخصوص کیا جاتا ہے کیونکہ اس نے اس کو عربی میں منتقل کیا تھا[1] ایک اور کاتب ابوالعلاء سالم جو ہشام بن عبدالملک (۱۰۵-۱۲۵ھ/ ۷۲۴-۷۴۳ء) کا داماد اور کاتب تھا - کافی مشہور ہُوا - اس نے ارسطو کے رسائل بنام اسکندر کا عربی میں ترجمہ کیا -

دوسری صدی ہجری میں خطِ کوفی میں بعض تبدیلیاں پیدا ہونی شروع ہوئیں - اس میں زاویے نمایاں ہوگئے اس کے بعد اس خط نے قوسی شکل اختیار کرلی - یہ تبدیلی برائے نام تھی اور یہ محض نام کی تبدیلی تھی مثلاً خطِ مدیّح، مرصّع، ریاش، رخش، بیاض، حواشی، غبار، رخس، دیباج، طومار وغیرہ - یہ خط کوفی میں معمولی تبدیلی سے پیدا ہُوئے - رفتہ رفتہ اس کا استعمال آرائشی مقاصد کے لیے بھی ہونے لگا - جس سے اس کی اصل حقیقت یعنی کتابت میں کمی واقع شروع ہوگئی -

خلافت عباسیہ : (۱۳۲ - ۶۵۶ھ/ ۷۵۰ - ۱۲۵۸ء) جب معرضِ وجود میں آئی تو سب سے بڑا اہم واقعہ دارالخلافہ کی تبدیلی تھی - جو دمشق سے بغداد منتقل ہُوا - اس کے ساتھ علوم وفنون کے سرچشمے بھی منتقل ہوگئے - بصرہ، کوفہ اور دمشق کی جگہ بغداد علم وادب کا وارث قرار پایا - اس عہد میں علوم وفنون میں غیر معمولی ترقی ہوئی - عباسی حکومت ایرانیوں کی مرہون منت تھی اور بغداد بھی ایران کے قریب واقع ہُوا تھا - اس لیے ایرانیوں کا غلبہ نمایاں ہُوا اور اس طرح جب عربوں اور عجمیوں کا ملاپ ہُوا تو بہت سی ایجادات ہوئیں - اس لحاظ سے ہارون الرشید کا عہد سنہری عہد کہلاتا ہے - ایرانیوں نے

---

[1] حجّاج بن یوسف نے نصیر بن عاصم کو اس کام پر مامور کیا - اس نے اعراب کے لیے نقطوں کے استعمال کو بدستور رکھا - لیکن ان میں لفظوں کے لیے صرف قرمزی رنگ استعمال کرنے کی تجویز پیش کی - ہم شکل حروف کی تخصیص کے لیے بھی اس نے نقطے ہی ایجاد کیے - لیکن ان کے لیے سیاہ رنگ تجویز کیا - یہ طریقہ تقریباً چالیس سال تک قائم رہا - آخرکار دوسری صدی ہجری میں عبدالرحمٰن بن خلیل بن احمد نحوی موجد علم عروض نے اعراب کی شکلیں وضع کیں اور سیاہ نقطوں کا استعمال ترک ہُوا -

حکیم محمود علی خان ماہر علم الحروف - دہلی ۱۹۳۴ء ص ۶۴ -

۳۔ قصر برقہ میں (۸۱ھ/۷۰۰ء) کا ایک کتبہ جس میں خطِ کوفی میں کچھ گولائی موجود ہے۔[۱]

۴۔ (۸۶ھ/۷۰۵ء) کا خطِ کوفی میں ایک نشانِ راہ جو خان الحثورہ سے تعلق رکھتا ہے۔[۲]

۵۔ (۸۶ھ) کا ایک اور خطِ کوفی میں نشانِ راہ جو باب الوادی سے ملا ہے جسکا افقی طور پر نقوش سے نیچے والا حصّہ مزیّن ہے۔[۳]

جب اسلام دُور دراز علاقوں تک پہنچ گیا تو لہجہ کے اختلاف کے باعث خود عربوں کو کلامِ پاک کے صحیح تلفظ میں دشواریاں پیش آئیں۔ چنانچہ اس مشکل کو دُور کرنے کے لیے اسی عہد میں ابوالاسود دوئلی (۶۹ھ/۶۸۹ء) نے رسمِ خط میں ترمیم کی اور قرآن شریف پر نقاط لگائے۔ یہی نقاط تھے جو قرآنِ حکیم میں سَو برس تک اعراب کا کام دیتے رہے اور ان کی صورت بجائے لکیروں کے نقطوں کی شکل میں رہی۔ پیش (ضمہ) بجائے اُوپر کے حروف کے سامنے لگایا جاتا تھا اور موجودہ تہجی میں تمیز کے لیے ب، ت، ث پر جو نقطے ہیں وہ زمانہ مابعد کی ایجاد ہیں۔ ایک اور روایت[۴] سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام سے قبل بھی نقاط تھے لیکن نقاط کا عام رواج عبدالملک بن مروان (۶۵-۸۶ھ/۶۸۵-۷۰۵ء) کے عہد سے ہُوا۔ اس کارِ خیر میں حجاج بن یوسف[۵] بھی شریک ہے۔ ابوالاسود نے عربی علم نحو کے ابتدائی قواعد بھی منضبط کیے۔ (عکس ۳ (د))

ابوالاسود کے نامور شاگرد نصیر بن عاصم، یحییٰ بن یعمر عدوانی، میمون بن اَقرن اور عنبسہ بن معدان فہری۔ یہ چاروں مشہور خطاط تھے۔ ان میں سے پہلے دو نے نقاط میں بھی اصلاح کی اور مفرد و زوج نقطے لگائے۔ جب حجّاج (۷۵-۷۶ھ/۶۹۴-۶۹۵ء) عراق کا گورنر بنا تو اُس نے زادان فروج بن بیدی کو کاتب مقرر کیا جس کے ہمراہ صالح بن عبدالرحمٰن بھی تھا۔ یہ بنی تمیم کا سردار تھا۔ عربی و فارسی کی کتابت جانتا تھا۔ یہ دونوں حجاج کے عہد میں کتابت کرنے پر فائز رہے۔[۶]

---

۱ تا ۳ اُردو دائرہ معارفِ اسلامیہ: پنجاب یونیورسٹی لاہور، جلد ۱۵ مضمون فن خطاطی۔

۴ حکیم محمود علی خان ماہر۔ علم الحروف یا تحقیقات ماہر۔ دہلی: ۱۹۳۴ء: ص ۶۰

۵ اُردو دائرہ معارف اسلامیہ: پنجاب یونیورسٹی لاہور جلد ۱۵: مضمون فن خطاطی، ص ۹۸۹

۶ اُردو دائرہ معارف اسلامیہ: پنجاب یونیورسٹی لاہور، جلد ۱۵، ص ۹۹۰ و

ندیم وراق: الفہرست، اُردو ترجمہ، اسحاق بھٹی، لاہور ۱۹۶۹ء صفحات ۱۷۰-۱۷۲

خطِ کوفی میں ہے۔ اسے ابن ابی سعید الحسن البصری نے (۷۷ھ/۶۹۶ء) میں لکھا۔ یہ بصورت حمائل شریف ہے[۱]۔ ایک اور قدیم نسخہ جو دوسری صدی ہجری کا ہے۔ قاہرہ ہی کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ اس کا سن وقف (۱۶۸ھ/۷۸۴ء) ہے[۲]۔ دوسری صدی ہجری ہی کا ایک اور قرآن پاک برٹش میوزیم میں موجود ہے۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ دنیا میں اس وقت دوسرا پرانا نسخہ ہے[۳] (عکس ۳(ب))

ان کے علاوہ حضرت علیؓ، حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ اور حضرت علی بن موسیٰ الرضاؓ سے منسوب نسخہ ہائے قرآن مجید سے راہنمائی حاصل ہوتی ہے جو نامکمل صورت میں کتب خانہ آستانِ قدس میں موجود ہیں[۴] دو ایسے ہی پارچہ منٹ خطاطی کے نمونے لاہور عجائب گھر کے خطاطی کے ذخیرہ میں (عدد سی-۳) اور (عدد ۱۲، عطیہ حفظ الرحمٰن) کے تحت موجود ہیں جنہیں حضرت امام حسینؓ سے منسوب کیا جاتا ہے۔

ان کے علاوہ بعض جگہوں سے ابتدائی دور کے خطِ کوفی میں حسبِ ذیل کتبے بھی دریافت ہوئے ہیں:۔

۱۔ بیت المقدس کی عمارت پر طرزِ کوفی میں کندہ دو کتبے موجود ہیں جو (۷۲ھ/۶۹۱ء) و (۷۳ھ/۶۹۲ء) سے متعلق ہیں[۵]۔

۲۔ کربلا میں (۶۷ھ/۶۹۳ء) کا خطِ کوفی میں ایک کتبہ[۶] (عکس ۲(ب))

---

۱ اُردو دائرہ معارف اسلامیہ: پنجاب یونیورسٹی لاہور، جلد ۱۵، ص ۹۹۱

۲ شیخ عنایت اللہ: مسلمانوں کے فنون، لاہور ۱۹۶۴ء ص: ۱۰۰

۳ Martin Lings, The Quran, London, 1976, Please see at page 20.

۴ آستانِ قدس مشہد کے مشہور نسخوں میں قرآن حکیم کا نامکمل نسخہ (عدد ۶) حضرت علیؓ سے منسوب ہے جسے شاہ عباس صفوی نے ۱۰۰۸ھ / ۱۵۹۹ء میں وقف کیا تھا۔ ایک اور نامکمل نسخہ قرآن مجید (عدد ۱۲) حضرت حسنؓ سے منسوب ہے جسے سن ۴۱ھ ۶۶۱ء میں کتابت کیا گیا۔ نسخہ نمبر ۱۵ حضرت حسینؓ سے منسوب ہے۔ جب کہ نسخہ نمبر ۱۵۸۶ حضرت علی بن موسیٰ الرضاؓ سے منسوب کیا گیا ہے۔ آخر الذکر محمد رضا شاہ پہلوی نے وقف کیا تھا۔ یہ ہر نسخہ قرآن کریم کا نامکمل حصّہ ہے۔ چرمی صفحات پر مشتمل ہیں اور خطِ کوفی میں کتابت شدہ ہیں۔ دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور: ص ص ۹۶۶-۹۶۷:

۵ دائرہ معارف اسلامیہ: پنجاب یونیورسٹی لاہور

۶ Titus Burckhardt, Art of Islam; Language and Meaning, London, 1976, p. 49.

حسنِ اتفاق سے مصر کے موزہ عربیہ میں ایک قدیم قبر کا تعویذ[1] محفوظ ہے۔ جس پر ۳۱ھ/۶۵۱ء درج ہے۔ لوحِ قبر پر "الحیری" صاف لکھا ہے۔ یعنی موجودہ کوفہ۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس خط کا آغاز "حیرہ" سے ہوا اور یہیں سے آگے رواج پایا۔ یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نامہ مبارک سے کافی مشابہت رکھتا ہے۔ چنانچہ اس ابتدائی زمانہ اسلام میں فنِ اسلامی خطاطی میں کافی حسن پیدا ہو گیا تھا۔ اور کچھ اصول و قواعد بھی شروع ہو گئے تھے اور اس دور میں باقاعدہ اس فن کا اجراء معرضِ وجود میں آ گیا تھا اور یہ ذوقِ خوشنویسی آہستہ آہستہ ترقی کرتا گیا۔

خلافت راشدہ: (۱۱-۴۰ھ/۶۳۲-۶۶۱ء) کے بعد خلافت بنو امیہ (۴۱-۱۳۲ھ/۶۶۱-۷۵۰ء) کا آغاز ہوا۔ اس کی بنیاد امیر معاویہؓ (۴۱-۶۰ھ/۶۶۱-۶۸۰ء) نے ڈالی۔ اس عہد میں بڑے بڑے اولوالعزم خلفاء ہوئے۔ حدودِ اسلامیہ میں وسعت ہوئی۔ عربی عجمی کا ملاپ ہوا۔ درس و تدریس کے باقاعدہ آغاز کے ساتھ علمِ خط کو بھی ترقی نصیب ہوئی۔ اس دور میں قطبہ نامی ایک کاتب جس نے رائج الوقت خط میں اختراع کی اور چار قلم ایجاد کیے۔ (یعنی ایک ہی خط کو چار طرح سے لکھا۔ جو ایک دوسرے سے اخذ کیے گئے تھے) اور ایک قرآن مجید بھی تحریر کیا۔

ولید بن عبدالملک (۸۶-۹۶ھ/۷۰۵-۷۱۵ء) کے عہد میں خالد بن ابی الیتاج خطِ کوفی کا مصلح تھا۔ مسجدِ نبوی میں خطِ کوفی میں سورہ والشمس سے آخیر قرآن مجید تک کتابت کی۔ یہ عمر بن عبدالعزیزؒ (۹۹-۱۰۱ھ/۷۱۷-۷۲۰ء) کے عہد تک موجود تھا۔ اس نے قرآن شریف کے علاوہ بڑا ذخیرہ اشعار و اخبار بھی لکھا تھا۔ خالد نے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے لیے ایک طلاء کار قرآن مجید برسوں کی محنت میں تیار کیا۔ جسے آپؒ نے نہایت انکساری سے یہ کہہ کر واپس کر دیا۔ کہ اس کا انعام دینا ان کے بس کی بات نہیں ہے۔ دوسرا کاتبِ قرآن پاک ابو یحییٰ مالک بن دینار۔ غلام سامہ بن لوذی بن غالب تھا۔ یہ اجرت پر کتابت کرتا تھا۔

دوسری صدی ہجری تک خطِ کوفی میں جو قرآن مجید کے نسخے لکھے گئے۔ ان میں سے چند ایک دنیا کے مختلف کتب خانوں میں موجود ہیں۔ جن سے اس دور کی خطاطی کے بارے میں معلومات ملتی ہیں۔

قرآن مجید کا ایک قدیم ترین مکمل نسخہ اس وقت دارالکتب مصریہ (قاہرہ) (عدد ۵۰) میں موجود ہے۔ جو جلی پر

---

[1] اردو دائرہ معارف اسلامیہ: پنجاب یونیورسٹی لاہور: جلد ۱۔ مضمون فنِ خطاطی، ص ۹۹۰

ثابتؓ۔ عبداللہ بن زبیر۔ سعید بن العاص اور عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے سپرد کیا کہ وہ مزید قرآنی نسخے تیار فرمائیں۔ چنانچہ اس وقت سات کے قریب یہ نسخے تیار کیئے گئے جن کو مصحف کا نام دیا گیا۔ ان میں پہلا نسخہ بھی شامل تھا۔ یہ نسخے مختلف مفتوحہ علاقوں مثلاً بصرہ، کوفہ اور یمن وغیرہ میں بھیجے گئے۔[1]

آپؓ کے زمانہ میں کوفہ اور بصرہ کی دو چھاؤنیاں قائم ہوئیں۔ اِن چھاؤنیوں کے نام تو اُن کے اِرد گرد کے علاقوں کی خصوصیات کی بُنیاد پر لکھے گئے تھے۔ مگر حالات نے بہت جلد اِن شہروں کو عربی تہذیب و ثقافت (جس میں عربی خط بھی تھا) کا مرکز بنا دیا۔ اس زمانہ میں باضابطہ طور پر دفتر کا اجراء ہو گیا تھا۔ فوج کے سیکرٹریٹ کا کام عربی زبان میں شروع ہُوا۔ جب کہ مفتوحہ علاقوں میں سیکرٹریٹ کی زبان مقامی بولی ہی تھی۔ اس طرح دفتری تحریروں کے ذریعہ کتابت نے اپنا ایک معیار پیدا کر لیا اور عربی خط میں فنّی خوبیاں پیدا ہوتی گئیں۔

جہاں تک تاریخی شواہد کا تعلق ہے۔ خلافتِ حضرت عثمانؓ تک اس قدیم حیری خط میں کوئی ترمیم نہیں ہوئی۔ بلکہ مصحفِ عثمانی بھی اسی خط میں لکھے گئے تھے۔ مگر اس حیری خط نے اسلام کے زیرِ سایہ سب سے پہلے جو جمالیاتی لباس پہنا۔ اُسے "جدید کوفی" کا نام دیا گیا۔ بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ جب حضرت علیؓ (۳۵-۴۰ھ/۶۵۶-۶۶۱ء) نے کوفہ کو دارالخلافہ بنایا۔ تو سب سے پہلے آپؓ نے ہی وہاں کے خط میں حُسن و جمال پیدا کیا اور اس کا نام 'کوفی' رکھا۔ اور بہت سے لوگوں کو تعلیم دی۔ حقیقت میں کوفہ کا شہر، حیرہ اور انبار کے قریب آباد ہُوا تھا۔ یہ دونوں مقام دورِ جاہلیت میں زاویہ دار نبطی خط کے مرکز شمار ہوتے تھے۔ ان شہروں کے باشندے اس نئے شہر میں آباد ہُوئے۔ اس طرح نبطی خط نے کوفہ میں ہی سب سے پہلے فنّی اور خوبصورت راستہ اختیار کیا اور یہ نئی تحریر خطِ کوفی کے نام سے موسوم ہوئی۔

---

[1] ان مصاحف میں ایک نسخے کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ توپ کاپی میوزیم (ترکی) میں محفوظ ہے اور دوسرے کے متعلق یہ شُنید ہے کہ وہ تاشقند (رُوس) میں موجود ہے۔ اس نسخے کی فوٹو کاپی نیشنل میوزیم کراچی میں بھی موجود ہے۔ اسی مصحف کے چند صفحات (فوٹو کاپی کی صورت میں) مجلد پنجاب پبلک لائبریری کے شعبۂ بیت القرآن میں موجود ہیں۔ مگر میرے خیال کے مطابق ان مصاحف کے بارے میں سائنسی بنیادوں پر تحقیق درکار ہے، تب ہی اصل یا نقل کے بارے میں معلوم ہو سکتا ہے باقی مصاحف کے بارے میں پتہ نہیں چل سکا کہ وہ کہاں ہیں۔ یا ضائع ہو چکے ہیں۔ (طارق مسعود)

جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ کتابت کا طریقہ عرب میں خصوصاً مدینہ میں غیر مانوس تھا۔ لکھنے پڑھنے کو حافظے کی کمزوری پر محمول کیا جاتا تھا۔ اس سلسلہ میں خاص اہتمام کرنا پڑا جس کے نتیجہ میں صحابہ کرامؓ میں فنِ تحریر اس قدر عام ہوگیا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص مقرر کردہ کاتبینِ وحی کی تعداد کم و بیش چالیس تک پہنچ گئی۔ یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ عہدِ نبوی ؐ میں صحابہ کرامؓ کی اکثریت فنِ تحریر میں مہارت حاصل کر چکی تھی۔ یہی وہ مقام ہے جہاں عربی خطاطی ایک نیا جوش، نیا ولولہ اور نئی اُمنگ لے کر ایک نئے مرحلے میں داخل ہوتی ہے اور عربی خطاطی کا دھارا مکمل طور پر مسلم خطاطی کے سمندر کی طرف مُڑ جاتا ہے۔

جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۱ - ۱۳ھ / ۶۳۲ - ۶۳۴ء) کی خلافت کا زمانہ شروع ہُوا، تو اس کے بالکل ابتدائی دَور میں جنگ یمامہ کا واقعہ پیش آیا۔ جس میں بے شمار حافظ قرآن صحابہؓ شہید ہوگئے۔ چونکہ اس وقت تک قرآن کریم کو ضبطِ تحریر میں بہت کم لایا گیا تھا۔ اس لیے خدشہ پیدا ہُوا کہ اس طرح ناگہانی طور پر حفّاظ کے ختم ہونے سے کہیں قرآن حکیم کی اصلیّت اور جامعیت کو خطرہ لاحق نہ ہو جائے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ کی تجویز پر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے تمام اجزاءِ وحی کو یکجا جمع کر کے قرآن کریم کو ایک کتابی صورت دینے کے لیے ترتیب و تدوین اور جمع متین قرآن کریم کا کام رسولِ کریمؐ کے وثیقہ نویس حضرت زید بن ثابتؓ کے سپرد کیا گیا۔ چنانچہ آپؓ نے سورتوں، اجزاء، آیات اور الفاظ کو تمام صحابہ کرامؓ سے اکٹھا کیا اور قرآنِ کریم کی صورت میں کتابی شکل دی۔ جو حضرت اُمِّ حفصہؓ زوجہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سپرد داری میں دیا گیا۔ جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد تک آپؓ کے ہاں محفوظ رہا۔

حضرت عثمان غنیؓ (۲۳ - ۳۵ھ / ۶۴۴ - ۶۵۶ء) کے زمانہ میں حدود سلطنت میں مزید اضافہ ہُوا۔ اس کے ساتھ ساتھ مذہب اسلام بھی پھیلا اور متقاضی ہُوا کہ قرآن کریم کے مزید نسخے تیار کیے جائیں اور مفتوحہ علاقوں میں صحیح ادائیگی قرأت کے لیے بھیجے جائیں۔ چنانچہ حضرت عثمانِ غنیؓ نے اُمِّ حفصہؓ سے یہ پہلا نسخہ منگوایا اور دوبارہ حضرت زید بن

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۷) پڑھے لکھے تھے۔ ۱۔ حضرت عمر بن الخطابؓ، ۲۔ حضرت علیؓ، ۳۔ حضرت عثمانؓ، ۴۔ حضرت ابوعبیدہؓ، ۵۔ ابان بن سعید، ۶۔ یزید بن سفیان، ۷۔ ابوحذیفہ بن قتبہ بن ربیعہ، ۸۔ طلحہ، ۹۔ حاطب بن عمرو، ۱۰۔ خالد بن سعید، ۱۱۔ عبداللہ بن سعد عامری، ۱۲۔ حویطب بن عبدالعزیٰ عامری، ۱۳۔ ابوسفیان بن حرب، ۱۴۔ حضرت معاویہؓ، ۱۵۔ جہیم بن الصلت اور ۱۶۔ علاؑ بن الحضرمی

۲۔ نمارا (An-Namara) کا کتبہ نبطی رسم الخط میں ہے لیکن عربی کی طرف جھکاؤ ہے۔ اس کو امراؤالقیس سے منسوب کیا جاتا ہے۔ (۳۲۸ء)

۳۔ زباد (Zabad near Aleppo) کا دو[۲] لسانی کتبہ۔ جو یونانی اور عربی میں ہے۔ (۵۱۲ء)

۴۔ حرّان (Hurran) کا سہ[۳] لسانی کتبہ۔ یہ یونانی۔ شامی اور عربی زبانوں میں ہے۔ (۵۶۸ء)

مندرجہ بالا کتبوں اور جدید تحقیقات کے مطابق نبطی خط ہی حجازی عربی خط کی اصل تھا۔ یہ کتبے عربی رسم الخط کا باقاعدہ ایک ارتقاء ظاہر کرتے ہیں۔ بعض مفکرین کا خیال ہے۔ مثلاً (J. Sourdel)، (Thomine) اور (J. Starkey) کے مطابق زباد اور حرّان کے کتبوں کا رسم الخط مکمل طور پر سریانی رسم الخط سے اخذ ہے لیکن زیادہ تر لوگوں کی رائے کے مطابق نبطی خط سے اخذ ہے اور نبطی خط ہی حجازی عربی خط کی اصل ہے۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام سے پہلے کی دو صدیوں کے درمیان یہ خط حجاز میں اپنی اسی صورت میں نمودار ہوا۔ جہاں سے اس کی تاریخ کا اسلامی دور شروع ہوتا ہے۔ اسلام کے ساتھ ہی یہ خط جب حجاز سے دوسرے شہروں اور علاقوں میں منتقل ہوا تو ابتداء میں اسے حجازی (Hijazi)، مکی (Mecci) یا مدنی (Madni) ہی کہا جاتا تھا اور بعض اسے حیری (Hiri)، حمیری (Himyari) اور انباری (Anbaari) کے نام سے بھی پکارتے تھے۔

حجاز میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہی وہ پہلی ہستی ہیں۔ جنہوں نے ہجرت کے بعد فن تحریر کو عام فرمایا۔ شروع میں جب قرآن کریم نازل ہونا شروع ہوا تو کتابت وحی کے لیے کاتبوں کی ضرورت ہوئی اور اسلام کے پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ قرآن پاک کے لیے علم الخط کو عام کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ آپؐ نے اس کمی کو محسوس کیا اور اس کی ترویج و اشاعت پر خصوصی توجہ فرمائی۔ اتفاق سے اسی زمانہ میں غزوہ بدر کا واقعہ پیش آیا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے ستر (۷۰) پڑھے لکھے قیدیوں کو دس دس مسلمانوں کو پڑھانے اور لکھانے پر مامور کیا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ یکایک مسلمانوں میں ستر کاتبوں کا اضافہ ہو گیا[۱]۔ اس وقت سے تدریجاً مدینہ اور حلقہ بگوش اسلام ہونے والے دوسرے شہروں میں تحریر کا عام رواج ہونے لگا۔ یا یہ کہنا چاہیئے کہ کتابت کا پہلا مدرسہ مدینہ طیبہ میں قائم ہوا۔ ورنہ مکہ معظمہ (قبیلہ قریش) میں بہت کم اشخاص تھے[۲]۔

---

[۱] حکیم محمود علی خان۔ ماہر، علم الحروف یا تحقیقات ماہر۔ دہلی ۱۹۳۴ء ص ۵۱

[۲] حکیم محمود علی خان۔ ماہر، علم الحروف یا تحقیقات ماہر۔ دہلی ۱۹۳۴ء۔ ص ۵۱ کے مطابق مکہ معظمہ (قبیلہ قریش) میں صرف یہ اشخاص

قرینِ قیاس روایت کے مطابق خطِ نبطی[1] (Nabataean Script) سے دو الگ الگ لیکن باہم مماثل خط نکلے۔ حمیر بن سباء یمنی (Hamir Bin Saba Yameni) نے اس کی نوک پلک درست کی۔ اس کا اندازِ تحریر خطِ حمیری (Himy-aritic script) کے نام سے مشہور ہوا۔ حیرہ کے لوگوں نے خطِ نبطی میں چند اضافے کیے، تو یہ خط، خطِ حیری (Hiri Script) کے نام سے موسوم ہوا۔ ایک ہی خط سے نکلنے کی وجہ سے ان میں زیادہ فرق موجود نہ تھا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراسلت بھی اسی خط میں ہوتی تھی۔ (عکس ۲ الف)

عربی زبان کے موجودہ خط کے قدیم ترکتبات جزیرہ نما عرب سے باہر بھی ملتے ہیں۔ جو اسلام کے آغاز سے زیادہ پہلے کے نہیں ہیں۔ ان میں باقاعدہ تسلسل اور ارتقاء ہے[2] (عکس ۱)

۱۔ اُم الجمال (Umm-al Jimal) کا کتبہ جو نبطی رسم الخط میں ہے۔ (۲۵۰ء - ۲۷۱ء)

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۔۔۔) س : ابن ندیم کی مخلد بن نضر بن کنانہ کے ایک شخص کی روایت

س : محمد بن اسحاق کی مکی اور مدنی خط کی روایت وغیرہ وغیرہ

تفصیل کے لیے دیکھیں : ندیم وراق : الفہرست ۔ اُردو ترجمہ : محمد اسحاق بھٹی ۔ لاہور ۱۹۶۹ء مقالہ اوّل

[1] نبطی (Nabataean) : نبط (Nabat.) کے لغوی معنی ہیں گہرائی، چشمہ ۔ زمین سے پانی کے اُبلنے کو بھی نبط کہتے ہیں ۔ یہاں پر نبطی سے مُراد ایک قوم ہے ۔ نبطی باختلاف روایت فیہ اریا نبط بنی اسمٰعیلؑ کی اولاد ہیں ۔ جس کی جمع انباط یا نبطین آتی ہے ۔ دو تین صدی قبل از مسیحؑ نبطیوں کی حکومت نجد سے ساحل بحر احمر ۔ عقبہ اور بادیہ شام تک پھیلی ہوئی تھی ۔ نبطیوں کا سیاسی تعلق یونان اور روم سے بھی تھا ۔ اور مرکزِ حکومت قدیم شہر بطرا (Petra) تھا ۔ بعض مؤرخ نبطیوں کو عراق کا باشندہ سمجھتے ہیں ۔ چونکہ ان کے ہاں پانی کی فراوانی تھی ۔ اس لیے نبطی کہلائی ۔ موجودہ اُردن میں نباطیہ ایک علاقہ کا نام بھی موجود ہے ۔

ملاحظہ ہو محمد بن اسحاق ابن ندیم وراق : الفہرست ۔ اُردو ترجمہ مولانا محمد اسحاق بھٹی ۔ لاہور ۱۹۶۹ء ص ۵۰ ۔

[2] حکیم محمود علی خان ۔ ماہر علم الحروف با تحقیقات ماہر ۔ دہلی ۱۹۳۴ء ص ۳۷ ۔

3. Abdel Kebir Khatibi and Múhammad Sijelmassi, Splendour of Islamic Calligraphy, London, 1976, p. 55 and Dr. Saifur Rahman Dar, The Roots of Muslim Calligraphy, Lahore, 1981, p. 5.

اور تعلق نظر نہیں آتا۔

۳۔ سریانی سے اخذ نتیجہ (Syriac version) : علامہ بلاذری کے مطابق حجازی خط کی اصل یہ ہے[۱]۔ کہ شمالی عرب کے تین باشندوں نے یہ خط سریانی زبان (Syrian Script) سے اخذ کر کے انبار[۲] (Anbaar) اور حیرہ[۳] (Hira) کو اس خط کا مرکز بنایا۔ یہاں اس زمانہ میں اور خطوں کے علاوہ زیادہ تر خط سطرنجیلی رائج تھا۔ جو کہ سریانی کی ہی ایک قسم ہے اس رسم الخط میں سریانی (Syrians) اپنی مذہبی کتابیں لکھتے تھے اور خط نبطی (Nabataean Script) میں عام مراسلت کرتے تھے۔ کوفیوں نے خط سطرنجیلی سے ایک نیا خط وضع کیا۔ جو کوفہ میں عام ہوا۔ رفتہ رفتہ یہ خط مکہ، مدینہ اور طائف میں پہنچا اور خطِ کوفی کے نام سے مشہور ہوا[۴]

ان نظریات کے علاوہ بہت سی ایسی روایات بھی چلی آ رہی ہیں جن کو تاریخی نقطہ نظر اور آثاری شواہد سے ثابت کرنا بہت مشکل ہے۔ اس لیے ان کے تفصیلی ذکر سے گریز کیا جاتا ہے[۵]

---

۱ البلاذری : فتوح البلدان : قاہرہ، ۱۹۰۱ء۔ ص ۴۷۹

۲ انبار (Anbaar) بغداد سے بجانب مغرب دس فرسنگ کے فاصلہ پر دریائے فرات کے کنارے ایک شہر تھا۔ قدیم اہلِ فارس اسے فیروز شاہ کے نام سے موسوم کرتے تھے۔ اس شہر کا بانی اوّل شاہ پور بن ہرمز ذوالاکتاف تھا۔ پھر اوّل عباسی خلیفہ ابوالعباس سفاح نے اس کی تجدید کی اور تادمِ مرگ اس شہر میں مقیم رہا۔ ندیم وراق : الفہرست، ص ۴۷

۳ حیرہ (Hira) کوفہ سے تین میل کے فاصلہ پر اس جگہ پر واقع ہے جسے اب نجف کہتے ہیں۔ کسی زمانہ میں خلیج فارس کی شمالی حد اس مقام تک تھی۔ ندیم وراق۔ الفہرست، ص ۴۷

۴ عبدالقیوم : تدریس نسخ، لاہور، ۱۹۶۷ء، صفحات ۲-۳

۵ ا : ان روایات میں یمن کے تین قبائل حمیر۔ معین اور سباء کی روایت۔

ب : ابن عباس کی قبیلہ بولان کے تین اشخاص کی روایت۔

ج : محمد بن اسحاق کی عرب عاربہ۔ حمیر۔ طسم۔ جدیس۔ ارم اور حویل قبائل کی روایت۔

د : ملحول کی نفیس۔ نظر۔ یتما اور دومہ قبائل کی روایت۔

فنِ اسلامی خطاطی کی بنیاد خطِ عربی پر ہے اور خطِ عربی کی ابتداء سرزمینِ حجاز، یمن اور مشرقِ وسطیٰ میں ہوئی۔ اس خط کی ابتداء اور ابتدائی نشو و نما کے متعلق ابھی تک حرفِ آخر نہیں لکھا گیا۔ کیونکہ اس کی ابتدائی تاریخ ماضی کے دھندلکوں میں گم ہے۔ معتقدین اس زبان اور خط کو تحفۂ خداوندی کہہ کر اس کی تخلیق کے ڈانڈے تخلیقِ آدمؑ سے ملاتے ہیں اور محققین اسے دُنیا کا ایک نوعمر رسم الخط قرار دیتے ہیں۔ اس موضوع پر کچھ لٹریچر موجود ہے[1]۔ ہم یہاں صرف اجمالاً اسکا ذکر کرینگے۔

قبل از اسلام حجازی عربی خط کی اصل کے بارے میں مؤرخین نے مندرجہ ذیل نظریات پیش کیے ہیں۔

۱۔ **نظریہ توصیف** : اس نظریہ کی رُو سے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام زبانوں کی کتابت سکھائی اور انہوں نے مختلف زبانوں کے ابجد الگ الگ تختیوں پر لکھ کر اپنی اولاد کے لیے رکھ لیے۔ طوفانِ نوحؑ میں کئی ایک تختیاں گم ہوگئیں۔ جن میں عربی خط کی تختی بھی تھی۔ حضرت اسمٰعیلؑ نے وحی الٰہی کے اشارے پر یہ گم شدہ تختی دریافت کی۔ اس طرح عربی خط اور کتابت کا آغاز ہوا۔ یہی خط قبل از اسلام عرب میں رائج تھا[2]۔

۲۔ **جنوبی یا حمیری نظریہ** (Himyaritic version) : اس کی رُو سے حجازی خط قدیم حمیری (Himyarite) خط یا "خطِ مُسند" (Musnad) سے نکلا ہے۔ جو جنوبی عرب بالخصوص یمن کا قدیم ترین خط تھا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ خط اہلِ یمن نے ایرانیوں سے سیکھا تھا۔ ممکن ہے یہ خط یمن سے براہ راست حجاز میں پہنچا ہو۔ یا سباء (Saba) اور حمیر (Hamir) کے عہد میں یہ خط یمن سے حیرہ کے نواحی علاقوں میں پہنچا ہو اور وہاں سے پھر حجاز میں آیا ہو[3]۔

لیکن یہ بھی کہا جاتا ہے کہ زمانہ قبل از اسلام کے حجازی خط اور قدیم حمیری یا مُسند خط کے نمونوں میں کوئی مناسبت

---

[1] خطِ عربی کی ابتدائی تاریخ پر درج ذیل "مقالوں" میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

(a) M. Ziauddin, Muslim Calligraphy, Calcutta, November, 1936

(b) Dr. Saifur Rahman Dar, The Roots of Muslim Calligraphy, Lahore, 1981

(c) طارق مسعود : اسلامی خطاطی - مسافتیں و منزلیں - لاہور ۱۹۸۱ء

[2] ندیم وراق : الفہرست : اردو ترجمہ، محمد اسحاق بھٹی : لاہور جون ۱۹۶۹ء ص ۱۰

[3] ندیم وراق : الفہرست : ص ۱۲

درجہ دیا اور اب تک دیتے ہوئے ہیں۔ یہ واقع تو ایک تاریخی حقیقت ہے کہ رسُول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر ماہ (رمضان ۲ ہجری۔ فروری ۶۲۴ء) کے ستر (۷۰) پڑھے لکھے قیدیوں پر رہائی کی یہ شرط عائد کی کہ ہر قیدی دس دس مسلمان بچّوں کو پڑھنا اور لکھنا سکھائے۔ اس طرح نہایت قلیل مدت میں سات سو (۷۰۰) سے زائد مسلمان فنِ کتابت سے واقف ہو گئے۔ حضرت زید بن ثابتؓ نے اسی طرح لکھنا سیکھا تھا[1]

فن اسلامی خطاطی صرف مسلمانوں کی رُوحانی تسکین ہی کا باعث نہیں بنا بلکہ اُن کے ذوقِ جمال کے اظہار کا ایک ذریعہ بھی ثابت ہُوا۔ اسلامی احکامات۔ دِلی جذبات اور جمالیاتی ذوق کو ظاہری شکل و صُورت دینے کے لیے مسلمانوں نے فنِ خطاطی میں ایسے بے شمار کامیاب تجربے کیے کہ آج یہ فن مُسلمانوں کے جمالیاتی ذوق کی علامت نظر آتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ سے باہر جہاں کہیں بھی مُسلمان گئے اپنا فنِ خطاطی ساتھ لے کر گئے اور پھر وہاں کے ماحول، حالات اور ضروریات کے ساتھ اس کو اس طرح ہم آہنگ کیا کہ نہ تو اس فن کے اسلامی تشخص کو کوئی زد پہنچی اور نہ مقامی ضروریات ہی کو قربان کرنا پڑا۔ دُنیا بھر کے رسم الخطوں میں صرف اسلامی خط ہی ایسا فن ہے جسے جلیل القدر شہنشاہوں نے اپنی روحانی تسکین اور جمالیاتی ذوق کی خود آگاہی کے لیے سیکھا اور ماہرینِ فن کی اپنے امراء و وزراء سے زیادہ قدر کی۔ دُنیا کے کسی اور رسم الخط کو یہ مقام کبھی بھی حاصل نہیں ہُوا۔

فن اسلامی خطاطی کو اِس مقام تک پہنچانے میں مسلمانوں کی چودہ سو (۱۴۰۰) سال کی سعی اور جُہدِ مسلسل شامل ہے۔ اِس فن کو جاودانی حُسن عطا کرنے میں خطاطوں کا خونِ جگر ہی نہیں فنِ کتابت کا تقدس اور اس فن کے ساتھ ساتھ مُسلمانوں کی عقیدت کے عناصر بھی شامل ہیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۔) ق : اَلْخَطُّ خَیْطُ الْحِکْمَۃِ یَنْظِمُ فِیْہِ مَنْثُوْرَھَا وَیَفْصِلُ فِیْہِ شَذُوْرَھَا

ترجمہ : خط حکمت کا دھاگہ ہے جس میں حکمت کے بکھرے ہوئے موتی گوندھے جاتے ہیں اور اس کے زرّیں دانے ممتاز رہتے ہیں۔ (قول منسوب بہ جعفر برمکیؒ)

ل : خط از جملہ ہنرہا بے نظیر است ترجمہ : خط ہر پہلو سے بے نظیر ہے۔ (قول شاعر)

[1] مُسند احمد بن حنبلؒ۔ جلد ۱، صفحہ ۲۴۶

سمجھا گیا اور یہ شہرہ آفاق اسلامی مقولہ اُطلبُوا العِلمَ وَلَوکَانَ بِالصِّینِ (علم حاصل کرو خواہ اس کے لیے چین جانا پڑے) معرضِ وجود میں آیا۔

اسلامی لٹریچر ایسی احادیث اور اکابرین کے ایسے اقوال زرّین سے بھرا پڑا ہے جن میں مسلمانوں پر قلم کا تقدّس اور انسانی تہذیب کی ترقی میں اس کی اہمیّت کھل کر واضح کر دی گئی ہے۔ مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یہ قول منسوب کیا جاتا ہے۔ کہ

مَن کَتَبَ بِحُسنِ الخَطِّ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ فَدَخَلَ الجَنَّۃَ

(ترجمہ) جس کسی نے بھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم خوش خطی سے لکھا، جنّت میں داخل ہوگا

یا پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے منسوب شدہ یہ مقولہ

عَلِّمُوا اَولَادَکُمُ الکِتَابَۃَ فَاِنَّ الکِتَابَۃَ ھِمَمُ المُلُوکِ وَالسَّلَاطِینَ عَلَیکُم

(ترجمہ) اپنی اولاد کو لکھنا سکھاؤ کیونکہ لکھنے والے لوگ ہی بادشاہ اور حاکم ہوں گے۔

ان اقوال اور اس طرح کے بے شمار دیگر اقوال[1] کی کوئی تاریخی حیثیت ہو یا نہ ہو، مسلمانوں کے اندر ان اقوال اور محاورات کا مروّج ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ مسلمانوں نے شروع ہی سے علم الکتابت یا خطاطی کو ایک مقدّس فن کا

---

[1] مثلاً ا: اَلخَطُّ نِصفُ العِلمِ ترجمہ: خط نصف علم ہے۔

ب: اَلخَطُّ رِیَاضُ العِلمِ " خط علم کا گلشن ہے۔

ج: اَلقَلَمُ سَفِیرُ العَقلِ " خط عقل کا سفیر ہے۔

د: اَلخَطُّ حِلیَۃُ الکَاتِبِ " خط کاتب کی پہچان ہے۔

ر: اَلخَطُّ جَمِیلٌ حِلیَۃُ الکَاتِبِ " خوبصورت خط کاتب کا عکس ہے۔ (قول منسوب بہ حضرت علیؓ)

س: حُسنُ الخَطِّ لِلفَقِیرِ مَالٌ وَّلِلاَمِیرِ جَمَالٌ وَالغِنٰی کَمَالٌ

ترجمہ: خوبصورت خط فقیر کے لیے مال، امیر کیلئے خوبصورتی اور غنی کے لیے کمال کی مانند ہے۔ (قول منسوب بہ حضرت علیؓ)

ص: عَلَیکُم بِحُسنِ الخَطِّ فَاِنَّہٗ مِن مَفَاتِیحِ الرِّزقِ ترجمہ: حُسن خط اختیار کرو کیونکہ یہ رزق کی کنجی ہے۔

اِبتداء و اِرتقاء

اِنسانی ترقی کا تمام تر دارومدار "عِلم" پر ہے۔ اور "عِلم" بغیر "لکھائی" اور "پڑھائی" کے کچھ بھی نہیں۔ اِسلام تمام نوعِ انسانی کی ترقی اور بہبود کا داعی ہے۔ اسلامی تعلیم کی بنیاد بھی پڑھائی (اِقْرَأْ) اور لِکھائی (قَلَم) پر ہے۔ جب قرآن کریم کا نزول شروع ہُوا۔ تو اس کی ابتداء بھی لفظ اِقْرَاْ (پڑھ) سے ہوئی اور ساتھ ہی 'قلم' اور 'عِلم' کے رشتے کو واضح کر دیا کہ عِلم بغیر عِلم الکتابت کے کچھ نہیں۔

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ

(سورہ العلق - ۹۶ : ۳-۴)

(ترجمہ) پڑھ! تمہارا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے عِلم سِکھایا

قرآن کریم میں اِس کے بعد بھی کئی مقام پر عِلم۔ قلم اور کتابت کے مقدّس رشتے کا کئی بار ذِکر مِلتا ہے[1] چنانچہ ارتقائے حیات میں شروع ہی سے تحصیلِ عِلم (جس میں پڑھنا اور لکھنا ہر دو شامل ہیں) کو ایک مقدّس فریضہ

---

[1] مندرجہ بالا سورہ کے علاوہ قرآن حکیم میں مندرجہ ذیل مقامات پر قلم۔ کِتاب اور کتابت کا ذکر بڑے اہتمام کے ساتھ آیا ہے۔

ا : سورہ القلم - ۶۸ : ۱

ب : سورہ الانفطار - ۸۲ : ۱

ج : سورہ المطففین ۸۳ : ۸ و ۹

د : سورہ آل عمران - ۳ : ۴۴

ر : سورہ لقمان - ۳۱ : ۲۷

س : سورہ البروج - ۸۵ : ۲۱ و ۲۲

ص : سورہ بنی اسرائیل - ۱۷ : ۱۷

اسلامی خطّاطی



ح

آرٹسٹوں کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا اور اہم مقام دیا۔ اس نمائش کی جملہ کامیابی اور اس کتاب کی تکمیل آپ کی ذاتی دلچسپی، فن سے لگاؤ اور مخلصانہ مشوروں کی مرہونِ منت ہے۔ میں ان کا احسان مند ہوں کہ اس مشکل کام کے لیے انہوں نے میرا انتخاب کیا۔ ان کی راہنمائی اور حوصلہ افزائی اس کتاب کی تکمیل کے تمام مراحل میں مجھے حاصل رہی ہے۔

ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار ڈائریکٹر عجائب گھر کا بھی بیحد ممنون ہوں۔ جو قدم قدم پر اس کتاب کی تکمیل میں میرے ساتھ رہے، اپنے قیمتی وقت کو اس کے لیے وقف کیا۔ مسودے کو بار بار پڑھنے کی تکلیف گوارا کی اور صحیح خطوط پر استوار کرنے میں مدد فرمائی۔ یہ انہی کی کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ اتنے قلیل عرصے میں یہ کتاب قارئین کو پیش کر سکا ہوں۔

ادارہ کے جملہ افسران ساتھیوں محترمہ طاہرہ اعظم بیگ، نصرت علی، زرینہ خورشید، حمیرا عالم، سلمیٰ جعفری، محترم انجم رحمانی، شہباز خان، وسیم احمد، محمد اصغر اور صلاح الدین کا بے حد شکر گزار ہوں۔ جنہوں نے نمائش کو خوبصورت اور کتاب کو بہتر طور پر پیش کرنے میں بھرپور تعاون کیا اور میری شبانہ روز کی محنت میں برابر کے شریک رہے۔

یہاں میں اپنے ان ساتھیوں اور معاونین کا جو ادارہ کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں خصوصاً محمد انور، محمد صادق، خوشی محمد، محمد یونس، محمد اقبال بٹ، اللہ دتہ ساجد، امتیاز علی اور طلعت نعیم بٹ کا بیحد ممنون ہوں جنہوں نے اپنے روایتی جذبے کا اظہار کرتے ہوئے مؤثر کردار ادا کیا اور ہر ممکن مدد فرمائی۔ محمد اقبال بھٹہ (کیلی گرافسٹ) کا بھی مشکور ہوں۔ جو ہر لمحہ میرے ساتھ رہے اور کتاب کی تکمیل میں ہاتھ بٹاتے رہے۔ اس کتاب میں شامل تمام تصاویر میرے محترم دوست اور ساتھی صلاح الدین اور اُن کے کیمرہ مین ایس ایم قیصر کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہیں جس کے لیے میں اُن کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ ان تمام حضرات کے ساتھ ساتھ میں محترم محمد امین خان کاشمیری خوشنویس کو بھی نہیں بھول سکتا جنہوں نے اس کتاب کی کتابت کے سلسلے میں مجھے ہر قسم کی بھاگ دوڑ کی پریشانیوں سے دور رکھا اور کتاب کو ایک یادگار حیثیت سے پیش کرنے میں ہر ممکن تعاون کیا۔

آخر میں میں جناب احسان صاحب مالک "نیو فائن پرنٹنگ پریس" اور اُن کے عملے کا بے حد ممنون ہوں جنہوں نے اس کتاب کی چھپوائی میں ذاتی دلچسپی لی اور ہر ممکن حد تک ہماری خواہشات اور مطالبات کو پورا کرتے رہے۔ اس کتاب کا اتنے مختصر عرصہ میں چھپ جانا اور اُس کے حُسن کو برقرار رکھنے کا تمام تر سہرا احسان صاحب کے سر ہے۔

طارق مسعود

☆

لاہور عجائب گھر
۲۰ جون ۱۹۸۱ء

اظہارِ تشکر

وفاقی حکومت کے پندرہویں صدی ہجری کے آغاز کو شایانِ شان منانے کے پروگرام میں اسلامی فنِ خطاطی کی نمائش ایک اہم حصّہ تھی۔ جس کے انعقاد کی ذمہ داری عجائب گھر کو سونپی گئی۔ مقامِ شکر ہے کہ عجائب گھر لاہور کے مٹھی بھر افسران اور فنی عملے نے اپنی روائتی لگن اور بے لوث محنت سے جناب بی اے قریشی چیئرمین کی ولولہ خیز قیادت اور جناب سیف الرحمٰن ڈار ڈائریکٹر عجائب گھر کی فنی مہارت اور تجربے سے اس نمائش کو کامیاب و کامران بنایا اور ہر خاص و عام سے داد پائی۔ اس نمائش کا افتتاح میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد حامد وفاقی وزیر ثقافت و سیاحت نے مورخہ ۴ر فروری ۱۹۸۱ء کو عجائب گھر لاہور میں فرمایا۔ عجائب گھر میں یہ نمائش ۲۵ر فروری تک جاری رہی اور ہزاروں لوگوں نے اسے دیکھا اور سراہا۔ بعد میں دو دفعہ اسلام آباد میں بھی اس کا اہتمام کیا گیا۔ گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل غلام جیلانی خان نے اس نمائش کے مندرجات کو بے حد سراہا اور اُنہی کے ایماء پر اس قومی ورثہ کو کتابی صورت میں محفوظ کیا گیا۔

مَیں ان تمام فنکار حضرات کا فرداً فرداً شکر گزار ہوں جنہوں نے اس نمائش کو کامیاب بنانے میں اپنے فن پاروں اور مفید مشوروں سے میری مدد فرمائی۔ خصوصاً میں جناب انور حسین نفیس رقم اور حافظ محمد یوسف سدیدی صاحب کا بے حد ممنون ہوں۔ جنہوں نے نہ صرف اپنے چند نادر نمونے ہمیں عطا کئے بلکہ اس کتاب کی تکمیل میں قدم قدم پر میری راہنمائی فرمائی۔ پنجاب پبلک لائبریری کے لائبریرین جناب ریاض احمد کا بھی مشکور ہوں کہ اُنہوں نے لائبریری کے ذخیرہ سے نمائش کے لیے چند نادر مخطوطات ہمیں عاریتاً دیئے۔ ایسے موقع پر میں جناب سیّد اکرام الحق صدر ایوان خطّاطانِ پاکستان اور شیخ شمس الحق کا شکریہ ادا نہ کرنا اپنے فرض میں کوتاہی سمجھوں گا۔ جنہوں نے اپنے روائتی جذبے کا اظہار کرتے ہوئے بھرپور تعاون کیا اور مختلف خطاط حضرات کے فن پارے حاصل کرنے میں ہماری مدد کی۔ محترمہ منزہ عالم لیکچرار گورنمنٹ کالج میانوالی بھی قابلِ تعریف ہیں۔ جنہوں نے اس کتاب کے مسودے کو پڑھنے کی تکلیف گوارا کی اور اسکی زبان کی نوک پلک کو سنوارا۔

جناب بی اے قریشی، چیئرمین عجائب گھر نے جو دیگر فنون کے ساتھ ساتھ خطاطی سے بھی گہرا لگاؤ رکھتے ہیں۔ ہمیشہ خطّاطوں اور

نمائش میں حصّہ لینے والے دس خطّاط و آرٹسٹوں کو اُن کے اس نمائش میں رکھے گئے نمونوں پر صدرِ پاکستان نے قومی انعامات سے نوازا۔ گورنر پنجاب نے بھی ایک فن کار کو اس کے تیار کردہ سرامکس کے اعلیٰ نمونوں پر خصوصی انعام عطا کیا۔ موجودہ کتاب بھی محض لیفٹیننٹ جنرل غلام جیلانی خان گورنر پنجاب کی ذاتی دلچسپی اور فن پروری کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے نہ صرف اِن شہ پاروں کو ایک کتابی صُورت میں محفوظ کر لینے پر زور دیا بلکہ اس سلسلے میں حکومتِ پنجاب کی طرف سے مالی معاونت کا بھی انتظام کیا۔ لاہور عجائب گھر ان کی اس ذاتی دلچسپی، فن پروری اور مالی معاونت کا بے حد مشکور ہے۔

اس نمائش کو خوب صُورت اور کامیاب بنانے میں لاہور عجائب گھر کے ڈائرکٹر ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار اور ان کے تمام عملے نے دِن رات کی محنت شاقہ سے کام کیا۔ خلوص، محنت، لگن اور مِل جُل کر کام کرنے (ٹیم ورک) کی عجائب گھر کے عملے نے قابلِ تقلید مثال قائم کی جو میرے لیے باعثِ فخر ہے۔ مَیں ان سب کو ایک ایسے قابلِ فخر کارنامے اور اس خوبصُورت کتاب پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

پچھلے چند سالوں میں لاہور عجائب گھر علمی، تحقیقی اور تکنیکی سطح پر فعال قومی سرگرمیوں اور عجائب گھر کے اعلیٰ معیار کی وجہ سے ایک فعال قومی ادارے کے طور پر اپنے وجود کو منوانے میں کامیاب رہا ہے۔ بہت سی "پاکستان میں پہلی گیلریاں" قائم کر کے اس نے اپنے آپ کو مُسلّمہ طور پر پاکستان کا بہترین اور سب سے بڑا عجائب گھر تسلیم کروایا ہے۔ مَیں بڑے فخر سے اعلان کرتا ہوں کہ بہت جلد ہم ان اعزازات میں ایک اعزاز کا اضافہ کریں گے۔ یعنی "اسلامی خطاطی کی گیلری کا قیام"۔ اس گیلری پر پہلے سے کام شروع ہو چکا ہے اور جلد ہی ہم قوم کو فنِ خطّاطی پر ایک پہلی اور مستقل گیلری پیش کریں گے۔

بی اے قریشی
چیئرمین عجائب گھر، لاہور
و
صدر میوزیم ایسوسی ایشن آف پاکستان

○

پیش لفظ

اسلامی خطّاطی کو اس کی تقدیس کی بنا پر تمام فنونِ لطیفہ میں اوّلیت و سبقت حاصل ہے۔ یہ تقدیس و تقدیم اسے کلام اللہ نے عطا کی۔ قرآنِ کریم نے علم اور قلم کا ذکر ایک ہی جگہ کر کے اِس فن کی تقدیس کی بنیاد رکھی، یہی وجہ ہے کہ اسلامی تاریخ کے ہر دور میں اور دُنیا کے ہر خطّہ کے مُسلمانوں نے فنِ خطّاطی کی خدمت کو عین عبادت سمجھا اور تمام عالم میں یکساں صُورت اختیار کی۔ یہ کبھی بھی جامد فن نہیں رہا۔ اِس میں ہمیشہ تجربات ہوتے، نئی نئی دریافتیں ہوئیں۔ فن کار کے ہاتھوں ارتقاء پذیر بھی رہا اور وسعتِ فن کی گنجائش بھی فراہم کرتا رہا۔ آغازِ اِسلام سے ہی مختلف النوع انداز میں خطّاطی کا کام جاری و ساری ہے اور ارتقائی منازل و مراحل طے کرتا ہُوا یہ فن موجودہ مصوّرانہ خطّاطی کی شکل تک پہنچ چُکا ہے۔

سرزمینِ پاکستان میں فنِ خطاطی کی تاریخ تقریباً تیرہ سَو (۱۳۰۰) سال پُرانی ہے۔ بھنبھور، منصُورہ اور ٹوچی وادی سے ملنے والے حجری کتبے اس بات کے قوی شاہد ہیں کہ اسلام کے شروع زمانہ یعنی آٹھویں صدی عیسوی میں اسلامی خطّاطی اس علاقے میں رواج پا چکی تھی۔ خطّاطی کے میدان میں یہاں بڑے بڑے اساتذۂ فن پیدا ہوئے، جنہوں نے اس کے حُسن کو نکھارا اور اضافے کیے۔ حکمرانوں خصوصاً مغلوں نے تہ دِل سے اس تہذیبی ورثے کی آبیاری کی۔ شاہی سرپرستی اور خطّاطوں کی خصُوصی دلچسپی کے باعث یہ فن لازوال بن گیا۔

اِسلامی فن خطاطی کی اہمیّت اور تقدیس کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی ترویج و ترقی کے لیے لاہور عجائب گھر ایک عرصہ سے کام کر رہا ہے اِس سلسلے میں اسلامی خطاطی کی کئی نمائشیں منعقد کر کے اہلِ فن اور اہلِ علم سے داد وصول کر چکا ہے۔ اسلامی خطّاطی کا ایک سیکشن عجائب گھر میں موجود ہے جس کو گیلری کا مستقل درجہ دیا جا رہا ہے۔

استقبال پندرھویں صدی ہجری کی تقریبات کے سلسلہ میں اسلامی خطّاطی کی نمائش کے انعقاد کی ذمہ داری وفاقی حکومت نے عجائب گھر لاہور کو سونپی۔ ہمارے لیے یہ ایک اعزاز بھی تھا اور آزمائش بھی۔ مقامِ شُکر ہے کہ ہم نے اپنے محدود مالی وسائل کے باوجود قوم کی اُمنگوں اور ملک کے وقار کے عین مطابق اس نمائش کا کا اہتمام کیا۔ پہلی بار اسلامی خطّاطی کی نمائش میں ایک سَو دو (۱۰۲) خطّاط و فن کاروں نے حصّہ لیا اور دو سَو پچاس (۲۵۰) شہ پارے ہمیں عاریتہً دیئے۔ اس کو دُوبارہ اسلام آباد میں دِکھایا گیا اور اِس

۶۔ نمائش میں حصّہ لینے والے خطّاط، مصوّر خطّاط اور دستکاروں کا مختصر تعارف

(ا) خطّاط و مصوّر خطّاط ۹۳ — ۱۰۲

(ب) دستکار ۱۰۳ — ۱۰۴

۷۔ فہرست خطّاطی

(ا) روایتی خطّاطی ۱۰۷ — ۱۲۳

(ب) مصوّرانہ خطّاطی ۱۲۴ — ۱۲۹

(ج) متفرق ۱۳۰ — ۱۳۲

۸۔ کتابیات (اُردو اور انگریزی) ۱۳۳ — ۱۳۷

۹۔ نمونہ جات ع ۱ — ع ۱۰۲

فہرست مندرجات

۱- پیش لفظ ۵ — و

۲- اظہارِ تشکر ز — ح

۳- اِسلامی خطّاطی

(ا) ابتداء و ارتقاء ۱ — ۲۲

۴- پاک و ہند میں خطِ اِسلامی

(ا) سرگذشت خطِ کوفی و نسخ ۲۵ — ۳۹

(ب) خطِ نستعلیق کا اجراء و ارتقاء ۴۰ — ۵۹

(ج) خطاطی کی نشاۃِ ثانیہ ۶۰ — ۷۱

(د) مصوّرانہ خطّاطی ۷۲ — ۷۷

۵- نمائش فنِ اِسلامی خطّاطی بسلسلہ تقریبات پندرہویں صدی ہجری

(ا) خُطبۂ استقبالیہ ۸۱ — ۸۶

(ب) خُطبۂ صدارت ۸۷ — ۹۰

جملہ حقوق محفوظ ہیں

744.43
MAS
A=5121

نام کتاب ——— مُرقّع خط
مُصنف ——— طارق مسعود
پبلشرز ——— لاہور عجائب گھر
سرورق ڈیزائن ——— محمود حسن رُومی
کتابت ——— محمد امین خان کاشمیری
پرنٹرز ——— نیو فائن پرنٹنگ پریس
۷۶ - لٹن روڈ - لاہور
تعداد ——— پانچ سو (۵۰۰)
تاریخ اشاعت ——— جون ۱۹۸۱ء
قیمت ——— ۱۲۵ روپے

○


مرقع خط

سلسلہ انتشاراتِ لاہور عجائب گھر ۲۱

مُرقّعِ خط

طارق مسعود
ریسرچ افیسر

لاہور عجائب گھر
۱۴۰۱ھ / ۱۹۸۱ء